تَعۡلِیۡمُ الۡقُرۡاٰن

اِلَیۡهِ یُرَدُّ (۲۵)

قرآن سیکھنے والوں کیلئے آسان گرامر کے ساتھ

لفظی اور بامحاورہ ترجمہ

چوہدری عبد السّلام

حافظ قاری عطاء اللہ

(مستند) رجسٹرڈ پروف ریڈر پنجاب قرآن بورڈ محکمہ اوقاف

حکومت پنجاب لاہور۔ پاکستان

فون نمبر: 0308-4259187

0324-4858497

حوالہ نمبر: تعلیم القرآن رجسٹریشن نمبر:013

میں نے چوہدری عبدالسّلام کے ترجمہ قرآن کریم (تعلیم القرآن)
کے پارہ نمبر 25 کے قرآنی متن کو حرفاً حرفاً پوری توجہ اور احتیاط
سے پڑھا ہے۔ میں پورے وثوق سے اس کی صحت کی تصدیق کرتا
ہوں کہ اس کے متن میں اعرابی، لفظی اور رسم الخط کی کوئی ایسی
غلطی نہیں جس سے قرآنِ کریم کے عربی متن میں کوئی تبدیلی واقع ہوتی ہو۔

حافظ قاری عطاء اللہ

عرضِ مؤلف

پارہ اِلَیۡهِ یُرَدُّ (۲۵) کا آسان گرامر کے ساتھ لفظی اور بامحاورہ ترجمہ پیش خدمت ہے۔ قرآن پاک کا ترجمہ سیکھنے کیلئے گرامر کا آنا بہت ضروری ہے۔ پہلے پارہ میں گرامر کے صفحات لگائے گئے ہیں۔ اسے پڑھیں یا کسی اور گرامر کی کتاب کا مطالعہ کریں۔

قرآن کے الفاظ کا گرامر کے ساتھ ترجمہ کیا گیا ہے۔ پھر الفاظ کے ترجمہ کو ملا کر بامحاورہ ترجمہ کی شکل دی گئی ہے۔ فعل کے مصادر اور ساتھ فعل ماضی واحد مذکر غائب اور فعل مضارع واحد مذکر غائب کے صیغے دیئے گئے ہیں تاکہ ترجمہ سیکھنے میں آسانی ہو۔

اگر کوئی کوتاہی نظر آئے تو آگاہ کریں تاکہ اصلاح کی جائے۔

پورے قرآن مجید کا اسی انداز میں ترجمہ کرنے کا ارادہ ہے دعا کریں کہ اللہ پاک مجھے ہمت اور صحت عطا فرمائے اور یہ کوشش میری بخشش کا سبب بن جائے۔

چوہدری عبدالسّلام

435 رضا بلاک علامہ اقبال ٹاؤن لاہور

موبائل نمبر: 0322-4655866

اِلَيْهِ يُرَدُّ عِلْمُ السَّاعَةِ ؕ	قیامت کے علم کا حوالہ اسی (اللہ) کی طرف دیا جاتا ہے

اِلَيْهِ(اِلٰی، ہٖ)اِلٰی، حرف جار، کی طرف، ہٖ، مجرور، ضمیر واحد مذکر غائب، اسی، ضمیر کا مرجع، اَللّٰہَ، ہے (اسی (اللہ) کی طرف) یُرَدُّ، فعل مضارع مجہول واحد مذکر غائب رَدَّ یَرُدُّ، مصدر رَدًّا، واپس کرنا، لوٹانا، حوالہ دینا (حوالہ دیا جاتا ہے) عِلْمُ السَّاعَةِ(عِلْمُ، اَلسَّاعَةِ) عِلْمُ، مضاف، علم، اَلسَّاعَةِ، مضاف الیہ، گھڑی کا، وقت کا، قیامت کے (قیامت کے علم)

وَمَا تَخْرُجُ مِنْ ثَمَرٰتٍ مِّنْ اَكْمَامِهَا وَمَا تَحْمِلُ مِنْ اُنْثٰى وَلَا تَضَعُ اِلَّا بِعِلْمِهٖ ؕ	اور پھل اپنے غلافوں سے نہیں نکلتے اور نہ کوئی مادہ حاملہ ہوتی اور نہ وہ بچہ جنتی ہے مگر (یہ سب) اس کے علم میں ہوتا ہے

وَ، حرف عطف (اور) مَا، نافیہ (نہیں) تَخْرُجُ، فعل مضارع واحد مؤنث غائب خَرَجَ یَخْرُجُ، مصدر خُرُوْجًا، نکلنا (وہ نکلتا) مِنْ ثَمَرٰتٍ(مِنْ، ثَمَرٰتٍ)مِنْ، حرف جار، ترجمہ کی ضرورت نہیں، ثَمَرٰتٍ، مجرور (پھل، میوے) واحد، ثَمَرٌ، مِّنْ اَكْمَامِهَا(مِّنْ، اَكْمَامِ، هَا)مِّنْ، حرف جار، سے، اَكْمَامِ، مجرور، مضاف غلافوں، واحد، كُمٌّ، هَا، مضاف الیہ، ضمیر واحد مؤنث غائب، اپنے، ضمیر کا مرجع، ثَمَرٰتٍ، ہے (اپنے غلافوں سے) وَ، حرف عطف (اور) مَا، نافیہ (نہ)۔ تَحْمِلُ، فعل مضارع واحد مؤنث غائب حَمَلَ يَحْمِلُ، مصدر حَمْلًا، اٹھانا، حاملہ ہونا (وہ حاملہ ہوتی) مِنْ اُنْثٰى(مِنْ، اُنْثٰى)مِنْ، حرف جار، زائد برائے عموم، اُنْثٰى، مجرور، کوئی مادہ، عورت، ۔ جمع، اِنَاثًا (کوئی مادہ) وَ، حرف عطف (اور) لَا تَضَعُ، فعل مضارع منفی واحد مؤنث غائب وَضَعَ يَضَعُ، مصدر وَضْعًا، جنم دینا، بچہ جننا (وہ بچہ نہ جنتی ہے) اِلَّا، حرف استثنا (مگر)۔ بِعِلْمِهٖ(بِ، عِلْمِ، ہٖ)بِ، حرف جار بمعنی، فِیْ، میں، عِلْمِ، مجرور، مضاف، علم، ہٖ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر غائب، اس کے (اس کے علم میں)

وَ يَوْمَ يُنَادِيْهِمْ اَيْنَ شُرَكَآءِيْ ۙ قَالُوْٓا اٰذَنّٰكَ ۙ مَا مِنَّا مِنْ شَهِيْدٍ ۚ﴿۴۷﴾	اور جس دن وہ انہیں پکارے گا کہ میرے شریک کہاں ہیں وہ کہیں گے ہم نے تجھ سے عرض کر دیا ہے ہم میں سے کوئی (اس کی) گواہی دینے والا نہیں ہے

وَ، حرف عطف (اور) یَوۡمَ، ظرف زمان (جس دن) یُنَادِیۡهِمۡ (یُنَادِیۡ، هِمۡ) یُنَادِیۡ، فعل مضارع واحد مذکر غائب نَادٰی یُنَادِیۡ، مصدر مُنَادَاةٌ آواز دینا، پکارنا، وہ پکارے گا، هِمۡ، ضمیر جمع مذکر غائب، انہیں (وہ انہیں پکارے گا) اَیۡنَ، استفہامیہ، ظرف مکانی (کہاں)

شُرَکَآءِیۡ (شُرَکَآءِ، یۡ) شُرَکَآءِ، مضاف، شریک، واحد، شَرِیۡكٌ، یۡ، مضاف الیہ، ضمیر واحد متکلم، میرے (میرے شریک) قَالُوۡٓا، فعل ماضی جمع مذکر غائب قَالَ یَقُوۡلُ، مصدر قَوۡلًا، کہنا، ترجمہ بحوالہ قیامت (وہ کہیں گے) اٰذَنّٰكَ (اٰذَنَّا، كَ) اٰذَنَّا، فعل ماضی جمع متکلم اٰذَنَ یُؤۡذِنُ، مصدر اِیۡذَانًا، آگاہ کرنا، عرض کرنا، ہم نے عرض کر دیا ہے، كَ، ضمیر واحد مذکر حاضر، تجھ سے (ہم نے تجھ سے عرض کر دیا ہے) مَا، نافیہ (نہیں) مِنَّا (مِنۡ، نَا) مِنۡ، حرف جار، سے، نَا، مجرور، ضمیر جمع متکلم، ہم (ہم میں سے)

مِنۡ شَهِیۡدٍ (مِنۡ، شَهِیۡدٍ) مِنۡ، حرف جار، زائدہ برائے عموم، شَهِیۡدٍ، مجرور، شَهَادَةٌ، شُهُوۡدٌ، سے اسم فاعل واحد مذکر، بمعنی، شَاهِدٌ (موجود، حاضر، کوئی گواہی دینے والا)

وَ ضَلَّ عَنۡهُمۡ مَّا کَانُوۡا یَدۡعُوۡنَ مِنۡ قَبۡلُ وَ ظَنُّوۡا مَا لَهُمۡ مِّنۡ مَّحِیۡصٍ ﴿۴۸﴾	اور وہ اُن سے غائب ہو جائیں گے جنہیں وہ اس سے پہلے پکارا کرتے تھے اور وہ سمجھ لیں گے کہ اُن کیلئے کوئی جائے پناہ نہیں ہے

وَ، حرف عطف (اور) ضَلَّ، فعل ماضی واحد مذکر غائب ضَلَّ یَضِلُّ، مصدر ضَلَالًا، گمراہ ہونا، گم ہونا، غائب ہونا، ترجمہ بحوالہ قیامت اور ضمیر مستتر کا مرجع، شُرَکَآءِ، ہے (وہ غائب ہو جائیں گے)

عَنۡهُمۡ (عَنۡ، هُمۡ) عَنۡ، حرف جار، سے، هُمۡ، مجرور، ضمیر جمع مذکر غائب، ان (ان سے)

مَّا، موصولہ (جنہیں) کَانُوۡا، فعل ماضی جمع مذکر غائب کَانَ یَکُوۡنُ، مصدر کَوۡنًا، ہونا (وہ تھے)

یَدۡعُوۡنَ، فعل مضارع جمع مذکر غائب دَعَا یَدۡعُوۡ، مصدر دُعَآءٌ، دَعۡوَةٌ، پکارنا، بلانا (وہ پکارا کرتے)

مِنۡ قَبۡلُ (مِنۡ، قَبۡلُ) مِنۡ، حرف جار، سے، قَبۡلُ، مجرور، پہلے، قبل (اس سے پہلے)

وَ، حرف عطف (اور) ظَنُّوۡا، فعل ماضی جمع مذکر غائب ظَنَّ یَظُنُّ، مصدر ظَنًّا، گمان کرنا، سمجھنا، قیاس

کرنا، ترجمہ بحوالہ قیامت (وہ سمجھ لیں گے) مَا، نافیہ (نہیں) لَھُمۡ (لَ، ھُمۡ) لَ، حرف جار، کیلئے، ھُمۡ، مجرور، ضمیر جمع مذکر غائب، اُن (اُن کیلئے) مِّنۡ مَّحِیۡصٍ (مِنۡ، مَحِیۡصٍ) مِنۡ، حرف جار، برائے عموم، مَحِیۡصٍ، مجرور، ظرف مکان (کوئی جائے پناہ، کوئی بھاگنے کی جگہ)

لَا یَسۡـَٔمُ الۡاِنۡسَانُ مِنۡ دُعَآءِ الۡخَیۡرِ	اور انسان بھلائی مانگنے سے نہیں تھکتا

لَا یَسۡـَٔمُ، فعل مضارع منفی واحد مذکر غائب سَئِمَ یَسۡاَمُ، مصدر سَاٰمَۃٌ، مایوس ہونا، ہمت ہارنا، اکتانا، تھکنا (وہ نہیں تھکتا) اَ لۡاِنۡسَانُ، فاعل (انسان) مِنۡ دُعَآءِ الۡخَیۡرِ (مِنۡ، دُعَآءِ، اَ لۡخَیۡرِ) مِنۡ، حرف جار، سے، دُعَآءِ، مجرور، مضاف، مصدر، دعا، بلانا، پکارنا، مانگنا، طلب کرنا، اَلۡخَیۡرِ، مضاف الیہ، بھلائی (بھلائی مانگنے سے)

وَ اِنۡ مَّسَّہُ الشَّرُّ فَیَـُٔوۡسٌ قَنُوۡطٌ ﴿۴۹﴾	اور اگر اسے کوئی تکلیف پہنچ جاتی ہے تو وہ بہت مایوس نہایت ناامید ہوتا ہے

وَ، حرف عطف (اور) اِنۡ، شرطیہ جازمہ (اگر) مَّسَّہُ (مَّسَّ، ہُ) مَّسَّ، فعل ماضی واحد مذکر غائب مَسَّ یَمُسُّ، مصدر مَسًّا، چھونا، پہنچنا، اِنۡ، شرطیہ کی وجہ سے ترجمہ، وہ پہنچ جاتی ہے، ہُ، ضمیر واحد مذکر غائب، اسے (وہ اسے پہنچ جاتی ہے) الشَّرُّ (برائی، تکلیف) فَیَـُٔوۡسٌ (فَ، یَـُٔوۡسٌ) فَ، حرف عطف، تو، یَـُٔوۡسٌ، یَاۡسٌ، مصدر سے صفت مشبہ، بہت مایوس (تو بہت مایوس) قَنُوۡطٌ، قُنُوۡطٌ، مصدر سے مبالغہ کا صیغہ (نہایت ناامید)

وَ لَئِنۡ اَذَقۡنٰہُ رَحۡمَۃً مِّنَّا مِنۡۢ بَعۡدِ ضَرَّآءَ مَسَّتۡہُ لَیَقُوۡلَنَّ ھٰذَا لِیۡ ۙ وَ مَاۤ اَظُنُّ السَّاعَۃَ قَآئِمَۃً ۙ وَّ لَئِنۡ رُّجِعۡتُ اِلٰی رَبِّیۡۤ اِنَّ لِیۡ عِنۡدَہٗ لَلۡحُسۡنٰی ۚ	اور یقیناً اگر ہم اسے تکلیف کے بعد جو اسے پہنچی ہو اپنی طرف سے رحمت کا مزہ چکھائیں (تو) بلاشبہ وہ ضرور کہے گا یہ میرا حق ہے اور میں گمان نہیں کرتا قیامت قائم ہونے والی ہے اور اگر واقعی میں اپنے رب کی طرف لوٹایا گیا یقیناً میرے لئے اس کے پاس ضرور بھلائی ہوگی

وَ، حرف عطف (اور) لَئِنْ (لَ، اِنْ) لَ، لام تاکید، ضرور، یقیناً، اِنْ، شرطیہ جازمہ، اگر (یقیناً اگر)
اَذَقْنٰهُ (اَذَقْنَا، هُ) اَذَقْنَا، فعل ماضی جمع متکلم اَذَاقَ يُذِيْقُ، مصدر اِذَاقَةٌ، مزہ چکھانا، اِنْ، شرطیہ کی وجہ سے
ترجمہ، ہم مزہ چکھائیں، هُ، ضمیر واحد مذکر غائب، اسے (ہم اسے مزہ چکھائیں)
رَحْمَةً، مصدر (رحمت) مِّنَّا (مِنْ، نَا) مِنْ، حرف جار بمعنی اِلٰی، طرف سے، نَا، مجرور، ضمیر جمع
متکلم، اپنی (اپنی طرف سے) مِنْۢ بَعْدِ ضَرَّآءَ (مِنْ، بَعْدِ، ضَرَّآءَ) مِنْ، حرف جار زائدہ، ترجمہ کی
ضرورت نہیں، بَعْدِ، مجرور، مضاف، بعد، ضَرَّآءَ، مضاف الیہ، تکلیف کے (تکلیف کے بعد)
مَسَّتْهُ (مَسَّتْ، هُ) مَسَّتْ، فعل ماضی واحد مؤنث غائب مَسَّ يَمُسُّ، مصدر مَسًّا، چھونا، پہنچنا، وہ پہنچی
ہو، هُ، ضمیر واحد مذکر غائب، اسے (وہ اسے پہنچی ہو) لَيَقُوْلَنَّ (لَ، يَقُوْلَنَّ) لَ، لام تاکید، بلاشبہ، ضرور،
يَقُوْلَنَّ، فعل مضارع واحد مذکر غائب بانون تاکید ثقیلہ قَالَ يَقُوْلُ، مصدر قَوْلًا، کہنا،
وہ ضرور کہے گا (بلاشبہ وہ ضرور کہے گا) هٰذَا، اسم اشارہ واحد مذکر قریب (یہ)
لِيْ (لِ، یْ) لِ، حرف جار، برائے استحقاق، حق، یْ، مجرور، ضمیر واحد متکلم، میرا (میرا حق)
وَ، حرف عطف (اور) مَآ، نافیہ (نہیں) اَظُنُّ، فعل مضارع واحد متکلم ظَنَّ يَظُنُّ، مصدر ظَنًّا، گمان
کرنا (میں گمان کرتا) السَّاعَةَ (گھڑی، قیامت) قَآئِمَةً، قِيَامٌ، مصدر سے اسم فاعل واحد مؤنث (قائم
ہونے والی، کھڑی ہونے والی) وَّ، حرف عطف (اور) لَئِنْ (لَ، اِنْ) لَ، لام تاکید، ضرور، واقعی،
اِنْ، شرطیہ جازمہ، اگر (واقعی اگر) رُجِعْتُ، فعل ماضی مجہول واحد متکلم رَجَعَ يَرْجِعُ، مصدر رَجْعًا
وَّ رُجُوْعًا، لوٹانا، واپس جانا (میں لوٹایا گیا) اِلٰی رَبِّيْٓ (اِلٰی، رَبِّ، یْ) اِلٰی، حرف جار، کی طرف،
رَبِّ، مجرور، مضاف، رب، پروردگار، یْ، مضاف الیہ، ضمیر واحد متکلم، اپنے (اپنے رب کی طرف)
اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل (یقیناً) لِيْ (لِ، یْ) لِ، حرف جار، لئے، یْ، مجرور، ضمیر واحد متکلم، میرے (میرے
لئے) عِنْدَهٗ (عِنْدَ، هٗ) عِنْدَ، مضاف، ظرف مکان، پاس، نزدیک، هٗ، مضاف الیہ، ضمیر واحد متکلم، اس
کے (اس کے پاس) لَلْحُسْنٰى (لَ، اَلْحُسْنٰى) لَ، لام تاکید، ضرور، اَلْحُسْنٰى، حُسْنٌ، مصدر سے افعل

التفضيل کا صیغہ واحد مؤنث، اچھائی، بھلائی (ضرور بھلائی)

فَلَنُنَبِّئَنَّ الَّذِيۡنَ كَفَرُوۡا بِمَا عَمِلُوۡا ۫	پس یقیناً ہم اُن لوگوں کو جنہوں نے کفر کیا ان سے ضرور آگاہ کریں گے جو اُنہوں نے عمل کئے

فَلَنُنَبِّئَنَّ (فَ،لَ،نُنَبِّئَنَّ) فَ، حرف عطف، پس، لَ، لام تاکید، یقیناً، نُنَبِّئَنَّ، فعل مضارع جمع متکلم بانون تاکید ثقیلہ نَبَّاَ يُنَبِّئُ، مصدر تَنۡبِئَةٌ، خبر دینا، آگاہ کرنا، ہم ضرور آگاہ کریں گے (پس یقیناً ہم ضرور آگاہ کریں گے) اَلَّذِيۡنَ، اسم موصول جمع مذکر (ان لوگوں کو جنہوں نے)

كَفَرُوۡا، فعل ماضی جمع مذکر غائب كَفَرَ يَكۡفُرُ، مصدر كُفۡرًا، کفر کرنا (اُنہوں نے کفر کیا)

بِمَا (بِ،مَا) بِ، حرف جار، سے، مَا، موصولہ، جو (اُن سے جو)

عَمِلُوۡا، فعل ماضی جمع مذکر غائب عَمِلَ يَعۡمَلُ، مصدر عَمَلًا، عمل کرنا (اُنہوں نے عمل کئے)

وَلَنُذِيۡقَنَّهُمۡ مِّنۡ عَذَابٍ غَلِيۡظٍ ۝	اور یقیناً ہم انہیں سخت عذاب سے ضرور مزہ چکھائیں گے

وَ، حرف عطف (اور) لَنُذِيۡقَنَّهُمۡ (لَ،نُذِيۡقَنَّ،هُمۡ) لَ، لام تاکید، یقیناً، نُذِيۡقَنَّ، فعل مضارع جمع متکلم بانون تاکید ثقیلہ اَذَاقَ يُذِيۡقُ، مصدر اِذَاقَةٌ، مزہ چکھانا، ہم ضرور مزہ چکھائیں گے، هُمۡ، ضمیر جمع مذکر غائب، اُنہیں (یقیناً ہم اُنہیں ضرور مزہ چکھائیں گے)

مِّنۡ عَذَابٍ غَلِيۡظٍ (مِنۡ،عَذَابٍ،غَلِيۡظٍ) مِنۡ، حرف جار، سے، عَذَابٍ، مجرور، موصوف، عذاب، غَلِيۡظٍ، صفت، غِلۡظَةٌ، مصدر سے صفت مشبہ، سخت، شدید (سخت عذاب سے)

وَ اِذَاۤ اَنۡعَمۡنَا عَلَى الۡاِنۡسَانِ اَعۡرَضَ وَ نَاٰ بِجَانِبِهٖ ۚ	اور جب ہم انسان پر انعام کرتے ہیں وہ منہ موڑ لیتا ہے اور اپنے پہلو کو دور کر لیتا ہے

وَ، حرف عطف (اور) اِذَا، اسم ظرف مستقبل متضمن معنی شرط (جب) اَنۡعَمۡنَا، فعل ماضی جمع متکلم اَنۡعَمَ يُنۡعِمُ، مصدر اِنۡعَامٌ، انعام کرنا، اِذَا، کی وجہ سے ترجمہ (ہم انعام کرتے ہیں)

عَلَى الۡاِنۡسَانِ (عَلٰى،اَلۡاِنۡسَانِ) عَلٰى، حرف جار، پر، اَلۡاِنۡسَانِ، مجرور، انسان (انسان پر)

اَعۡرَضَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب اَعۡرَضَ يُعۡرِضُ، مصدر اِعۡرَاضًا،اعراض کرنا،منہ موڑنا،اِذَا، کی وجہ سے ترجمہ (وہ منہ موڑ لیتا ہے) وَ، حرف عطف (اور)

نَاٰ، فعل ماضی جمع مذکر غائب نَاٰى يَنۡاٰى، مصدر نَاۡىٌ، دور کر لینا،اِذَا، کی وجہ سے ترجمہ (وہ دور کر لیتا ہے)

بِجَانِبِهٖ(بِ، جَانِبِ، ہٖ) بِ، حرف جار، کو، جَانِبِ، مجرور، مضاف، کروٹ، پہلو،ہٖ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر غائب، اپنے (اپنے پہلو کو)

وَاِذَا مَسَّهُ الشَّرُّ فَذُوۡ دُعَآءٍ عَرِيۡضٍ ﴿۵۱﴾	اور جب اُسے مصیبت پہنچتی ہے تو (لمبی) چوڑی دعا کرنے والا ہوتا ہے

وَ، حرف عطف (اور) اِذَا، اسم ظرف مستقبل متضمن معنی شرط (جب) مَسَّهُ (مَسَّ، ہٗ) مَسَّ، فعل ماضی واحد مذکر غائب مَسَّ يَمُسُّ، مصدر مَسًّا، چھونا، پہنچنا،اِذَا، کی وجہ سے ترجمہ، وہ پہنچتی ہے، ہٗ، ضمیر واحد مذکر غائب، اُسے (وہ اُسے پہنچتی ہے) اَلشَّرُّ (بُرائی، تکلیف، مصیبت)

فَذُوۡ دُعَآءٍ عَرِيۡضٍ (فَ، ذُوۡ، دُعَآءٍ، عَرِيۡضٍ) فَ، حرف عطف، تو، ذُوۡ، مضاف، صاحب، والا، دُعَآءٍ، مضاف الیہ، موصوف، اسم مصدر، دعا کرنا، عَرِيۡضٍ، صفت، عَرۡضٌ، مصدر سے صفت مشبہ، چوڑی (تو (لمبی) چوڑی دعا کرنے والا)

قُلۡ اَرَءَيۡتُمۡ اِنۡ كَانَ مِنۡ عِنۡدِ اللّٰهِ ثُمَّ كَفَرۡتُمۡ بِهٖ مَنۡ اَضَلُّ مِمَّنۡ هُوَ فِىۡ شِقَاقٍۢ بَعِيۡدٍ ﴿۵۲﴾	آپ کہہ دیجئے کیا تم نے دیکھا اگر وہ (قرآن) اللہ کی طرف سے ہو پھر تم اس کا انکار کرتے ہو (تو) اس سے زیادہ کون گمراہ ہوگا جو بہت دور کی مخالفت میں (پڑا) ہو

قُلۡ، فعل امر واحد مذکر حاضر قَالَ يَقُوۡلُ، مصدر قَوۡلًا، کہنا (آپ کہہ دیجئے)

اَرَءَيۡتُمۡ (اَ، رَءَيۡتُمۡ) اَ، ہمزہ استفہامیہ، کیا، رَءَيۡتُمۡ، فعل ماضی جمع مذکر حاضر رَاٰى يَرٰى، مصدر رُؤۡيَةٌ، دیکھنا، تم نے دیکھا (کیا تم نے دیکھا) اِنۡ، شرطیہ (اگر) كَانَ، فعل ناقص ماضی واحد مذکر غائب كَانَ يَكُوۡنُ، مصدر كَوۡنًا، ہونا، اِنۡ، شرطیہ کی وجہ سے ترجمہ (وہ ہو)

مِنۡ عِنۡدِ اللّٰهِ(مِنۡ،عِنۡدِ،اَللّٰهِ)مِنۡ، حرف جار، سے، عِنۡدِ، مجرور، مضاف، پاس، طرف، اَللّٰهِ، مضاف الیہ، اللہ کی (اللہ کی طرف سے)

ثُمَّ، حرف عطف (پھر) كَفَرۡتُمۡ، فعل ماضی جمع مذکر حاضر كَفَرَ يَكۡفُرُ، مصدر كُفۡرًا، کفر کرنا، انکار کرنا، اِنۡ، شرطیہ کی وجہ سے ترجمہ (تم انکار کرتے ہو) بِهٖ(بِ،ہٖ)بِ، حرف جار، کا، ہٖ، مجرور، ضمیر واحد مذکر غائب، اس، ضمیر کا مرجع، قُرۡاٰن، ہے (اس کا) مَنۡ، استفہامیہ (کون)

اَضَلُّ، ضَلَالٌ، مصدر سے افعل التفضیل کا صیغہ (زیادہ گمراہ) مِمَّنۡ(مِنۡ، مَنۡ)مِنۡ، حرف جار، سے، مَنۡ، مجرور، اسم موصول، جو (اس سے جو) هُوَ، ضمیر منفصلہ واحد مذکر غائب (وہ)

فِيۡ شِقَاقٍ بَعِيۡدٍ(فِيۡ، شِقَاقٍ، بَعِيۡدٍ)فِيۡ، حرف جار، میں، شِقَاقٍ، مجرور، موصوف، مصدر ہے، ضد، مقابلہ، مخالفت، بَعِيۡدٍ، بُعۡدٌ، مصدر سے صفت مشبہ، بہت دور (بہت دور کی مخالفت)

سَنُرِيۡهِمۡ اٰيٰتِنَا فِى الۡاٰفَاقِ وَ فِيۡۤ اَنۡفُسِهِمۡ حَتّٰى يَتَبَيَّنَ لَهُمۡ اَنَّهُ الۡحَقُّ ؕ	عنقریب ہم انہیں اپنی نشانیاں اطراف عالم میں اور اُن کی ذاتوں میں دکھائیں گے یہاں تک کہ اُن پر ظاہر ہو جائے گا کہ یقیناً وہ (قرآن) حق ہے

سَنُرِيۡهِمۡ (سَ، نُرِیۡ، هِمۡ)سَ، حرف استقبال، عنقریب، بہت جلد، نُرِیۡ، فعل مضارع جمع متکلم اَرٰی يُرِیۡ، مصدر اِرَآءَةٌ، دکھانا، ہم دکھائیں گے، هِمۡ، ضمیر جمع مذکر غائب، انہیں (عنقریب ہم انہیں دکھائیں گے) اٰيٰتِنَا(اٰيٰتِ، نَا)اٰيٰتِ، مضاف، آیات، نشانیاں، واحد، اٰيَةٌ، نَا، مضاف الیہ، ضمیر جمع متکلم، اپنی (اپنی نشانیاں) فِى الۡاٰفَاقِ(فِيۡ، اَلۡاٰفَاقِ)فِيۡ، حرف جار، میں، اَلۡاٰفَاقِ، مجرور، دنیا، اطراف عالم، واحد، اُفُقٌ (اطراف عالم میں) وَ، حرف عطف (اور) فِيۡۤ اَنۡفُسِهِمۡ (فِيۡ، اَنۡفُسِ، هِمۡ)فِيۡ، حرف جار، میں، اَنۡفُسِ، مجرور، مضاف، نفسوں، ذاتوں، هِمۡ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، اُن کی (اُن کی ذاتوں میں) حَتّٰى، حرف جار و غایت (یہاں تک کہ) يَتَبَيَّنَ، فعل مضارع واحد مذکر غائب تَبَيَّنَ يَتَبَيَّنُ، مصدر تَبَيُّنٌ، ظاہر ہونا، واضح ہونا (وہ ظاہر ہو جائے گا) لَهُمۡ (لَ، هُمۡ)لَ، حرف جار بمعنی، عَلٰى، پر، هُمۡ، مجرور،

ضمیر جمع مذکر غائب، اُن (اُن پر) اَ نَّهُ(اَنَّ، هُ)اَنَّ، حرف مشبہ بالفعل، بے شک، یقیناً، هُ، ضمیر واحد مذکر غائب، وہ (یقیناً وہ) اَلْحَقُّ، اسم مصدر (حق، سچ)

اَوَ لَمْ يَكْفِ بِرَبِّكَ اَنَّهٗ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ شَهِيْدٌ ﴿۵۳﴾	اور کیا آپ کا رب کافی نہیں ہے کہ بلاشبہ وہ ہر چیز پر شاہد ہے

اَوَ لَمْ يَكْفِ(اَ،وَ،لَمْ يَكْفِ)اَ، ہمزہ استفہامیہ، تعجب کیلئے، کیا، وَ، حرف عطف، اور، لَمْ يَكْفِ، فعل مضارع منفی جحد بلم واحد مذکر غائب كَفٰى يَكْفِيْ، مصدر كِفَايَةٌ، کافی ہونا، لَمْ، کی وجہ سے ترجمہ، وہ کافی نہیں ہے (اور کیا وہ کافی نہیں ہے) بِرَبِّكَ(بِ،رَبِّ،كَ)بِ، حرف جار، ترجمہ کی ضرورت نہیں، رَبِّ، مجرور، مضاف، رب، كَ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر حاضر، آپ کا (آپ کا رب)

اَنَّهٗ(اَنَّ، هٗ)اَنَّ، حرف مشبہ بالفعل، بے شک، بلاشبہ، هٗ، ضمیر واحد مذکر غائب، وہ، ضمیر کا مرجع، اَللّٰهِ، ہے (کہ بلاشبہ وہ) عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ(عَلٰى، كُلِّ، شَيْءٍ)عَلٰى، حرف جار، پر، كُلِّ، مجرور مضاف، ہر، شَيْءٍ، مضاف الیہ، چیز (ہر چیز پر)

شَهِيْدٌ، شَهَادَةٌ وَّ شُهُوْدًا، مصدر سے اسم فاعل بمعنی، شَاهِدٌ (گواہ، حاضر، شاہد، موجود)

اَلَآ اِنَّهُمْ فِيْ مِرْيَةٍ مِّنْ لِّقَآءِ رَبِّهِمْ ؕ	جان لو یقیناً وہ اپنے رب سے ملنے کے بارے میں شک میں ہیں

اَلَآ، حرف تنبیہ (خبر دار، سن لو، جان لو) اِنَّهُمْ (اِنَّ، هُمْ)اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل، بے شک، یقیناً، هُمْ، ضمیر جمع مذکر غائب، وہ (یقیناً وہ) فِيْ مِرْيَةٍ(فِيْ، مِرْيَةٍ)فِيْ، حرف جار، میں، مِرْيَةٍ، مجرور، اسم مصدر، شک (شک میں) مِّنْ لِّقَآءِ(مِنْ، لِقَآءِ)مِنْ، حرف جار بمعنی، بَاء، کے بارے میں، لِقَآءِ، مجرور، حاصل مصدر، ملاقات، پیشی، ملنے (ملنے کے بارے میں)

رَبِّهِمْ(رَبِّ، هِمْ)رَبِّ، مضاف، رب، هِمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، اپنے (اپنے رب سے)

اَلَآ اِنَّهٗ بِكُلِّ شَيْءٍ مُّحِيْطٌ ﴿۵۴﴾	سن لو یقیناً وہ ہر چیز کا احاطہ کرنے والا ہے

ع ۶

اَلَآ،حرف تنبیہ (سن لو، جان لو، خبردار)اِنَّهٗ(اِنَّ، هٗ)اِنَّ،حرف مشبہ بالفعل، بے شک،یقیناً، هٗ، ضمیر واحد مذکر غائب،وہ، ضمیر کا مرجع۔اَللّٰهِ، ہے (یقیناً وہ) بِكُلِّ شَیۡءٍ (بِ،كُلِّ،شَیۡءٍ)بِ،حرف جار،کا، كُلِّ، مجرور، مضاف،ہر،شَیۡءٍ، مضاف الیہ،چیز (ہر چیز کا) مُحِيۡطٌ ۔اِحَاطَةٌ، مصدر سے اسم فاعل واحد مذکر (احاطہ کرنے والا، گھیرنے والا)

اٰیَاتُهَا:۵۳	سُوۡرَةُ الشُّوۡرٰی مَکِّیَّةٌ	رُکُوۡعَاتُهَا:۵

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ○

اللہ کے نام سے جو نہایت مہربان بہت رحم کرنے والا ہے۔

حٰمٓ ① عٓسٓقٓ ②	حا، میم، عین، سین، قاف، حروف مقطعات ہیں

حا، میم، عین، سین، قاف، حروف مقطعات ہیں، الگ الگ پڑھے جاتے ہیں ان کے حقیقی معنی اللہ اور اس کے رسول جانتے ہیں،

کَذٰلِكَ یُوۡحِیۡۤ اِلَیۡكَ وَ اِلَی الَّذِیۡنَ مِنۡ قَبۡلِكَ ۙ اللّٰهُ الۡعَزِیۡزُ الۡحَکِیۡمُ ③	اللہ بڑا غالب کمال حکمت والا ہے وہ اسی طرح آپ کی طرف اور اُن (رسولوں) کی طرف جو آپ سے پہلے تھے وحی کرتا رہا ہے

کَذٰلِكَ (كَ، ذٰلِكَ) كَ، حرف تشبیہ، طرح، مانند، جیسا، طرح، ذٰلِكَ، اسم اشارہ واحد مذکر بعید، اس، اسی (اسی طرح) یُوۡحِیۡۤ، فعل مضارع واحد مذکر غائب اَوۡحٰی یُوۡحِیۡ، مصدر اِیۡحَآءٌ، وحی کرنا (وہ وحی کرتا رہا ہے) اِلَیۡكَ (اِلٰی، كَ) اِلٰی، حرف جار، کی طرف، كَ، مجرور، ضمیر واحد مذکر حاضر، آپ (آپ کی طرف)

وَ، حرف عطف (اور) اِلَی الَّذِیۡنَ (اِلٰی، اَلَّذِیۡنَ) اِلٰی، حرف جار، کی طرف، اَلَّذِیۡنَ، مجرور، اسم موصول جمع مذکر، وہ جو (ان کی طرف جو) مِنۡ قَبۡلِكَ (مِنۡ، قَبۡلِ، كَ) مِنۡ، حرف جار، سے، قَبۡلِ، مجرور، مضاف، پہلے، قبل، كَ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر حاضر، آپ (آپ سے پہلے)

اَللّٰهُ، فاعل، خالق کائنات کا ذاتی نام (اللہ)

اَلۡعَزِیۡزُ، اللہ کا صفاتی نام، عِزَّةٌ، مصدر سے مبالغہ کا صیغہ (بڑا غالب، بہت زبردست)

اَلۡحَکِیۡمُ، اللہ کا صفاتی نام، حِکۡمَةٌ، مصدر سے صفت مشبہ (کمال حکمت والا)

لَهٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَ مَا فِی الۡاَرۡضِ ؕ	اسی کا ہے جو آسمانوں میں ہے اور جو زمین میں ہے

لَهٗ (لَ، هٗ) لَ، حرف جار برائے ملکیت، کا، هٗ، مجرور، ضمیر واحد مذکر غائب، اسی، ضمیر کا مرجع، اللّٰهُ، ہے (اسی کا) مَا، موصولہ (جو) فِي السَّمٰوٰتِ (فِيۡ، اَلسَّمٰوٰتِ) فِيۡ، حرف جار، میں، اَلسَّمٰوٰتِ، مجرور، آسمانوں، واحد، اَلسَّمَآءُ (آسمانوں میں) وَ، حرف عطف (اور) مَا، موصولہ (جو)

فِي الۡاَرۡضِ (فِيۡ، اَلۡاَرۡضِ) فِيۡ، حرف جار، میں، اَلۡاَرۡضِ، مجرور، زمین (زمین میں)

وَهُوَ الۡعَلِيُّ الۡعَظِيۡمُ ۝	اور وہی بہت بلند، بڑی عظمت والا ہے

وَ، حرف عطف (اور) هُوَ، ضمیر واحد مذکر غائب (وہ، وہی) ضمیر کا مرجع، اَللّٰهُ، ہے،

اَلۡعَلِيُّ، اللہ کا صفاتی نام، عَلَآءٌ، مصدر سے صفت مشبہ (بہت بلند)

اَلۡعَظِيۡمُ، اللہ کا صفاتی نام، عَظۡمَةٌ، مصدر سے صفت مشبہ (بڑی عظمت والا)

تَكَادُ السَّمٰوٰتُ يَتَفَطَّرۡنَ مِنۡ فَوۡقِهِنَّ وَالۡمَلٰٓئِكَةُ يُسَبِّحُوۡنَ بِحَمۡدِ رَبِّهِمۡ وَ يَسۡتَغۡفِرُوۡنَ لِمَنۡ فِي الۡاَرۡضِ ؕ	آسمان قریب ہیں کہ اپنے اوپر سے پھٹ پڑیں اور فرشتے اپنے رب کی حمد کے ساتھ تسبیح کرتے ہیں اور ان لوگوں کیلئے بخشش طلب کرتے ہیں جو زمین میں ہیں

تَكَادُ، فعل مضارع واحد مؤنث غائب كَادَ يَكَادُ، مصدر كَوۡدًا، قریب ہونا (وہ قریب ہے)

اَلسَّمٰوٰتُ، فاعل (آسمانوں) واحد، اَلسَّمَآءُ، يَتَفَطَّرۡنَ، فعل مضارع جمع مؤنث غائب تَفَطَّرَ يَتَفَطَّرُ، مصدر تَفَطُّرٌ، پھٹ پڑنا، ٹکڑے ٹکڑے ہونا (وہ پھٹ پڑیں)

مِنۡ فَوۡقِهِنَّ (مِنۡ، فَوۡقِ، هِنَّ) مِنۡ، حرف جار، سے، فَوۡقِ، مجرور، مضاف، اوپر، هِنَّ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مؤنث غائب، اپنے (اپنے اوپر سے) وَ، حرف عطف (اور)

اَلۡمَلٰٓئِكَةُ (فرشتے) واحد، اَلۡمَلَكُ، يُسَبِّحُوۡنَ، فعل مضارع جمع مذکر غائب سَبَّحَ يُسَبِّحُ، مصدر تَسۡبِيۡحٌ، تسبیح کرنا (وہ تسبیح کرتے ہیں) بِحَمۡدِ (بِ، حَمۡدِ) بِ، حرف جار، کے ساتھ، حَمۡدِ، مجرور، حمد (حمد کے ساتھ) رَبِّهِمۡ (رَبِّ، هِمۡ) رَبِّ، مضاف، رب، هِمۡ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، اپنے (اپنے رب کی) وَ، حرف عطف (اور) يَسۡتَغۡفِرُوۡنَ، فعل مضارع جمع مذکر غائب اِسۡتَغۡفَرَ

يَسۡتَغۡفِرُ، مصدر اِسۡتِغۡفَارٌ، بخشش کی دعا کرنا، بخشش طلب کرنا (وہ بخشش طلب کرتے ہیں)

لِمَنۡ (لِ، مَنۡ) لِ، حرف جار، کیلئے، مَنۡ، مجرور، اسم موصول، جو (اُن لوگوں کیلئے جو)

فِی الۡاَرۡضِ (فِیۡ، اَلۡاَرۡضِ) فِیۡ، حرف جار، میں، اَلۡاَرۡضِ، مجرور، زمین (زمین میں)

اَلَاۤ اِنَّ اللّٰهَ هُوَ الۡغَفُوۡرُ الرَّحِيۡمُ ۝	سن لو یقیناً اللہ ہی بہت بخشنے والا، بہت رحم کرنے والا ہے

اَلَاۤ، حرف تنبیہ (خبردار، سن لو، جان لو) اِنَّ اللّٰهَ (اِنَّ، اَللّٰهَ) اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل، بے شک، یقیناً،

اَللّٰهَ، خالق کائنات کا ذاتی نام، اللہ (یقیناً اللہ)

هُوَ، ضمیر واحد مذکر غائب (وہی) ضمیر کا مرجع، اَللّٰهَ، ہے، اسے تخصیص اور تائید کیلئے لایا گیا ہے،

اَلۡغَفُوۡرُ، اللہ کا صفاتی نام، غُفۡرَانٌ، مصدر سے مبالغہ کا صیغہ (بہت بخشنے والا)

اَلرَّحِيۡمُ، اللہ کا صفاتی نام، رَحۡمَةٌ، مصدر سے مبالغہ کا صیغہ (بہت رحم کرنے والا)

وَ الَّذِيۡنَ اتَّخَذُوۡا مِنۡ دُوۡنِهٖۤ اَوۡلِيَآءَ اللّٰهُ حَفِيۡظٌ عَلَيۡهِمۡ ۖ	اور وہ لوگ جنہوں نے اُس کے سوا کارساز بنا لئے ہیں اللہ اُن پر نگران ہے

وَ، حرف عطف (اور) اَلَّذِيۡنَ، اسم موصول جمع مذکر (وہ لوگ جنہوں نے)

اِتَّخَذُوۡا، فعل ماضی جمع مذکر غائب اِتَّخَذَ يَتَّخِذُ، مصدر اِتِّخَاذٌ، بنانا، پکڑنا (اُنہوں نے بنالیے ہیں)

مِنۡ دُوۡنِهٖۤ (مِنۡ، دُوۡنِ، ہٖ) مِنۡ، حرف جار زائدہ، ترجمہ کی ضرورت نہیں، دُوۡنِ، مجرور، مضاف، سوا، علاوہ،

ہٖ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر غائب، اُس کے (اُس کے سوا) اَوۡلِيَآءَ (دوست، مددگار، کارساز) واحد، وَلِيٌّ،

اَللّٰهُ، فاعل (اللہ) حَفِيۡظٌ، حِفۡظٌ، مصدر سے بمعنی فاعل (نگران، حفاظت کرنے والا)

عَلَيۡهِمۡ (عَلٰی، هِمۡ) عَلٰی، حرف جار، پر، هِمۡ، مجرور، ضمیر جمع مذکر غائب، اُن (اُن پر)

وَمَاۤ اَنۡتَ عَلَيۡهِمۡ بِوَكِيۡلٍ ۝	اور آپ اُن پر ہرگز ذمہ دار نہیں ہیں

وَ، حرف عطف (اور) مَاۤ، نافیہ (نہیں) اَنۡتَ، ضمیر واحد مذکر حاضر (آپ)

عَلَيۡهِمۡ (عَلٰی، هِمۡ) عَلٰی، حرف جار، پر، هِمۡ، مجرور، ضمیر جمع مذکر غائب، اُن (اُن پر)

بِوَكِيۡلٍ(بِ،وَكِيۡلٍ)بِ، حرف جار زائدہ، نفی کی تاکید کیلئے،وَكِيۡلٍ، مجرور،وَكْلٌ، مصدر سے صفت مشبہ، نگران، نگہبان، داروغہ، کارساز، ذمہ دار (ہرگز ذمہ دار)

وَ كَذٰلِكَ اَوۡحَيۡنَاۤ اِلَيۡكَ قُرۡاٰنًا عَرَبِيًّا لِّتُنۡذِرَ اُمَّ الۡقُرٰى وَمَنۡ حَوۡلَهَا وَتُنۡذِرَ يَوۡمَ الۡجَمۡعِ لَا رَيۡبَ فِيۡهِ ؕ	اور اسی طرح ہم نے آپ کی طرف عربی قرآن وحی کیا تاکہ آپ بستیوں کے مرکز (مکہ والوں) کو ڈرائیں اور جو اس کے ارد گرد ہیں اور آپ جمع کرنے کے دن سے ڈرائیں جس میں کوئی شک نہیں ہے

وَ، حرف عطف (اور) كَذٰلِكَ(كَ،ذٰلِكَ)كَ، حرف تشبیہ، مانند، جیسا، طرح،ذٰلِكَ، اسم اشارہ واحد مذکر بعید، اس، اسی (اسی طرح) اَوۡحَيۡنَاۤ، فعل ماضی جمع متکلم اَوۡحٰى يُوۡحِىۡ، مصدر اِيۡحَآءٌ، وحی کرنا (ہم نے وحی کیا) اِلَيۡكَ(اِلٰى،كَ)اِلٰى، حرف جار، کی طرف،كَ، مجرور، ضمیر واحد مذکر حاضر، آپ (آپ کی طرف)

قُرۡاٰنًا عَرَبِيًّا(قُرۡاٰنًا،عَرَبِيًّا)قُرۡاٰنًا، موصوف، قرآن،عَرَبِيًّا، صفت، عربی، جو عرب کی طرف منسوب ہو فصیح اور صاف کلام (عربی قرآن) لِّتُنۡذِرَ(لِ،تُنۡذِرَ)لِ، لام تعلیل ناصبہ، تاکہ،تُنۡذِرَ، فعل مضارع واحد مذکر حاضر اَنۡذَرَ يُنۡذِرُ، مصدر اِنۡذَارٌ، ڈرانا، آپ ڈرائیں (تاکہ آپ ڈارئیں)

اُمَّ الۡقُرٰى(اُمَّ،اَلۡقُرٰى)اُمَّ، مضاف، ماں، کسی شے کہ مرکز کو بھی،اُمّ، کہتے ہیں،

اَلۡقُرٰى، مضاف الیہ، بستیوں کی، واحد،قَرۡيَةٌ(بستیوں کے مرکز) مکہ کو بھی،اُمَّ الۡقُرٰى، کہا جاتا ہے،

وَ، حرف عطف (اور) مَنۡ، اسم موصول (جو) حَوۡلَهَا(حَوۡلَ،هَا)حَوۡلَ، مضاف، ارد گرد،

هَا، مضاف الیہ، ضمیر واحد مؤنث غائب، اس کے (اس کے ارد گرد) وَ، حرف عطف (اور)

تُنۡذِرَ، فعل مضارع واحد مذکر حاضر اَنۡذَرَ يُنۡذِرُ، مصدر اِنۡذَارٌ، ڈرانا (آپ ڈرائیں)

يَوۡمَ الۡجَمۡعِ(يَوۡمَ،اَلۡجَمۡعِ)يَوۡمَ، مضاف، دن،اَلۡجَمۡعِ، مضاف الیہ، مصدر ہے، جمع کرنے کے (جمع کرنے کے دن سے) لَا(نہیں) رَيۡبَ، مصدر، اسم مصدر (شک کرنا، شک)

فِيۡهِ(فِىۡ،هِ)فِىۡ، حرف جار، میں،هِ، مجرور، ضمیر واحد مذکر غائب، اس (اس میں)

(اس دن)ایک گروہ جنت میں ہو گا اور ایک گروہ بھڑکتی ہوئی آگ میں ہو گا	فَرِيۡقٌ فِى الۡجَنَّةِ وَفَرِيۡقٌ فِى السَّعِيۡرِ ۞

فَرِيۡقٌ (ایک گروہ) فِى الۡجَنَّةِ(فِیۡ،اَلۡجَنَّةِ)فِیۡ،حرف جار،میں،اَلۡجَنَّةِ، مجرور،جنت(جنت میں)
وَ،حرف عطف(اور)فَرِيۡقٌ(ایک گروہ) فِى السَّعِيۡرِ(فِیۡ،اَلسَّعِيۡرِ)فِیۡ،حرف جار،میں،
اَلسَّعِيۡرِ،سَعۡرٌ،مصدر سے بمعنی مفعول،بھڑکتی ہوئی آگ (بھڑکتی ہوئی آگ میں)

اور اگر اللہ چاہتا وہ ضرور انہیں ایک امت بنا دیتا اور لیکن جسے وہ چاہتا ہے اپنی رحمت میں داخل کرتا ہے	وَلَوۡ شَآءَ اللّٰهُ لَجَعَلَهُمۡ اُمَّةً وَّاحِدَةً وَّلٰـكِنۡ يُّدۡخِلُ مَنۡ يَّشَآءُ فِىۡ رَحۡمَتِهٖ ؕ

وَ،حرف عطف(اور)لَوۡ،شرطیہ(اگر)شَآءَ،فعل ماضی واحد مذکر غائب شَآءَ يَشَآءُ،مصدر مَشِيۡٓـئَةٌ،چاہنا،لَوۡ،شرطیہ کی وجہ سے ترجمہ (وہ چاہتا)اَللّٰهُ،فاعل(اللہ)
لَجَعَلَهُمۡ (لَ،جَعَلَ،هُمۡ)لَ،لام تاکید،ضرور،جَعَلَ،فعل ماضی واحد مذکر غائب جَعَلَ يَجۡعَلُ،
مصدر جَعۡلًا،بنانا،لَوۡ،شرطیہ کی وجہ سے ترجمہ،وہ بنا دیتا،هُمۡ،ضمیر جمع مذکر غائب،انہیں(وہ انہیں ضرور بنا دیتا)اُمَّةً وَّاحِدَةً(اُمَّةً،وَّاحِدَةً)اُمَّةً،موصوف،امت،گروہ،وَّاحِدَةً،صفت،وَحۡدٌ،وَحۡدَةٌ،مصدر سے اسم فاعل واحد مؤنث،ایک،اکیلی (ایک امت)وَّ،حرف عطف(اور)لٰـكِنۡ،حرف استدراک(لیکن)
يُّدۡخِلُ،فعل مضارع واحد مذکر غائب اَدۡخَلَ يُدۡخِلُ،مصدر اِدۡخَالٌ،داخل کرنا(وہ داخل کرتا ہے)
مَنۡ،اسم موصول(جسے)يَّشَآءُ،فعل مضارع واحد مذکر غائب شَآءَ يَشَآءُ،مصدر مَشِيۡٓـئَةٌ،چاہنا(وہ چاہتا ہے)فِىۡ رَحۡمَتِهٖ(فِیۡ،رَحۡمَتِ،هٖ)فِیۡ،حرف جار،میں،رَحۡمَتِ،مجرور،مضاف،رحمت،
هٖ،مضاف الیہ،ضمیر واحد مذکر غائب،اپنی(اپنی رحمت میں)

اور(جو) ظلم کرنے والے ہیں اُن کیلئے نہ کوئی دوست ہے اور نہ کوئی مددگار	وَالظّٰلِمُوۡنَ مَا لَهُمۡ مِّنۡ وَّلِىٍّ وَّلَا نَصِيۡرٍ ۞

وَ،حرف عطف(اور)اَلظّٰلِمُوۡنَ،ظُلۡمٌ،مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر(ظلم کرنے والے،ظالموں)واحد،

اَلظّٰلِمُ، مَا، نافیہ (نہ) لَهُمۡ (لَ، هُمۡ) لَ، حرف جار، کیلئے، هُمۡ، مجرور، ضمیر جمع مذکر غائب، اُن (اُن کیلئے) مِّنۡ وَّلِیٍّ (مِنۡ، وَلِیٍّ) مِنۡ، حرف جار زائدہ، برائے عموم، وَلِیٍّ، مجرور (کوئی دوست) وَ، حرف عطف (اور) لَا (نہ) نَصِيۡرٍ، نَصۡرٌ، مصدر سے مبالغہ کا صیغہ (کوئی مددگار)

اَمِ اتَّخَذُوۡا مِنۡ دُوۡنِهٖۤ اَوۡلِيَآءَ ۚ	کیا انہوں نے اُس کے سوا کارساز بنالئے ہیں

اَمِ (اَمۡ)، حرف عطف، استفہام کے معنی دیتا ہے (کیا) اِتَّخَذُوۡا، فعل ماضی جمع مذکر غائب اِتَّخَذَ يَتَّخِذُ، مصدر اِتِّخَاذٌ، پکڑنا، بنانا (انہوں نے بنالیے ہیں) مِنۡ دُوۡنِهٖۤ (مِنۡ، دُوۡنِ، ہٖ) مِنۡ، حرف جار، ترجمہ کی ضرورت نہیں، دُوۡنِ، مجرور مضاف، سوا، علاوہ، ہٖ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر غائب، اس کے، ضمیر کا مرجع، اَللّٰهِ، ہے (اس کے سوا) اَوۡلِيَآءَ، واحد، وَلِیٌّ، وَلَايَةٌ، مصدر سے صفت مشبہ (مددگار، کارساز، دوست)

فَاللّٰهُ هُوَ الۡوَلِیُّ وَهُوَ يُحۡیِ الۡمَوۡتٰى ۫	پس اللہ ہی کارساز ہے اور وہی مُردوں کو زندہ کرے گا

فَاللّٰهُ (فَ، اَللّٰهُ) فَ، حرف عطف، جواب شرط، پس، اَللّٰهُ، فاعل، اللہ (پس اللہ)

هُوَ، ضمیر منفصلہ واحد مذکر غائب، تاکید کیلئے (وہی) اَلۡوَلِیُّ، وَلَايَةٌ، مصدر سے صفت مشبہ (کارساز، مددگار)

وَ، حرف عطف (اور) هُوَ، ضمیر منفصلہ واحد مذکر غائب (وہی) يُحۡیِ، فعل مضارع واحد مذکر غائب اَحۡيٰى يُحۡيِىۡ، مصدر اِحۡيَآءٌ، زندہ کرنا (وہ زندہ کرے گا) اَلۡمَوۡتٰى (مُردوں) واحد، اَلۡمَيِّتُ،

وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَیۡءٍ قَدِيۡرٌ ۟	اور وہی ہر چیز پر قادر ہے

ع۲

وَ، حرف عطف (اور) هُوَ، ضمیر منفصلہ واحد مذکر غائب (وہی) عَلٰى كُلِّ شَیۡءٍ

(عَلٰى، كُلِّ، شَیۡءٍ) عَلٰى، حرف جار، پر، كُلِّ، مجرور، مضاف، ہر، شَیۡءٍ، مضاف الیہ، چیز (ہر چیز پر)

قَدِيۡرٌ، قُدۡرَةٌ، مصدر سے صفت مشبہ، حکمت کے مطابق جو چاہے کرے (قدرت والا، قادر)

وَمَا اخۡتَلَفۡتُمۡ فِيۡهِ مِنۡ شَیۡءٍ فَحُكۡمُهٗۤ اِلَى اللّٰهِ ؕ	اور تم جس چیز میں اختلاف کرتے ہو تو اس کا فیصلہ اللہ کی طرف سے ہوگا

وَ، حرف عطف (اور) مَا، شرطیہ (جس) اِخۡتَلَفۡتُمۡ، فعل ماضی جمع مذکر حاضر اِخۡتَلَفَ يَخۡتَلِفُ، مصدر

اِخۡتِلَافٌ،اختلاف کرنا،مَا، شرطیہ کی وجہ سے ترجمہ (تم اختلاف کرتے ہو)

فِیۡهِ(فِیۡ،هٖ)فِیۡ، حرف جار، میں،هٖ، مجرور، ضمیر واحد مذکر غائب،اس (اس میں)

مِنۡ شَیۡءٍ(مِنۡ،شَیۡءٍ)مِنۡ، حرف جار،ترجمہ کی ضرورت نہیں،شَیۡءٍ، مجرور (چیز)

فَحُکۡمُهٗۤ(فَ،حُکۡمُ،هٗ)فَ،حرف عطف،تو،حُکۡمُ، مضاف، مصدر،اسم مصدر، حکم کرنا،فیصلہ کرنا، حکم،فیصلہ،هٗ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر غائب،اُس کا (تواُس کا فیصلہ)

اِلَی اللّٰهِ(اِلٰی،اَللّٰهِ)اِلٰی،حرف جار،کی طرف سے،اَللّٰهِ، مجرور،اللہ (اللہ کی طرف سے)

ذٰلِکُمُ اللّٰهُ رَبِّیۡ عَلَیۡهِ تَوَکَّلۡتُ ۖۗ	وہی اللہ میرا رب ہے اُسی پر میں نے بھروسہ کیا

ذٰلِکُمۡ،اسم اشارہ،کُمۡ، ضمیر جمع مذکر حاضر،خطاب کیلئے ہے (وہی) اَللّٰهُ، فاعل (اللہ)

رَبِّیۡ(رَبِّ،یۡ)رَبِّ، مضاف، رب،یۡ، مضاف الیہ، ضمیر واحد متکلم، میرا (میرا رب)

عَلَیۡهِ(عَلٰی،هٖ)عَلٰی، حرف جار، پر،هٖ، مجرور، ضمیر واحد مذکر غائب،اُس (اُس پر)

تَوَکَّلۡتُ، فعل ماضی واحد متکلم تَوَکَّلَ یَتَوَکَّلُ، مصدر تَوَکُّلٌ، توکل کرنا، بھروسہ کرنا (میں نے بھروسہ کیا)

وَ اِلَیۡهِ اُنِیۡبُ ۝۱۰	اور اُسی کی طرف میں رجوع کرتا ہوں

وَ، حرف عطف (اور) اِلَیۡهِ(اِلٰی،هٖ)اِلٰی، حرف جار، کی طرف،هٖ، مجرور، ضمیر واحد مذکر غائب،اُسی (اُسی کی طرف) اُنِیۡبُ، فعل مضارع واحد متکلم اَنَابَ یُنِیۡبُ، مصدر اِنَابَةٌ،رجوع کرنا (میں رجوع کرتا ہوں)

فَاطِرُ السَّمٰوٰتِ وَ الۡاَرۡضِ ؕ	(وہ) آسمانوں اور زمین کا پیدا کرنے والا ہے

فَاطِرُ السَّمٰوٰتِ(فَاطِرُ،اَلسَّمٰوٰتِ)فَاطِرُ، مضاف،فَطۡرٌ، مصدر سے اسم فاعل واحد مذکر،عدم سے عالم وجود میں لانے والا،پیدا کرنے والا،اَلسَّمٰوٰتِ، مضاف الیہ،آسمانوں کا (آسمانوں کا پیدا کرنے والا) واحد،اَلسَّمَآءُ،وَ، حرف عطف (اور) اَلۡاَرۡضِ (زمین)

جَعَلَ لَکُمۡ مِّنۡ اَنۡفُسِکُمۡ اَزۡوَاجًا وَّ مِنَ الۡاَنۡعَامِ اَزۡوَاجًا ۚ	اُس نے تمہارے لئے تمہاری جنسوں سے جوڑے بنائے اور چوپایوں سے (بھی) جوڑے

جَعَلَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب جَعَلَ يَجۡعَلُ، مصدر جَعۡلاً، بنانا (اُس نے بنائے)

لَكُمۡ (لَ، كُمۡ) لَ، حرف جار، لئے، كُمۡ، مجرور، ضمیر جمع مذکر حاضر، تمہارے (تمہارے لئے)

مِّنۡ اَنۡفُسِكُمۡ (مِنۡ، اَنۡفُسِ، كُمۡ) مِنۡ، حرف جار، سے، اَنۡفُسِ، مجرور، مضاف، نفسوں، جانوں، جنسوں، واحد، نَفۡسٌ، كُمۡ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر حاضر، تمہاری (تمہاری جنسوں سے)

اَزۡوَاجًا، جوڑے، ہم مثل چیزیں، واحد، زَوۡجٌ (نر اور مادہ) وَ، حرف عطف (اور)

مِنَ الۡاَنۡعَامِ (مِنۡ، اَلۡاَنۡعَامِ) مِنۡ، حرف جار، سے، اَلۡاَنۡعَامِ، مجرور، چوپایوں (چوپایوں سے)

اَزۡوَاجًا، جوڑے، ہم مثل چیزیں، واحد، زَوۡجٌ (نر اور مادہ)

يَذۡرَؤُكُمۡ فِيۡهِ ؕ	وہ تمہاری اس (جوڑوں کی تدبیر) سے افزائش کرتا ہے

يَذۡرَؤُكُمۡ (يَذۡرَؤُ، كُمۡ) يَذۡرَؤُ، فعل مضارع واحد مذکر غائب ذَرَاَ يَذۡرَاُ، مصدر ذَرۡءٌ، پیدا کرنا، پھیلانا، بکھیرنا، بڑھانا، افزائش کرنا، وہ افزائش کرتا ہے، كُمۡ، ضمیر جمع مذکر حاضر، تمہاری (وہ تمہاری افزائش کرتا ہے) فِيۡهِ (فِيۡ، هِ) فِيۡ، حرف جار بمعنی، مِنۡ، سے، هِ، مجرور، ضمیر واحد مذکر غائب، اس (اس (جوڑوں کی تدبیر) سے)

لَيۡسَ كَمِثۡلِهٖ شَيۡءٌ ۚ	اس کی مثل کوئی چیز نہیں ہے

لَيۡسَ، فعل ناقص ماضی واحد مذکر غائب، اس کا فعل مضارع نہیں آتا (نہیں ہے)

كَمِثۡلِهٖ (كَ، مِثۡلِ، هٖ) كَ، حرف جار و تشبیہ زائدہ مانند، جیسا، مثل، مِثۡلِ، مجرور، مضاف، مانند، جیسا، مثل هٖ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر غائب، اس کی (اس کی مثل) شَيۡءٌ (کوئی چیز)

وَهُوَ السَّمِيۡعُ الۡبَصِيۡرُ ۝	اور وہی خوب سننے والا، خوب دیکھنے والا ہے

وَ، حرف عطف (اور) هُوَ، ضمیر منفصلہ واحد مذکر غائب (وہی) اَلسَّمِيۡعُ، اللہ کا صفاتی نام، سَمۡعٌ، مصدر سے صفت مشبہ (خوب سننے والا) اَلۡبَصِيۡرُ، اللہ کا صفاتی نام، بَصَارَةٌ، مصدر سے صفت مشبہ (خوب دیکھنے والا)

لَهٗ مَقَالِيۡدُ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ ۚ	آسمان اور زمین کی کنجیاں اسی کی ہیں

لَہٗ (لَ، ہٗ) لَ، حرف جار برائے ملکیت، کی، ہٗ، مجرور، ضمیر واحد مذکر غائب، اسی (اسی کی ہیں)

مَقَالِیۡدُ السَّمٰوٰتِ (مَقَالِیۡدُ، اَلسَّمٰوٰتِ) مَقَالِیۡدُ، مضاف، کنجیاں، واحد، مِقۡلِیۡدٌ، اَلسَّمٰوٰتِ، مضاف الیہ، آسمانوں کی، واحد، اَلسَّمَآءُ (آسمانوں کی کنجیاں) وَ، حرف عطف (اور) الۡاَرۡضِ (زمین)

یَبۡسُطُ الرِّزۡقَ لِمَنۡ یَّشَآءُ وَ یَقۡدِرُ ؕ	وہ جس کیلئے چاہتا ہے رزق کشادہ کر دیتا ہے اور تنگ کر دیتا ہے

یَبۡسُطُ، فعل مضارع واحد مذکر غائب بَسَطَ یَبۡسُطُ، مصدر بَسۡطًا، کشادہ کر دینا، فراخ کر دینا (وہ کشادہ کر دیتا ہے) اَلرِّزۡقَ (رزق) لِمَنۡ (لِ، مَنۡ) لِ، حرف جار، کیلئے، مَنۡ، مجرور، اسم موصول، جس (جس کیلئے)

یَّشَآءُ، فعل مضارع واحد مذکر غائب شَآءَ یَشَآءُ، مصدر مَشِیۡٓئَۃٌ، چاہنا (وہ چاہتا ہے)

وَ، حرف عطف (اور) یَقۡدِرُ، فعل مضارع واحد مذکر غائب قَدَرَ یَقۡدِرُ، مصدر قَدۡرًا، تنگ کر دینا (وہ تنگ کر دیتا ہے)

اِنَّہٗ بِکُلِّ شَیۡءٍ عَلِیۡمٌ ﴿۱۲﴾	بے شک وہ ہر چیز کو خوب جاننے والا ہے

اِنَّہٗ (اِنَّ، ہٗ) اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل، بے شک، بلاشبہ، ہٗ، ضمیر واحد مذکر غائب، وہ (بے شک وہ)

بِکُلِّ شَیۡءٍ (بِ، کُلِّ، شَیۡءٍ) بِ، حرف جار، کو، کُلِّ، مجرور، مضاف، ہر، شَیۡءٍ، مضاف الیہ، چیز (ہر چیز کو)

عَلِیۡمٌ، اللہ کا صفاتی نام، عِلۡمًا، مصدر سے مبالغہ کا صیغہ (خوب جاننے والا)

شَرَعَ لَکُمۡ مِّنَ الدِّیۡنِ مَا وَصّٰی بِہٖ نُوۡحًا وَّ الَّذِیۡۤ اَوۡحَیۡنَاۤ اِلَیۡکَ وَ مَا وَصَّیۡنَا بِہٖۤ اِبۡرٰہِیۡمَ وَ مُوۡسٰی وَ عِیۡسٰۤی اَنۡ اَقِیۡمُوا الدِّیۡنَ وَ لَا تَتَفَرَّقُوۡا فِیۡہِ ؕ	اس نے تمہارے لئے وہ دین مقرر کیا جس کا تاکیدی حکم اس نے (حضرت) نوح کو دیا اور جس کی وحی ہم نے آپ کی طرف کی اور اس کا تاکیدی حکم ہم نے (حضرت) ابراہیم اور (حضرت) موسٰی اور (حضرت) عیسٰی کو دیا کہ تم دین قائم رکھو اور اس میں تفرقہ نہ ڈالو

شَرَعَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب شَرَعَ یَشۡرَعُ، مصدر شَرۡعًا، تجویز کرنا، مقرر کرنا (اس نے مقرر کیا)

لَكُمۡ (لَ، كُمۡ) لَ، حرف جار، لئے، كُمۡ، مجرور، ضمیر جمع مذکر حاضر، تمہارے (تمہارے لئے)

مِّنَ الدِّيۡنِ(مِنَ، اَلدِّيۡنِ) مِنَ، حرف جار زائدہ، ترجمہ کی ضرورت نہیں،

اَلدِّيۡنِ، مجرور (دین، شریعت، اطاعت) مَا، موصولہ (وہ جس)

وَصّٰى، فعل ماضی واحد مذکر غائب وَصّٰى يُوَصِّىۡ، مصدر تَوۡصِيَةٌ، وصیت کرنا، تاکیدی حکم دینا (اس نے تاکیدی حکم دیا) بِهٖ(بِ، ہٖ) بِ، حرف جار، کا، ہٖ، مجرور، ضمیر واحد مذکر غائب، اُس (اُس کا)

نُوۡحًا (نوح (علیہ السلام)) وَ، حرف عطف (اور) اَلَّذِىۡۤ، اسم موصول واحد مذکر (جس کی)

اَوۡحَيۡنَاۤ، فعل ماضی جمع متکلم اَوۡحٰى يُوۡحِىۡ، مصدر اِيۡحَآءٌ، وحی کرنا (ہم نے وحی کی)

اِلَيۡكَ(اِلٰى، كَ) اِلٰى، حرف جار، کی طرف، كَ، مجرور، ضمیر واحد مذکر حاضر، آپ (آپ کی طرف)

وَ، حرف عطف (اور) مَا، موصولہ (جس) وَصَّيۡنَا، فعل ماضی جمع متکلم وَصّٰى يُوَصِّىۡ، مصدر تَوۡصِيَةٌ، تاکیدی حکم دینا (ہم نے تاکیدی حکم دیا) بِهٖۤ(بِ، ہٖ) بِ، حرف جار، کا، ہٖ، مجرور، ضمیر واحد مذکر غائب، اُس (اُس کا) اِبۡرٰهِيۡمَ (حضرت) ابراہیم، وَ، حرف عطف (اور) مُوۡسٰى (حضرت) موسٰی،

وَ، حرف عطف (اور) عِيۡسٰۤى (حضرت) عیسٰی، اَنۡ، مصدریہ ناصبہ (کہ) اَقِيۡمُوا، فعل امر جمع مذکر حاضر اَقَامَ يُقِيۡمُ، مصدر اِقَامَةٌ، قائم رکھنا (تم قائم رکھو) اَلدِّيۡنَ (دین، شریعت، اطاعت)

وَ، حرف عطف (اور) لَا تَتَفَرَّقُوۡا، فعل نہی جمع مذکر حاضر تَفَرَّقَ يَتَفَرَّقُ، مصدر تَفَرُّقٌ، جداجدا ہونا، تفرقہ ڈالنا، پھوٹ ڈالنا (تم تفرقہ نہ ڈالو)

فِيۡهِ(فِىۡ، ہِ) فِىۡ، حرف جار، میں، ہِ، مجرور، ضمیر واحد مذکر غائب، اُس (اُس میں)

كَبُرَ عَلَى الۡمُشۡرِكِيۡنَ مَا تَدۡعُوۡهُمۡ اِلَيۡهِ ؕ	مشرکوں پر وہ (بات) بھاری ہے جس کی طرف آپ انہیں بلاتے ہیں

كَبُرَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب كَبُرَ يَكۡبُرُ، مصدر كِبَرًا، بھاری ہونا، سخت ہونا، قابل نفرت ہونا (وہ بھاری ہے) عَلَى الۡمُشۡرِكِيۡنَ(عَلٰى، اَلۡمُشۡرِكِيۡنَ) عَلٰى، حرف جار، پر، اَلۡمُشۡرِكِيۡنَ، مجرور،

اِشۡرَاکٌ، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر، شرک کرنے والے، مشرکوں، واحد، اَلۡمُشۡرِكُ (مشرکوں پر)
مَا، موصولہ (جس) تَدۡعُوۡهُمۡ (تَدۡعُوۡا، هُمۡ) تَدۡعُوۡا، فعل مضارع واحد مذکر حاضر دَعَا يَدۡعُوۡا، مصدر دُعَآءٌ وَّ دَعۡوَةٌ، بلانا، پکارنا، آپ بلاتے ہیں، هُمۡ، ضمیر جمع مذکر غائب، انہیں (آپ اُنہیں بلاتے ہیں)
اِلَيۡهِ (اِلٰى، ہٖ) اِلٰى، حرف جار، کی طرف، ہٖ، مجرور، ضمیر واحد مذکر غائب، اُس (اُس کی طرف)

اَللّٰهُ يَجۡتَبِىۡۤ اِلَيۡهِ مَنۡ يَّشَآءُ وَ يَهۡدِىۡۤ اِلَيۡهِ مَنۡ يُّنِيۡبُ ﴿۱۳﴾	اللہ اپنی طرف چُن لیتا ہے جسے وہ چاہتا ہے اور وہ اس کو اپنی طرف راہ دکھاتا ہے جو رجوع کرتا ہے

اَللّٰهُ، فاعل (اللہ) يَجۡتَبِىۡۤ، فعل مضارع واحد مذکر غائب اِجۡتَبٰى يَجۡتَبِىۡ، مصدر اِجۡتِبَآءٌ، چن لینا (وہ چن لیتا ہے) اِلَيۡهِ (اِلٰى، ہٖ) اِلٰى، حرف جار، کی طرف، ہٖ، مجرور، ضمیر واحد مذکر غائب، اپنی (اپنی طرف)
مَنۡ، اسم موصول (جسے) يَشَآءُ، فعل مضارع واحد مذکر غائب شَآءَ يَشَآءُ، مصدر مَشِيۡٓئَةٌ، چاہنا (وہ چاہتا ہے) وَ، حرف عطف (اور) يَهۡدِىۡۤ، فعل مضارع واحد مذکر غائب هَدٰى يَهۡدِىۡ، مصدر هِدَايَةٌ، ہدایت دینا، رہنمائی کرنا، راہ دکھانا (وہ راہ دکھاتا ہے) اِلَيۡهِ (اِلٰى، ہٖ) اِلٰى، حرف جار، کی طرف، ہٖ، مجرور، ضمیر واحد مذکر غائب، اپنی (اپنی طرف) مَنۡ، اسم موصول (اُس کو جو)
يُّنِيۡبُ، فعل مضارع واحد مذکر غائب اَنَابَ يُنِيۡبُ، مصدر اِنَابَةٌ، رجوع کرنا (وہ رجوع کرتا ہے)

وَ مَا تَفَرَّقُوۡۤا اِلَّا مِنۡۢ بَعۡدِ مَا جَآءَهُمُ الۡعِلۡمُ بَغۡيًۢا بَيۡنَهُمۡ ؕ	اور اُنہوں نے تفرقہ نہ ڈالا مگر اس کے بعد کہ اُن کے پاس علم آ گیا اپنے درمیان (آپس کی) ضد سے

وَ، حرف عطف (اور) مَا، نافیہ (نہ) تَفَرَّقُوۡۤا، فعل ماضی منفی جمع مذکر غائب تَفَرَّقَ يَتَفَرَّقُ، مصدر تَفَرُّقٌ، جدا جدا ہونا، تفرقہ ڈالنا (اُنہوں نے تفرقہ ڈالا) اِلَّا، حرف استثنا (مگر)
مِنۡۢ بَعۡدِ (مِنۡ، بَعۡدِ) مِنۡ، حرف جار، ترجمہ کی ضرورت نہیں، بَعۡدِ، مجرور (اس کے بعد)
مَا، مصدریہ (کہ) جَآءَهُمُ (جَآءَ، هُمُ) جَآءَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب جَآءَ يَجِىۡٓءُ، مصدر مَجِىۡٓءٌ، آنا، وہ آ گیا، هُمۡ، ضمیر جمع مذکر غائب، اُن کے (وہ اُن کے پاس آ گیا) اَلۡعِلۡمُ، اسم مصدر (علم)

بَغۡيًا، مصدر (ضد، سرکشی، زیادتی)

بَيۡنَهُمۡ (بَيۡنَ، هُمۡ) بَيۡنَ، مضاف، درمیان، هُمۡ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، اپنے (اپنے درمیان)

وَ لَوۡ لَا كَلِمَةٌ سَبَقَتۡ مِنۡ رَّبِّكَ اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى لَّقُضِىَ بَيۡنَهُمۡ ؕ	اور اگر آپ کے رب کی طرف سے ایک مقررہ وقت تک کی بات پہلے نہ ہو چکی ہوتی (تو) ضرور ان کے درمیان فیصلہ کر دیا جاتا

وَ، حرف عطف (اور) لَوۡ لَا (لَوۡ، لَا) لَوۡ، شرطیہ، اگر، لَا، نافیہ، نہ (اگر نہ) كَلِمَةٌ (بات، فرمان، قول)

سَبَقَتۡ، فعل ماضی واحد مؤنث غائب سَبَقَ يَسۡبِقُ، مصدر سَبۡقًا، پہل کرنا، پہلے ہونا، لَوۡ، کی وجہ سے ترجمہ (وہ پہلے ہو چکی ہوتی) مِنۡ رَّبِّكَ (مِنۡ، رَبِّ، كَ) مِنۡ، حرف جار بمعنی اِلٰی، کی طرف سے،

رَبِّ، مجرور، مضاف، رب، كَ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر حاضر، آپ کے (آپ کے رب کی طرف سے)

اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى (اِلٰٓى، اَجَلٍ، مُسَمًّى) اِلٰٓى، حرف جار، تک، اَجَلٍ، مجرور، موصوف، مدت، ایک وقت، مہلت، مُسَمًّى، اَجَلٍ، کی صفت، تَسۡمِيَةٌ، مصدر سے اسم مفعول، مقررہ، مقرر کردہ (ایک مقررہ وقت تک) لَّقُضِىَ (لَ، قُضِىَ) لَ، لام تاکید، ضرور، قُضِىَ، فعل ماضی مجہول واحد مذکر غائب قَضٰى يَقۡضِىۡ، مصدر قَضَآءٌ، فیصلہ کرنا، لَوۡ، کی وجہ سے ترجمہ، وہ فیصلہ کر دیا جاتا (ضرور وہ فیصلہ کر دیا جاتا)

بَيۡنَهُمۡ (بَيۡنَ، هُمۡ) بَيۡنَ، مضاف، درمیان، هُمۡ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، اُن کے (اُن کے درمیان)

وَ اِنَّ الَّذِيۡنَ اُوۡرِثُوا الۡكِتٰبَ مِنۡۢ بَعۡدِهِمۡ لَفِىۡ شَكٍّ مِّنۡهُ مُرِيۡبٍ ﴿۱۴﴾	اور بے شک وہ لوگ جو ان کے بعد کتاب کے وارث بنائے گئے وہ اس کے بارے میں یقیناً الجھن ڈالنے والے شک میں (مبتلا) ہیں

وَ، حرف عطف (اور) اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل (بے شک، بلاشبہ)

اَلَّذِيۡنَ، اسم موصول جمع مذکر (وہ لوگ جو) اُوۡرِثُوۡا، فعل ماضی مجہول جمع مذکر غائب اَوۡرَثَ يُوۡرِثُ، مصدر

اِيۡرَاثًا، وارث بنانا (وہ وارث بنائے گئے) اَلۡكِتٰبَ (کتاب) مِنۡۢ بَعۡدِهِمۡ (مِنۡ، بَعۡدِ، هِمۡ) مِنۡ، حرف جار، ترجمہ کی ضرورت نہیں، بَعۡدِ، مجرور، مضاف، بعد، هِمۡ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، اُن کے (اُن کے بعد) لَفِيۡ شَكٍّ (لَ، فِيۡ، شَكٍّ) لَ، لام تاکید، ضرور، یقینًا، فِيۡ، حرف جار، میں، شَكٍّ، مجرور، شک (ضرور شک میں) مِّنۡهُ (مِنۡ، هُ) مِنۡ، حرف جار بمعنی، فِيۡ، کے بارے میں، هُ، مجرور، ضمیر واحد مذکر غائب، اُس (اُس کے بارے میں)

مُرِيۡبٍ، شَكٍّ، کی صفت، اِرَابَةٌ، مصدر سے اسم فاعل واحد مذکر (اُلجھن میں ڈالنے والا، بے چین رکھنے والا)

فَلِذٰلِكَ فَادۡعُ ۚ	سو آپ اس (دین) کی پھر دعوت دیں

فَلِذٰلِكَ (فَ، لِ، ذٰلِكَ) فَ، حرف عطف، سو، لِ، حرف جار، کی، ذٰلِكَ، اسم اشارہ واحد مذکر بعید، اس (سو اس کی) فَادۡعُ (فَ، اُدۡعُ) فَ، حرف عطف، پھر، اُدۡعُ، فعل امر واحد مذکر حاضر دَعَا يَدۡعُوۡ، مصدر دُعَآءٌ وَّ دَعۡوَةٌ، بلانا، پکارنا، دعوت دینا، آپ دعوت دیں (پھر آپ دعوت دیں)

وَاسۡتَقِمۡ كَمَاۤ اُمِرۡتَ ۚ	اور آپ قائم رہیے جیسا کہ آپ کو حکم دیا گیا ہے

وَ، حرف عطف (اور) اِسۡتَقِمۡ، فعل امر واحد مذکر حاضر اِسۡتَقَامَ يَسۡتَقِيۡمُ، مصدر اِسۡتِقَامَةٌ، کھڑا ہونا، سیدھا رہنا، قائم رہنا (آپ قائم رہیے) كَمَاۤ (كَ، مَا) كَ، حرف تشبیہ، مانند، جیسا، مَا، مصدریہ، کہ (جیسا کہ)

اُمِرۡتَ، فعل ماضی مجہول واحد مذکر حاضر اَمَرَ يَاۡمُرُ، مصدر اَمۡرًا، حکم دینا (آپ کو حکم دیا گیا ہے)

وَلَا تَتَّبِعۡ اَهۡوَآءَهُمۡ ۚ	اور آپ اُن کی خواہشات کی پیروی مت کریں

وَ، حرف عطف (اور) لَا تَتَّبِعۡ، فعل نہی واحد مذکر حاضر اِتَّبَعَ يَتَّبِعُ، مصدر اِتِّبَاعًا، پیروی کرنا (آپ پیروی مت کریں) اَهۡوَآءَهُمۡ (اَهۡوَآءَ، هُمۡ) اَهۡوَآءَ، مضاف، خواہشات، واحد، هَوٰی، هُمۡ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، اُن کی (اُن کی خواہشات)

وَقُلۡ اٰمَنۡتُ بِمَاۤ اَنۡزَلَ اللّٰهُ مِنۡ كِتٰبٍ ۚ	اور آپ کہہ دیجئے کہ اللہ نے جو کتاب (بھی) نازل

	کی میں اس پر ایمان لایا

وَ، حرف عطف (اور) قُلۡ، فعل امر واحد مذکر حاضر قَالَ یَقُوۡلُ، مصدر قَوۡلًا، کہنا (آپ کہہ دیجئے)

اٰمَنۡتُ، فعل ماضی واحد متکلم اٰمَنَ یُؤۡمِنُ، مصدر اِیۡمَانًا، ایمان لانا (میں ایمان لایا)

بِمَآ (بِ، مَا) بِ، حرف جار، پر، مَا، مجرور، موصولہ، جو (اس پر جو) اَنۡزَلَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب اَنۡزَلَ یُنۡزِلُ، مصدر اِنۡزَالًا، نازل کرنا، اتارنا (اس نے نازل کی) اللّٰہُ، فاعل (اللہ)

مِنۡ کِتٰبٍ (مِنۡ، کِتٰبٍ) مِنۡ، حرف جار برائے تاکید، ترجمہ کی ضرورت نہیں، کِتٰبٍ، مجرور (کتاب)

وَاُمِرۡتُ لِاَعۡدِلَ بَیۡنَکُمۡ ؕ	اور مجھے حکم دیا گیا ہے کہ میں تمہارے درمیان انصاف کروں

وَ، حرف عطف (اور) اُمِرۡتُ، فعل ماضی مجہول واحد متکلم اَمَرَ یَاۡمُرُ، مصدر اَمۡرًا، حکم دینا (مجھے حکم دیا گیا ہے) لِاَعۡدِلَ (لِ، اَعۡدِلَ) لِ، لام تعلیل ناصبہ، کہ، اَعۡدِلَ، فعل مضارع واحد متکلم عَدَلَ یَعۡدِلُ، مصدر عَدۡلًا، انصاف کرنا، میں انصاف کروں (کہ میں انصاف کروں) بَیۡنَکُمۡ (بَیۡنَ، کُمۡ) بَیۡنَ، مضاف، درمیان، کُمۡ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر حاضر، تمہارے (تمہارے درمیان)

اَللّٰہُ رَبُّنَا وَ رَبُّکُمۡ ؕ	اللہ ہی ہمارا رب اور تمہارا رب ہے

اَللّٰہُ، خالق کائنات کا ذاتی نام (اللہ) رَبُّنَا (رَبُّ، نَا) رَبُّ، مضاف، رب، پروردگار، نَا، مضاف الیہ، ضمیر جمع متکلم، ہمارا (ہمارا رب) وَ، حرف عطف (اور) رَبُّکُمۡ (رَبُّ، کُمۡ) رَبُّ، مضاف، رب، پروردگار، کُمۡ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر حاضر، تمہارا (تمہارا رب)

لَنَاۤ اَعۡمَالُنَا وَ لَکُمۡ اَعۡمَالُکُمۡ ؕ	ہمارے لئے ہمارے اعمال ہیں اور تمہارے لئے تمہارے اعمال

لَنَآ (لَ، نَا) لَ، حرف جار، لئے، نَا، مجرور، ضمیر جمع متکلم، ہمارے (ہمارے لئے)

اَعۡمَالُنَا (اَعۡمَالُ، نَا) اَعۡمَالُ، مضاف، اعمال، واحد، عَمَلٌ، نَا، مضاف الیہ، ضمیر جمع متکلم، ہمارے (ہمارے اعمال) وَ، حرف عطف (اور) لَکُمۡ (لَ، کُمۡ) لَ، حرف جار، لئے، کُمۡ، مجرور، ضمیر جمع مذکر حاضر، تمہارے (تمہارے لئے) اَعۡمَالُکُمۡ (اَعۡمَالُ، کُمۡ) اَعۡمَالُ، مضاف، اعمال، واحد، عَمَلٌ،

كُمۡ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر حاضر، تمہارے (تمہارے اعمال)

لَا حُجَّةَ بَيۡنَنَا وَ بَيۡنَكُمۡ ؕ	ہمارے درمیان اور تمہارے درمیان کوئی جھگڑا نہیں ہے

لَا، نافیہ (نہیں) حُجَّةَ (بحث، حجت، جھگڑا، دلیل) بَيۡنَنَا (بَيۡنَ، نَا) بَيۡنَ، مضاف، درمیان، نَا، مضاف الیہ، ضمیر جمع متکلم، ہمارے (ہمارے درمیان) وَ، حرف عطف (اور) بَيۡنَكُمۡ (بَيۡنَ، كُمۡ) بَيۡنَ، مضاف، درمیان، كُمۡ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر حاضر، تمہارے (تمہارے درمیان)

اَللّٰهُ يَجۡمَعُ بَيۡنَنَا ۚ	اللہ ہمیں آپس میں جمع کرے گا

اَللّٰهُ، فاعل (اللہ) يَجۡمَعُ، فعل مضارع واحد مذکر غائب جَمَعَ يَجۡمَعُ، مصدر جَمۡعًا، جمع کرنا (وہ جمع کرے گا) بَيۡنَنَا (بَيۡنَ، نَا) بَيۡنَ، مضاف، درمیان، آپس میں، نَا، مضاف الیہ، ضمیر جمع متکلم، ہمیں (ہمیں آپس میں)

وَ اِلَيۡهِ الۡمَصِيۡرُ ؕ۝۱۵	اور اسی کی طرف لوٹ کر جانا ہے

وَ، حرف عطف (اور) اِلَيۡهِ (اِلٰی، هِ) اِلٰی، حرف جار، کی طرف، هِ، مجرور، ضمیر واحد مذکر غائب، اسی، ضمیر کا مرجع، اَللّٰهُ، ہے (اسی کی طرف) اَلۡمَصِيۡرُ، اسم مصدر (لوٹ کر جانا، واپسی، منزل)

وَ الَّذِيۡنَ يُحَآجُّوۡنَ فِي اللّٰهِ مِنۡۢ بَعۡدِ مَا اسۡتُجِيۡبَ لَهٗ حُجَّتُهُمۡ دَاحِضَةٌ عِنۡدَ رَبِّهِمۡ وَ عَلَيۡهِمۡ غَضَبٌ وَّ لَهُمۡ عَذَابٌ شَدِيۡدٌ ۝۱۶	اور وہ لوگ جو اللہ کے بارے میں جھگڑا کرتے اس کے بعد کہ اس (اللہ) کو مان لیا گیا ان کی دلیل ان کے رب کے نزدیک باطل ہے اور ان پر بڑا غضب ہے اور ان کیلئے بہت سخت عذاب ہے

وَ، حرف عطف (اور) اَلَّذِيۡنَ، اسم موصول جمع مذکر (وہ لوگ جو) يُحَآجُّوۡنَ، فعل مضارع جمع مذکر غائب حَآجَّ يُحَآجُّ، مصدر مُحَآجَّةٌ، تنازعہ کرنا، جھگڑا کرنا (وہ جھگڑا کرتے ہیں)

فِي اللّٰهِ (فِيۡ، اَللّٰهِ) فِيۡ، حرف جار، کے بارے میں، اَللّٰهِ، مجرور، اللہ (اللہ کے بارے میں)

مِنۡۢ بَعۡدِ (مِنۡ، بَعۡدِ) مِنۡ، حرف جار، ترجمہ کی ضرورت نہیں، بَعۡدِ، مجرور (اس کے بعد)

مَا، مصدریہ (کہ) اُسْتُجِیْبَ، فعل ماضی مجہول واحد مذکر غائب اِسْتَجَابَ یَسْتَجِیْبُ، مصدر اِسْتِجَابَةٌ، قبول کرنا، مان لینا (وہ مان لیا گیا) لَهٗ (لَ، ہٗ) لَ، حرف جار، کو، ہٗ، مجرور، ضمیر واحد مذکر غائب، اس (اس کو) حُجَّتُهُمْ (حُجَّتُ، هُمْ) حُجَّتُ، مضاف، حجت، دلیل، هُمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، ان کی (ان کی دلیل)

دَاحِضَةٌ، دَحْضٌ، مصدر سے اسم فاعل واحد مؤنث (بے وزن، لغو، باطل، ڈگمگانے والی)

عِنْدَ (نزدیک، پاس، ہاں) رَبِّهِمْ (رَبِّ، هِمْ) رَبِّ، مضاف، رب، هِمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، ان کے (ان کے رب) وَ، حرف عطف (اور) عَلَیْهِمْ (عَلٰی، هِمْ) عَلٰی، حرف جار، پر، هِمْ، مجرور، ضمیر جمع مذکر غائب، ان (ان پر) غَضَبٌ، اسم فعل (سخت غصہ، بڑا غضب)

وَّ، حرف عطف (اور) لَهُمْ (لَ، هُمْ) لَ، حرف جار، کیلئے، هُمْ، مجرور، ضمیر جمع مذکر غائب، ان (ان کیلئے) عَذَابٌ شَدِیْدٌ (عَذَابٌ، شَدِیْدٌ) عَذَابٌ، موصوف، عذاب، شَدِیْدٌ، صفت، شَدٌّ، مصدر سے صفت مشبہ، بہت سخت (بہت سخت عذاب)

اَللّٰهُ الَّذِیْٓ اَنْزَلَ الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ وَ الْمِیْزَانَ ؕ	اللہ وہ ہے جس نے حق کے ساتھ کتاب نازل کی اور میزان (بھی)

اَللّٰهُ، خالق کائنات کا ذاتی نام (اللہ) اَلَّذِیْٓ، اسم موصول واحد مذکر (وہ جس نے)

اَنْزَلَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب اَنْزَلَ یُنْزِلُ، مصدر اِنْزَالًا، نازل کرنا، اتارنا (اس نے نازل کی) الْكِتٰبَ (کتاب) بِالْحَقِّ (بِ، اَلْحَقِّ) بِ، حرف جار، کے ساتھ، اَلْحَقِّ، مجرور، حق، سچ (حق کے ساتھ) وَ، حرف عطف (اور) اَلْمِیْزَانَ (میزان)

وَمَا یُدْرِیْكَ لَعَلَّ السَّاعَةَ قَرِیْبٌ ﴿۱۷﴾	اور آپ کو کون آگاہ کرتا ہے شاید کہ قیامت قریب ہو

وَ، حرف عطف (اور) مَا، استفہامیہ (کیا، کس نے، کون) یُدْرِیْكَ (یُدْرِیْ، كَ) یُدْرِیْ، فعل مضارع واحد مذکر غائب اَدْرٰی یُدْرِیْ، مصدر اِدْرَآءٌ، سمجھانا، خبردار کرنا، بتانا، آگاہ کرنا، وہ آگاہ کرتا ہے، كَ، ضمیر

واحد مذکر حاضر ،آپ (وہ آپ کو آگاہ کرتا ہے) لَعَلَّ، حرف مشبہ بالفعل (شاید کہ)
اَلسَّاعَةَ (قیامت، گھڑی) قَرِیۡبٌ، قُرۡبَةٌ، مصدر سے صفت مشبہ (قریب)

یَسۡتَعۡجِلُ بِهَا الَّذِیۡنَ لَا یُؤۡمِنُوۡنَ بِهَا ۚ	اس (قیامت) کو وہ لوگ جلدی مانگتے ہیں جو اس پر ایمان نہیں رکھتے

یَسۡتَعۡجِلُ، فعل مضارع واحد مذکر غائب اِسۡتَعۡجَلَ یَسۡتَعۡجِلُ، مصدر اِسۡتِعۡجَالٌ، جلدی مانگنا (وہ جلدی مانگتا ہے) بِهَا (بِ، هَا) بِ، حرف جار، کو، هَا، ضمیر واحد مؤنث غائب، اس، ضمیر کا مرجع، اَلسَّاعَةَ، ہے (اس کو) اَلَّذِیۡنَ، اسم موصول جمع مذکر (وہ لوگ جو) لَا یُؤۡمِنُوۡنَ، فعل مضارع منفی جمع مذکر غائب اٰمَنَ یُؤۡمِنُ، مصدر اِیۡمَانًا، ایمان لانا، ایمان رکھنا (وہ ایمان نہیں رکھتے)
بِهَا (بِ، هَا) بِ، حرف جار، پر، هَا، مجرور، ضمیر واحد مؤنث غائب، اس، ضمیر کا مرجع، اَلسَّاعَةَ، ہے (اس پر)

وَالَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡا مُشۡفِقُوۡنَ مِنۡهَا ۙ وَیَعۡلَمُوۡنَ اَنَّهَا الۡحَقُّ ؕ	اور وہ لوگ جو ایمان لائے وہ اس سے ڈرنے والے ہیں اور وہ جانتے ہیں کہ بے شک وہ حق ہے

وَ، حرف عطف (اور) اَلَّذِیۡنَ، اسم موصول جمع مذکر (وہ لوگ جو) اٰمَنُوۡا، فعل ماضی جمع مذکر غائب اٰمَنَ یُؤۡمِنُ، مصدر اِیۡمَانًا، ایمان لانا (وہ ایمان لائے) مُشۡفِقُوۡنَ، اِشۡفَاقٌ، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر (ڈرنے والے، ایسی محبت جو خوف سے محفوظ ہو) واحد، مُشۡفِقٌ،
مِنۡهَا (مِنۡ، هَا) مِنۡ، حرف جار، سے، هَا، مجرور، ضمیر واحد مؤنث غائب، اس، ضمیر کا مرجع، اَلسَّاعَةَ، ہے (اس سے) وَ، حرف عطف (اور) یَعۡلَمُوۡنَ، فعل مضارع جمع مذکر غائب عَلِمَ یَعۡلَمُ، مصدر عِلۡمًا، جاننا (وہ جانتے ہیں) اَنَّهَا (اَنَّ، هَا) اَنَّ، حرف مشبہ بالفعل، بے شک، هَا، ضمیر واحد مؤنث غائب، وہ (بے شک وہ) اَلۡحَقُّ، مصدر (حق، سچ)

اَلَاۤ اِنَّ الَّذِیۡنَ یُمَارُوۡنَ فِی السَّاعَةِ	سن لو بے شک وہ لوگ جو قیامت کے بارے میں

لَفِىۡ ضَلٰلٍۢ بَعِيۡدٍ ۞	جھگڑا کرتے ہیں یقیناً وہ بہت دور کی گمراہی میں ہیں

اَلَآ، حرف تنبیہ (سن لو، خبردار، جان لو) اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل (بے شک، یقیناً)

اَلَّذِيۡنَ، اسم موصول جمع مذکر (وہ لوگ جو) يُمَارُوۡنَ، فعل مضارع جمع مذکر غائب مَارٰی يُمَارِیۡ، مصدر مُمَارَاةٌ وَّمِرَاءٌ، جھگڑا کرنا (وہ جھگڑا کرتے ہیں) فِى السَّاعَةِ (فِیۡ، اَلسَّاعَةِ) فِیۡ، حرف جار، کے بارے میں، اَلسَّاعَةِ، مجرور، گھڑی، قیامت (قیامت کے بارے میں)

لَفِىۡ ضَلٰلٍۢ بَعِيۡدٍ (لَ، فِیۡ، ضَلٰلٍ، بَعِيۡدٍ) لَ، لام تاکید، ضرور، یقیناً، فِیۡ، حرف جار، میں، ضَلٰلٍ، مجرور، موصوف، اسم مصدر، گمراہی، بَعِيۡدٍ، صفت، بُعۡدٌ، مصدر سے صفت مشبہ، بہت دور (یقیناً بہت دور کی گمراہی میں)

اَللّٰهُ لَطِيۡفٌۢ بِعِبَادِهٖ يَرۡزُقُ مَنۡ يَّشَآءُ ۚ	اللہ اپنے بندوں پر بہت مہربان ہے وہ رزق دیتا ہے جسے وہ چاہتا ہے

اَللّٰهُ، خالق کائنات کا ذاتی نام (اللہ) لَطِيۡفٌ، اللہ کا صفاتی نام، لُطۡفٌ، مصدر سے صفت مشبہ (نہایت باریک بین، بہت مہربان) بِعِبَادِهٖ (بِ، عِبَادِ، هٖ) بِ، حرف جار بمعنی عَلٰی، پر، عِبَادِ، مجرور، مضاف، بندوں، واحد، عَبۡدٌ، هٖ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر غائب، اپنے (اپنے بندوں پر) يَرۡزُقُ، فعل مضارع واحد مذکر غائب رَزَقَ يَرۡزُقُ، مصدر رِزۡقًا، رزق دینا (وہ رزق دیتا ہے) مَنۡ، اسم موصول (جسے)

يَّشَآءُ، فعل مضارع واحد مذکر غائب شَآءَ يَشَآءُ، مصدر مَشِيۡٓئَةٌ، چاہنا (وہ چاہتا ہے)

وَهُوَ الۡقَوِىُّ الۡعَزِيۡزُ ۞	اور وہی بہت قوت والا، بڑا غالب ہے

ع ۲

وَ، حرف عطف (اور) هُوَ، ضمیر منفصلہ واحد مذکر غائب (وہی)

اَلۡقَوِیُّ، اللہ کا صفاتی نام، قُوَّةٌ، مصدر سے صفت مشبہ (بہت قوت والا)

اَلۡعَزِيۡزُ، اللہ کا صفاتی نام، عِزَّةٌ، مصدر سے مبالغہ کا صیغہ (بہت زبردست، بڑا غالب)

مَنۡ كَانَ يُرِيۡدُ حَرۡثَ الۡاٰخِرَةِ نَزِدۡ لَهٗ	جو آخرت کی کھیتی چاہتا ہے ہم اُس کیلئے اُس کی کھیتی میں

اضافہ کریں گے	فِیۡ حَرۡثِهٖ ۚ

مَنۡ، شرطیہ موصولہ (جو) کَانَ، فعل ناقص ماضی واحد مذکر غائب کَانَ یَکُوۡنُ، مصدر کَوۡنًا، ہونا (وہ ہے)
یُرِیۡدُ، فعل مضارع واحد مذکر غائب اَرَادَ یُرِیۡدُ، مصدر اِرَادَةٌ، ارادہ کرنا، چاہنا (وہ چاہتا)
حَرۡثَ الۡاٰخِرَةِ(حَرۡثَ، اَلۡاٰخِرَةِ) حَرۡثَ، مضاف، مصدر، کھیتی، زراعت، اَلۡاٰخِرَةِ، مضاف الیہ،
آخرت کی (آخرت کی کھیتی) نَزِدۡ، فعل مضارع جمع متکلم زَادَ یَزِیۡدُ، مصدر زِیَادَةٌ، زیادہ کرنا، اضافہ کرنا (ہم اضافہ کریں گے) لَهٗ(لَ، هٗ) لَ، حرف جار، کیلئے، هٗ، مجرور، ضمیر واحد مذکر غائب، اس (اس کیلئے)
فِیۡ حَرۡثِهٖ(فِیۡ، حَرۡثِهٖ) فِیۡ، حرف جار، میں، حَرۡثِ، مجرور، مضاف، کھیتی، ہٖ، مضاف الیہ،
ضمیر واحد مذکر غائب، اُس کی (اُس کی کھیتی میں)

اور جو دنیا کی کھیتی چاہتا ہے اسے ہم اس میں سے کچھ دیں گے اور اس کیلئے آخرت میں کوئی حصہ نہیں ہے	وَ مَنۡ کَانَ یُرِیۡدُ حَرۡثَ الدُّنۡیَا نُؤۡتِهٖ مِنۡهَا وَمَا لَهٗ فِی الۡاٰخِرَةِ مِنۡ نَّصِیۡبٍ ﴿۲۰﴾

وَ، حرف عطف (اور) مَنۡ، شرطیہ موصولہ (جو) کَانَ، فعل ناقص ماضی واحد مذکر غائب کَانَ یَکُوۡنُ، مصدر کَوۡنًا، ہونا (وہ ہے) یُرِیۡدُ، فعل مضارع واحد مذکر غائب اَرَادَ یُرِیۡدُ، مصدر اِرَادَةٌ، ارادہ کرنا، چاہنا (وہ چاہتا) حَرۡثَ الدُّنۡیَا(حَرۡثَ، اَلدُّنۡیَا) حَرۡثَ، مصدر مضاف، کھیتی، اَلدُّنۡیَا، مضاف الیہ، دنیا کی (دنیا کی کھیتی) نُؤۡتِهٖ(نُؤۡتِ، هٖ) نُؤۡتِ، فعل مضارع جمع متکلم اٰتٰی یُؤۡتِیۡ، مصدر اِیۡتَآءٌ، دینا، ہم دیں گے، هٖ، ضمیر واحد مذکر غائب، اسے (ہم اسے دیں گے) مِنۡهَا(مِنۡ، هَا) مِنۡ، حرف جار تبعیضیہ، میں سے کچھ، هَا، مجرور، ضمیر واحد مؤنث غائب، اس (اس میں سے کچھ) وَ، حرف عطف (اور) مَا، نافیہ (نہیں)
لَهٗ(لَ، هٗ) لَ، حرف جار، کیلئے، هٗ، مجرور، ضمیر واحد مذکر غائب، اُس (اُس کیلئے)
فِی الۡاٰخِرَةِ(فِیۡ، اَلۡاٰخِرَةِ) فِیۡ، حرف جار، میں، اَلۡاٰخِرَةِ، مجرور، آخرت (آخرت میں)
مِنۡ نَّصِیۡبٍ(مِنۡ، نَصِیۡبٍ) مِنۡ، حرف جار زائدہ، برائے تاکید، نَصِیۡبٍ، مجرور (کوئی حصہ)

کیا اُن کیلئے (ایسے) شریک ہیں جنہوں نے اُن کیلئے	اَمۡ لَهُمۡ شُرَکٰٓؤُا شَرَعُوۡا لَهُمۡ مِّنَ

الدِّیۡنِ مَا لَمۡ یَاۡذَنۡۢ بِهِ اللّٰهُ ؕ	(ایسا) دین مقرر کیا ہے جس کی اللہ نے اجازت نہیں دی

اَمۡ، حرف عطف واستفہامیہ (کیا) لَهُمۡ (لَ،هُمۡ) لَ، حرف جار، کیلئے، هُمۡ، مجرور، ضمیر جمع مذکر غائب، اُن (اُن کیلئے) شُرَکٰٓؤُا، شریکوں، واحد، شَرِیۡكٌ، شَرَعُوۡا، فعل ماضی جمع مذکر غائب شَرَعَ یَشۡرَعُ، مصدر شَرۡعًا، مقرر کرنا، تجویز کرنا (انہوں نے مقرر کیا ہے)۔ لَهُمۡ (لَ،هُمۡ) لَ، حرف جار، کیلئے، هُمۡ، مجرور، ضمیر جمع مذکر غائب، ان (ان کیلئے)۔ مِّنَ الدِّیۡنِ (مِنۡ، اَلدِّیۡنِ) مِنۡ، حرف جار، ترجمہ کی ضرورت نہیں، اَلدِّیۡنِ، مجرور (دین)۔ مَا، موصولہ (جس) لَمۡ یَاۡذَنۡ، فعل مضارع مجزوم منفی جحد بلم واحد مذکر غائب اَذِنَ یَاۡذَنُ، مصدر اِذۡنًا، اجازت دینا، لَمۡ، کی وجہ سے ترجمہ (اس نے اجازت نہیں دی)۔ بِهٖ (بِ، هٖ) بِ، حرف جار، کی، هٖ، مجرور، ضمیر واحد مذکر غائب، اس (اس کی) اَللّٰهُ، فاعل (اللہ)

وَ لَوۡ لَا کَلِمَةُ الۡفَصۡلِ لَقُضِیَ بَیۡنَهُمۡ ؕ	اور اگر فیصلہ شدہ بات نہ ہوتی تو ضرور اُن کے درمیان فیصلہ کر دیا جاتا

وَ، حرف عطف (اور) لَوۡ لَا (لَوۡ، لَا) لَوۡ، شرطیہ، اگر، لَا، نافیہ، نہ، کا مرکب (اگر نہ)
کَلِمَةُ الۡفَصۡلِ (کَلِمَةُ، اَلۡفَصۡلِ) کَلِمَةُ، مضاف، بات، قول، فرمان، اَلۡفَصۡلِ، مضاف الیہ، فیصلہ، فیصلہ شدہ (فیصلہ شدہ بات) لَقُضِیَ (لَ، قُضِیَ) لَ، لام تاکید، ضرور، یقینًا، قُضِیَ، فعل ماضی مجہول واحد مذکر غائب قَضٰی یَقۡضِیۡ، مصدر قَضَآءٌ، فیصلہ کرنا، لَوۡ، کی وجہ سے ترجمہ، فیصلہ کر دیا جاتا (ضرور فیصلہ کر دیا جاتا) بَیۡنَهُمۡ (بَیۡنَ، هُمۡ) بَیۡنَ، مضاف، درمیان، هُمۡ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، اُن کے (اُن کے درمیان)

وَ اِنَّ الظّٰلِمِیۡنَ لَهُمۡ عَذَابٌ اَلِیۡمٌ ﴿۲۱﴾	اور یقینًا ظالم لوگ ان کیلئے دردناک عذاب ہے

وَ، حرف عطف (اور) اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل (بے شک، یقینًا) اَلظّٰلِمِیۡنَ، ظُلۡمٌ، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر (ظلم کرنے والے، ظالموں) واحد، اَلظَّالِمُ، لَهُمۡ (لَ، هُمۡ) لَ، حرف جار، کیلئے، هُمۡ، مجرور، ضمیر جمع مذکر غائب، اُن (اُن کیلئے) عَذَابٌ اَلِیۡمٌ (عَذَابٌ، اَلِیۡمٌ) عَذَابٌ، موصوف، عذاب، سزا، اَلِیۡمٌ، صفت،

اَلَمٌ، مصدر سے بمعنی فاعل صفت مشبہ، دکھ دینے والا، دردناک (دردناک عذاب)

تَرَی الظّٰلِمِیۡنَ مُشۡفِقِیۡنَ مِمَّا کَسَبُوۡا وَ هُوَ وَاقِعٌۢ بِهِمۡ ؕ	آپ ظالموں کو دیکھیں گے کہ اس سے ڈرنے والے ہوں گے جو اُنہوں نے کمایا حالانکہ وہ اُن پر آ کر رہنے والا ہے

تَرٰی، فعل مضارع واحد مذکر حاضر رَاٰی یَرٰی، مصدر رُؤۡیَةٌ، دیکھنا (آپ دیکھیں گے)

اَلظّٰلِمِیۡنَ (ظالموں) واحد، اَلظَّالِمُ، مُشۡفِقِیۡنَ، اِشۡفَاقٌ، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر (ڈرنے والا)

مِمَّا (مِنۡ، مَا) مِنۡ، حرف جار، سے، مَا، مجرور، موصولہ، جو (اس سے جو)

کَسَبُوۡا، فعل ماضی جمع مذکر غائب کَسَبَ یَکۡسِبُ، مصدر کَسۡبٌ، کمانا (اُنہوں نے کمایا)

وَ، حالیہ (حالانکہ) هُوَ، ضمیر منفصلہ واحد مذکر غائب (وہ)

وَاقِعٌ، وَقۡعٌ، مصدر سے اسم فاعل واحد مذکر (آ کر رہنے والا، گرنے والا، واقع ہونے والا)

بِهِمۡ (بِ، هِمۡ) بِ، حرف جار، پر، هِمۡ، مجرور، ضمیر جمع مذکر غائب، اُن (اُن پر)

وَ الَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡا وَ عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ فِیۡ رَوۡضٰتِ الۡجَنّٰتِ ۚ	اور وہ لوگ جو ایمان لائے اور اُنہوں نے نیک عمل کئے جنتوں کے باغات میں ہوں گے

وَ، حرف عطف (اور) اَلَّذِیۡنَ، اسم موصول جمع مذکر (وہ لوگ جو)

اٰمَنُوۡا، فعل ماضی جمع مذکر غائب اٰمَنَ یُؤۡمِنُ، مصدر اِیۡمَانًا، ایمان لانا (وہ ایمان لائے)

وَ، حرف عطف (اور) عَمِلُوۡا، فعل ماضی جمع مذکر غائب عَمِلَ یَعۡمَلُ، مصدر عَمَلًا، عمل کرنا (اُنہوں نے عمل کئے) اَلصّٰلِحٰتِ، صَلَاحٌ، مصدر سے اسم فاعل جمع مؤنث (نیک، اچھے) واحد، اَلصَّالِحَةُ،

فِیۡ رَوۡضٰتِ الۡجَنّٰتِ (فِیۡ، رَوۡضٰتِ، اَلۡجَنّٰتِ) فِیۡ، حرف جار، میں، رَوۡضٰتِ، مجرور، مضاف، باغات، سبزہ زار، واحد، رَوۡضَةٌ، اَلۡجَنّٰتِ، مضاف الیہ، جنتوں کے، واحد، اَلۡجَنَّةُ (جنتوں کے باغات میں)

لَهُمۡ مَّا یَشَآءُوۡنَ عِنۡدَ رَبِّهِمۡ ؕ	اُن کیلئے جو وہ چاہیں گے اُن کے رب کے پاس ہو گا

لَهُمۡ (لَ، هُمۡ) لَ، حرف جار، کیلئے، هُمۡ، مجرور، ضمیر جمع مذکر غائب، اُن (اُن کیلئے) مَا، موصولہ (جو)

یَشَآءُوْنَ، فعل مضارع جمع مذکر غائب شَآءَ یَشَآءُ، مصدر مَشِیْئَةٌ، چاہنا (وہ چاہیں گے)

عِنْدَ رَبِّهِمْ (عِنْدَ،رَبِّ،هِمْ) عِنْدَ، مضاف، ظرف، پاس،رَبِّ، مضاف الیہ، مضاف،رب، هِمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب،ان کے (ان کے رب کے پاس)

ذٰلِكَ هُوَ الْفَضْلُ الْكَبِيْرُ ﴿۲۲﴾	یہی وہ بہت بڑا فضل ہے

ذٰلِكَ،اسم اشارہ واحد مذکر بعید (یہی) هُوَ، ضمیر منفصلہ واحد مذکر غائب (وہ)

الْفَضْلُ الْكَبِيْرُ (اَلْفَضْلُ،اَلْكَبِيْرُ) اَلْفَضْلُ، موصوف، فضل،اَلْكَبِيْرُ، صفت،كِبَرًا، مصدر سے صفت مشبہ، بہت بڑا (بہت بڑا فضل)

ذٰلِكَ الَّذِیْ یُبَشِّرُ اللّٰهُ عِبَادَهُ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ ؕ	یہ ہے وہ جس کی اللہ اپنے ان بندوں کو خوشخبری دیتا ہے جو ایمان لائے اور اُنہوں نے نیک عمل کئے

ذٰلِكَ،اسم اشارہ واحد مذکر بعید (یہ) اَلَّذِیْ،اسم موصول واحد مذکر (وہ جس کی)

یُبَشِّرُ، فعل مضارع واحد مذکر غائب بَشَّرَ یُبَشِّرُ، مصدر تَبْشِیْرٌ، خوشخبری دینا (وہ خوشخبری دیتا ہے)

اَللّٰهُ، فاعل (اللہ) عِبَادَهُ (عِبَادَ،هُ) عِبَادَ، مضاف، بندوں، واحد،عَبْدٌ،هُ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب،اپنے (اپنے بندوں) اَلَّذِیْنَ،اسم موصول جمع مذکر (ان کو جو)

اٰمَنُوْا، فعل ماضی جمع مذکر غائب اٰمَنَ یُؤْمِنُ، مصدر اِیْمَانًا،ایمان لانا (وہ ایمان لائے)

وَ، حرف عطف (اور) عَمِلُوْا، فعل ماضی جمع مذکر غائب عَمِلَ یَعْمَلُ، مصدر عَمَلًا، عمل کرنا (اُنہوں نے عمل کیے) اَلصّٰلِحٰتِ،صَلَاحٌ، مصدر سے اسم فاعل جمع مؤنث (نیک،اچھے) واحد، اَلصّٰلِحَةُ،

قُلْ لَّآ اَسْـَٔلُكُمْ عَلَیْهِ اَجْرًا اِلَّا الْمَوَدَّةَ فِی الْقُرْبٰی ؕ	آپ کہہ دیجئے میں تم سے اس پر کوئی معاوضہ نہیں مانگتا مگر رشتہ داری کی وجہ سے دوستی

قُلْ، فعل امر واحد مذکر حاضر قَالَ یَقُوْلُ، مصدر قَوْلًا، کہنا (آپ کہہ دیجئے)

لَآ اَسْـَٔلُكُمْ (لَآ اَسْـَٔلُ،كُمْ) لَآ اَسْـَٔلُ، فعل مضارع منفی واحد متکلم سَاَلَ یَسْـَٔلُ، مصدر سُؤَالًا،

پوچھنا، سوال کرنا، مانگنا، میں نہیں مانگتا، كُمۡ، ضمیر جمع مذکر حاضر، تم (میں تم سے نہیں مانگتا)

عَلَيۡهِ (عَلٰی، هِ) عَلٰی، حرف جار، پر، هِ، مجرور، ضمیر واحد مذکر غائب، اُس (اُس پر)

اَجۡرًا (کوئی اُجرت، کوئی معاوضہ) اِلَّا، حرف استثنا (مگر) اَلۡمَوَدَّةَ، مصدر، منصوب (دوستی، دوست رکھنا)

فِی الۡقُرۡبٰی (فِیۡ، اَلۡقُرۡبٰی) فِیۡ، حرف جار برائے سبب و تعلیل، کی وجہ سے، اَلۡقُرۡبٰی، مجرور، اسم مصدر، رشتہ داری، قرابت (رشتہ داری کی وجہ سے)

وَ مَنۡ یَّقۡتَرِفۡ حَسَنَةً نَّزِدۡ لَهٗ فِیۡهَا حُسۡنًا ؕ	اور جو نیکی کمائے گا ہم اس کیلئے اس میں خوبی کا اضافہ کریں گے

وَ، حرف عطف (اور) مَنۡ، شرطیہ اسم موصول (جو) یَّقۡتَرِفۡ، فعل مضارع مجزوم بوجہ شرط، واحد مذکر غائب اِقۡتَرَفَ یَقۡتَرِفُ، مصدر اِقۡتِرَافٌ، کمانا (وہ کمائے گا) حَسَنَةً (خوبی، بھلائی، نیکی) ہر وہ نعمت جو حاصل ہونے کے بعد مسرت کا باعث بنے، نَزِدۡ، فعل مضارع مجزوم جمع متکلم زَادَ یَزِیۡدُ، مصدر زِیَادَةٌ، زیادہ کرنا، اضافہ کرنا (ہم اضافہ کریں گے) لَهٗ (لَ، هٗ) لَ، حرف جار، کیلئے، هٗ، مجرور، ضمیر واحد مذکر غائب، اُس (اُس کیلئے) فِیۡهَا (فِیۡ، هَا) فِیۡ، حرف جار، میں، هَا، مجرور، ضمیر واحد مؤنث غائب، اس، ضمیر کا مرجع، حَسَنَةً، ہے (اس میں) حُسۡنًا، مصدر (اچھا ہونا، خوب ہونا، خوبی، بھلائی)

اِنَّ اللّٰهَ غَفُوۡرٌ شَكُوۡرٌ ﴿۲۳﴾	یقیناً اللہ بہت بخشنے والا، بڑا قدر دان ہے

اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل (بے شک، یقیناً) اَللّٰهَ (اللہ) غَفُوۡرٌ، اللہ کا صفاتی نام، غُفۡرَانٌ، مصدر سے مبالغہ کا صیغہ (بہت بخشنے والا) شَكُوۡرٌ، اللہ کا صفاتی نام، شُكۡرٌ، مصدر سے مبالغہ کا صیغہ (بڑا قدر دان)

اَمۡ یَقُوۡلُوۡنَ افۡتَرٰی عَلَی اللّٰهِ كَذِبًا ۚ	کیا وہ کہتے ہیں کہ اس نے اللہ پر جھوٹا بہتان گھڑ لیا ہے؟

اَمۡ، استفہامیہ (کیا) یَقُوۡلُوۡنَ، فعل مضارع جمع مذکر غائب قَالَ یَقُوۡلُ، مصدر قَوۡلًا، کہنا (وہ کہتے ہیں)

اِفۡتَرٰی، فعل ماضی واحد مذکر غائب اِفۡتَرٰی یَفۡتَرِیۡ، مصدر اِفۡتِرَآءٌ، جھوٹ باندھنا، بہتان گھڑنا (اس نے بہتان گھڑ لیا ہے) عَلَی اللّٰهِ (عَلٰی، اَللّٰهِ) عَلٰی، حرف جار، پر، اَللّٰهِ، مجرور، اللہ (اللہ پر)

كَذِبًا، مصدر (جھوٹ بولنا، جھوٹ، جھوٹا)

فَاِنۡ یَّشَاِ اللّٰہُ یَخۡتِمۡ عَلٰی قَلۡبِكَ ؕ	سو اگر اللہ چاہے تو آپ کے دل پر مُہر لگادے

فَاِنۡ (فَ، اِنۡ) فَ، حرف عطف، سو، اِنۡ، شرطیہ جازمہ، اگر (سو اگر) یَّشَاِ، مجزوم فعل مضارع واحد مذکر غائب، اصل میں، یَشَآءُ، تھا، اِنۡ، شرطیہ جازمہ کی وجہ سے مجزوم ہو گیا، شَآءَ یَشَآءُ، مصدر مَشِیۡٓئَةٌ، چاہنا (وہ چاہے) اَللّٰہُ، فاعل (اللہ) یَخۡتِمۡ، فعل مضارع واحد مذکر غائب مجزوم خَتَمَ یَخۡتِمُ، مصدر خَتۡمًا، مُہر لگانا (وہ مُہر لگادے) عَلٰی قَلۡبِكَ (عَلٰی، قَلۡبِ، كَ) عَلٰی، حرف جار ، پر ، قَلۡبِ، مجرور، مضاف، دل، جمع، قُلُوۡبٌ، كَ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر حاضر، آپ کے (آپ کے دل پر)

وَ یَمۡحُ اللّٰہُ الۡبَاطِلَ وَ یُحِقُّ الۡحَقَّ بِكَلِمٰتِهٖ ؕ	اور اللہ باطل کو مٹادیتا ہے اور اپنی باتوں کے ساتھ حق کو ثابت کر دیتا ہے

وَ، حرف عطف (اور) یَمۡحُ، فعل مضارع واحد مذکر غائب مَحَا یَمۡحُوۡ، مصدر مَحۡوًا، محو کر دینا، مٹا دینا (وہ مٹادیتا ہے) اَللّٰہُ، فاعل (اللہ) اَلۡبَاطِلَ (باطل، جھوٹ) وَ، حرف عطف (اور)
یُحِقُّ، فعل مضارع واحد مذکر غائب اَحَقَّ یُحِقُّ، مصدر اِحۡقَاقٌ، ثابت کرنا (وہ ثابت کر دیتا ہے)
اَلۡحَقَّ، مصدر (حق، سچ) بِكَلِمٰتِهٖ (بِ، كَلِمٰتِ، هٖ) بِ، حرف جار، کے ساتھ، كَلِمٰتِ، مجرور، مضاف، باتوں، واحد، كَلِمَةٌ، هٖ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر غائب، اپنی (اپنی باتوں کے ساتھ)

اِنَّهٗ عَلِیۡمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوۡرِ ﴿۲۴﴾	یقیناً وہ سینوں والی بات کو خوب جاننے والا ہے

اِنَّهٗ (اِنَّ، هٗ) اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل، بے شک، یقیناً، هٗ، ضمیر واحد مذکر غائب، وہ (یقیناً وہ)
عَلِیۡمٌ، اللہ کا صفاتی نام، عِلۡمٌ، مصدر سے مبالغہ کا صیغہ (خوب جاننے والا)
بِذَاتِ الصُّدُوۡرِ (بِ، ذَاتِ، اَلصُّدُوۡرِ) بِ، حرف جار، کو، ذَاتِ، مجرور، مضاف، ذُوۡ، کی مؤنث، والی، جمع، ذَوَاتٌ، اَلصُّدُوۡرِ، مضاف الیہ سینوں کی، واحد، صَدۡرٌ (سینوں والی (بات) کو)

وَ هُوَ الَّذِیۡ یَقۡبَلُ التَّوۡبَةَ عَنۡ عِبَادِهٖ	اور وہی ہے جو اپنے بندوں کی توبہ قبول کرتا ہے اور

وَ يَعۡفُوۡا عَنِ السَّيِّاٰتِ وَ يَعۡلَمُ مَا تَفۡعَلُوۡنَ ۙ﴿۲۵﴾	برائیوں سے در گزر کرتا ہے اور وہ جانتا ہے جو تم کرتے ہو

وَ، حرف عطف (اور) هُوَ، ضمیر منفصلہ واحد مذکر غائب (وہی) اَلَّذِیْ، اسم موصول واحد مذکر (جو) يَقۡبَلُ، فعل مضارع واحد مذکر غائب قَبِلَ يَقۡبَلُ، مصدر قُبُوۡلًا، قبول کرنا (وہ قبول کرتا ہے) اَلتَّوۡبَةَ، مصدر، اسم مصدر (توبہ کرنا، توبہ) عَنۡ عِبَادِهٖ(عَنۡ، عِبَادِ، هٖ)عَنۡ، حرف جار، بمعنی باء، کی، عِبَادِ، مجرور، مضاف، بندوں، واحد، عَبۡدٌ، هٖ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر غائب، اپنے (اپنے بندوں کی) وَ، حرف عطف (اور) يَعۡفُوۡا، فعل مضارع واحد مذکر غائب عَفَا يَعۡفُوۡ، مصدر عَفۡوًا، معاف کر دینا، در گزر کرنا (وہ در گزر کرتا ہے) عَنِ السَّيِّاٰتِ(عَنِ، اَلسَّيِّاٰتِ)عَنِ، حرف جار، سے، اَلسَّيِّاٰتِ، مجرور، برائیوں، واحد، السَّيِّئَةُ (برائیوں سے) وَ، حرف عطف (اور) يَعۡلَمُ، فعل مضارع واحد مذکر غائب عَلِمَ يَعۡلَمُ، مصدر عِلۡمًا، جاننا (وہ جانتا ہے) مَا، موصولہ (جو) تَفۡعَلُوۡنَ، فعل مضارع جمع مذکر حاضر فَعَلَ يَفۡعَلُ، مصدر فِعۡلًا، کرنا (تم کرتے ہو)

وَ يَسۡتَجِيۡبُ الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا وَ عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَ يَزِيۡدُهُمۡ مِّنۡ فَضۡلِهٖ ؕ	اور وہ اُن لوگوں کی دعا قبول کرتا ہے جو ایمان لائے اور اُنہوں نے نیک عمل کئے اور وہ انہیں اپنے فضل سے (اُن کی دعا سے) زیادہ دیتا ہے

وَ، حرف عطف (اور) يَسۡتَجِيۡبُ، فعل مضارع واحد مذکر غائب اِسۡتَجَابَ يَسۡتَجِيۡبُ، مصدر اِسۡتِجَابَةٌ، دعا قبول کرنا (وہ دعا قبول کرتا ہے) اَلَّذِيۡنَ، اسم موصول جمع مذکر (اُن لوگوں کی جو) اٰمَنُوۡا، فعل ماضی جمع مذکر غائب اٰمَنَ يُؤۡمِنُ، مصدر اِيۡمَانًا، ایمان لانا (وہ ایمان لائے) وَ، حرف عطف (اور) عَمِلُوۡا، فعل ماضی جمع مذکر غائب عَمِلَ يَعۡمَلُ، مصدر عَمَلًا، عمل کرنا (اُنہوں نے عمل کئے) اَلصّٰلِحٰتِ، صَلَاحٌ، مصدر سے اسم فاعل جمع مؤنث (نیکیاں، اچھے) واحد، اَلصّٰلِحَةُ، وَ، حرف عطف (اور) يَزِيۡدُهُمۡ (يَزِيۡدُ، هُمۡ) يَزِيۡدُ، فعل مضارع واحد مذکر غائب زَادَ يَزِيۡدُ، مصدر

زِیَادَۃٌ، زیادہ کرنا، اضافہ کرنا، زیادہ دینا، بڑھا کر دینا، وہ زیادہ دیتا ہے، هُمْ، ضمیر جمع مذکر غائب، انہیں (وہ انہیں زیادہ دیتا ہے) مِّنۡ فَضۡلِہٖ (مِنۡ، فَضۡلِ، ہٖ) مِنۡ، حرف جار، سے، فَضۡلِ، مجرور، مضاف، فضل، ہٖ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر غائب، اپنے (اپنے فضل سے)

وَالۡکٰفِرُوۡنَ لَهُمۡ عَذَابٌ شَدِیۡدٌ ۝۲۶	اور کافر لوگ ان کیلئے بہت سخت عذاب ہے

وَ، حرف عطف (اور) اَلۡکٰفِرُوۡنَ، کُفۡرًا، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر، کفر کرنے والے، کافروں، کافر لوگ، واحد، اَلۡکَافِرُ، لَهُمۡ (لَ، هُمۡ) لَ، حرف جار، کیلئے، هُمۡ، مجرور، ضمیر جمع مذکر غائب، ان (ان کیلئے) عَذَابٌ شَدِیۡدٌ (عَذَابٌ، شَدِیۡدٌ) عَذَابٌ، موصوف، عذاب، سزا، شَدِیۡدٌ، صفت، شِدَّۃٌ، مصدر سے صفت مشبہ، بہت سخت (بہت سخت عذاب)

وَ لَوۡ بَسَطَ اللّٰہُ الرِّزۡقَ لِعِبَادِہٖ لَبَغَوۡا فِی الۡاَرۡضِ وَلٰکِنۡ یُّنَزِّلُ بِقَدَرٍ مَّا یَشَآءُ ؕ	اور اگر اللہ اپنے بندوں کیلئے رزق کشادہ کر دیتا تو یقیناً وہ زمین میں سرکش ہو جاتے اور لیکن وہ اندازہ کے ساتھ اُتارتا ہے جتنا وہ چاہتا ہے

وَ، حرف عطف (اور) لَوۡ، شرطیہ (اگر) بَسَطَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب بَسَطَ یَبۡسُطُ، مصدر بَسۡطٌ، پھیلانا، کشادہ کرنا، فراخ کرنا، لَوۡ، شرطیہ کی وجہ سے ترجمہ (وہ کشادہ کر دیتا)

اَللّٰہُ، فاعل (اللہ) اَلرِّزۡقَ (رزق، روزی) لِعِبَادِہٖ (لِ، عِبَادِ، ہٖ) لِ، حرف جار، کیلئے، عِبَادِ، مجرور، مضاف، بندوں، واحد، عَبۡدٌ، ہٖ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر غائب، اپنے (اپنے بندوں کیلئے)

لَبَغَوۡا (لَ، بَغَوۡا) لَ، لام تاکید جواب، لَوۡ، ضرور، یقیناً، بَغَوۡا، فعل ماضی جمع مذکر غائب بَغٰی یَبۡغِیۡ، مصدر بَغۡیٌ، سرکشی کرنا، زیادتی کرنا، سرکش ہونا، لَوۡ، شرطیہ کی وجہ سے ترجمہ، وہ سرکش ہو جاتے (یقیناً وہ سرکش ہو جاتے) فِی الۡاَرۡضِ (فِیۡ، اَلۡاَرۡضِ) فِیۡ، حرف جار، میں، اَلۡاَرۡضِ، مجرور، زمین (زمین میں)

وَ، حرف عطف (اور) لٰکِنۡ، حرف استدراک (لیکن) یُنَزِّلُ، فعل مضارع واحد مذکر غائب نَزَّلَ یُنَزِّلُ، مصدر تَنۡزِیۡلٌ، اتارنا، نازل کرنا (وہ اتارتا ہے) بِقَدَرٍ (بِ، قَدَرٍ) بِ، حرف جار، کے ساتھ،

قَدَرٍ، مجرور، اسم، اندازہ (اندازے کے ساتھ) مَا، موصولہ (جتنا)

یَشَآءُ، فعل مضارع واحد مذکر غائب شَآءَ یَشَآءُ، مصدر مَشِیۡئَةٌ، چاہنا (وہ چاہتا ہے)

اِنَّهٗ بِعِبَادِهٖ خَبِیۡرٌۢ بَصِیۡرٌ ﴿۲۷﴾	یقیناً وہ اپنے بندوں سے خوب باخبر، خوب دیکھنے والا ہے

اِنَّهٗ (اِنَّ، هٗ) اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل، بے شک، یقیناً، هٗ، ضمیر واحد مذکر غائب، وہ (یقیناً وہ)

بِعِبَادِهٖ (بِ، عِبَادِ، هٖ) بِ، حرف جار، سے، عِبَادِ، مجرور، مضاف، بندوں، واحد، عَبۡدٌ،

هٖ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر غائب، اپنے (اپنے بندوں سے) خَبِیۡرٌ، اللہ کا صفاتی نام، خَبۡرٌ، مصدر سے

صفت مشبہ (خوب باخبر) بَصِیۡرٌ، اللہ کا صفاتی نام، بَصَارَةٌ، مصدر سے صفت مشبہ (خوب دیکھنے والا)

وَ هُوَ الَّذِیۡ یُنَزِّلُ الۡغَیۡثَ مِنۡۢ بَعۡدِ مَا قَنَطُوۡا وَ یَنۡشُرُ رَحۡمَتَهٗ ؕ	اور وہی ہے جو بارش برساتا ہے اس کے بعد کہ وہ مایوس ہوتے ہیں اور وہ اپنی رحمت پھیلا دیتا ہے

وَ، حرف عطف (اور) هُوَ، ضمیر منفصلہ واحد مذکر غائب (وہی) اَلَّذِیۡ، اسم موصول واحد مذکر (جو)

یُنَزِّلُ، فعل مضارع واحد مذکر غائب نَزَّلَ یُنَزِّلُ، مصدر تَنۡزِیۡلٌ، اتارنا، برسانا (وہ برساتا ہے)

الۡغَیۡثَ، اسم (بارش) مِنۡۢ بَعۡدِ (مِنۡ، بَعۡدِ) مِنۡ، حرف جار، ترجمہ کی ضرورت نہیں،

بَعۡدِ، مجرور (اس کے بعد) مَا، مصدریہ (کہ) قَنَطُوۡا، فعل ماضی جمع مذکر غائب قَنَطَ یَقۡنُطُ، مصدر

قُنُوۡطٌ، ہمت ہارنا، مایوس ہونا، لَوۡ، شرطیہ کی وجہ سے ترجمہ (وہ مایوس ہوتے ہیں) وَ، حرف عطف (اور)

یَنۡشُرُ، فعل مضارع واحد مذکر غائب نَشَرَ یَنۡشُرُ، مصدر نَشۡرًا، پھیلانا (وہ پھیلا دیتا ہے)

رَحۡمَتَهٗ (رَحۡمَتَ، هٗ) رَحۡمَتَ، مضاف، رحمت، هٗ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر غائب، اپنی (اپنی رحمت)

وَ هُوَ الۡوَلِیُّ الۡحَمِیۡدُ ﴿۲۸﴾	اور وہی بڑا مددگار، نہایت قابل تعریف ہے

وَ، حرف عطف (اور) هُوَ، ضمیر منفصلہ واحد مذکر غائب (وہی) اَلۡوَلِیُّ، اللہ کا صفاتی نام، وَلَایَةٌ، مصدر سے

صفت مشبہ (بڑا مددگار) اَلۡحَمِیۡدُ، اللہ کا صفاتی نام، حَمۡدٌ، مصدر سے صفت مشبہ (نہایت قابل تعریف)

وَ مِنۡ اٰیٰتِهٖ خَلۡقُ السَّمٰوٰتِ وَ الۡاَرۡضِ	اور اُس کی نشانیوں میں سے آسمانوں اور زمین کی پیدائش ہے

وَمَا بَثَّ فِيۡهِمَا مِنۡ دَآبَّةٍ ؕ	اور وہ چلنے والے جانور جو اُن دونوں میں پھیلا دیئے ہیں

وَ، حرف عطف (اور) مِنۡ اٰيٰتِهٖ (مِنۡ، اٰيٰتِ، ہٖ) مِنۡ، حرف جار، سے، اٰيٰتِ، مجرور، مضاف، نشانیوں، واحد، اٰيَةٌ، ہٖ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر غائب، اُس کی (اُس کی نشانیوں میں سے)

خَلۡقُ السَّمٰوٰتِ (خَلۡقُ، اَلسَّمٰوٰتِ) خَلۡقُ، مصدر مضاف، پیدائش، تخلیق، اَلسَّمٰوٰتِ، مضاف الیہ، آسمانوں کی، واحد، اَلسَّمَآءُ (آسمانوں کی پیدائش) وَ، حرف عطف (اور) اَلۡاَرۡضِ (زمین)

وَ، حرف عطف (اور) مَا، موصولہ (وہ جو)

بَثَّ، فعل ماضی واحد مذکر غائب بَثَّ يَبُثُّ، مصدر بَثًّا، پھیلانا (اس نے پھیلا دیئے ہیں)

فِيۡهِمَا (فِيۡ، هِمَا) فِيۡ، حرف جار، میں، هِمَا، ضمیر تثنیہ مؤنث غائب، ان دونوں (ان دونوں میں)

مِنۡ دَآبَّةٍ (مِنۡ، دَآبَّةٍ) مِنۡ، حرف جار، ترجمہ کی ضرورت نہیں، دَآبَّةٍ، مجرور (جانور، چلنے والا، پاؤں دھرنے والا)

وَهُوَ عَلٰى جَمۡعِهِمۡ اِذَا يَشَآءُ قَدِيۡرٌ ۠	اور وہی اُن کو اکٹھا کرنے پر جب وہ چاہے قادر ہے

وَ، حرف عطف (اور) هُوَ، ضمیر منفصلہ واحد مذکر غائب (وہی)

عَلٰى جَمۡعِهِمۡ (عَلٰى، جَمۡعِ، هِمۡ) عَلٰى، حرف جار، پر، جَمۡعِ، مجرور، مضاف، مصدر ہے، اکٹھا کرنا، جمع کرنا، هِمۡ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، اُن کو (اُن کو اکٹھا کرنے پر)

اِذَا، ظرف زمان، زمانہ مستقبل پر دلالت کرتا ہے، بمعنی شرط (جب)

يَشَآءُ، فعل مضارع واحد مذکر غائب شَآءَ يَشَآءُ، مصدر مَشِيۡئَةٌ، چاہنا (وہ چاہے)

قَدِيۡرٌ، قُدۡرَةٌ، مصدر سے صفت مشبہ، حکمت کے مطابق جو چاہے کرے، اللہ کے علاوہ کسی اور کو قدیر نہیں کہہ سکتے (قدرت والا، قادر)

وَ مَآ اَصَابَكُمۡ مِّنۡ مُّصِيۡبَةٍ فَبِمَا كَسَبَتۡ اَيۡدِيۡكُمۡ وَيَعۡفُوۡا عَنۡ كَثِيۡرٍ ؕ	اور جو کوئی مصیبت تمہیں پہنچی تو اس وجہ سے جو تمہارے ہاتھوں نے کمایا اور وہ بہت باتوں سے در گزر

	کر جاتا ہے

وَ، حرف عطف (اور) مَآ، موصولہ (جو) اَصَابَکُمۡ (اَصَابَ، کُمۡ) اَصَابَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب اَصَابَ یُصِیۡبُ، مصدر اِصَابَةٌ، پہنچنا، وہ پہنچی، کُمۡ، ضمیر جمع مذکر حاضر، تمہیں (وہ تمہیں پہنچی)

مِّنۡ مُّصِیۡبَةٍ (مِنۡ، مُصِیۡبَةٍ) مِنۡ، حرف جار، ترجمہ کی ضرورت نہیں، مُصِیۡبَةٍ، مجرور (کوئی مصیبت)

فَبِمَا (فَ، بِ، مَا) فَ، حرف عطف، تو، بِ، حرف جار، سببیہ، کی وجہ سے، مَا، موصولہ، مجرور، جو (تو اس وجہ سے جو) کَسَبَتۡ، فعل ماضی واحد مؤنث غائب کَسَبَ یَکۡسِبُ، مصدر کَسۡبًا، کمانا (اس نے کمایا)

اَیۡدِیۡکُمۡ (اَیۡدِیۡ، کُمۡ) اَیۡدِیۡ، مضاف، ہاتھوں، واحد، یَدٌ، کُمۡ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر حاضر، تمہارے (تمہارے ہاتھوں) وَ، حرف عطف (اور) یَعۡفُوۡا، فعل مضارع واحد مذکر غائب عَفَا یَعۡفُوۡ، مصدر عَفۡوًا، معاف کرنا، در گزر کرنا (وہ در گزر کر جاتا ہے) عَنۡ کَثِیۡرٍ (عَنۡ، کَثِیۡرٍ) عَنۡ، حرف جار بمعنی، مِنۡ، سے، کَثِیۡرٍ، مجرور، کَثۡرَةٌ، مصدر سے صفت مشبہ، بہت (بہت (باتوں) سے)

وَمَاۤ اَنۡتُمۡ بِمُعۡجِزِیۡنَ فِی الۡاَرۡضِ ۚۖ	اور نہ تم زمین میں (اللہ کو) ہرگز عاجز کرنے والے ہو

وَ، حرف عطف (اور) مَا، نافیہ (نہ) اَنۡتُمۡ، ضمیر جمع مذکر حاضر (تم)

بِمُعۡجِزِیۡنَ (بِ، مُعۡجِزِیۡنَ) بِ، حرف جار، تاکید برائے نفی، مُعۡجِزِیۡنَ، مجرور، اِعۡجَازٌ، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر، عاجز کرنے والے (ہرگز عاجز کرنے والے)

فِی الۡاَرۡضِ (فِیۡ، اَلۡاَرۡضِ) فِیۡ، حرف جار، میں، اَلۡاَرۡضِ، مجرور، زمین (زمین میں)

وَ مَا لَکُمۡ مِّنۡ دُوۡنِ اللّٰهِ مِنۡ وَّلِیٍّ وَّ لَا نَصِیۡرٍ ﴿۳۱﴾	اور نہ اللہ کے علاوہ تمہارا کوئی دوست ہے اور نہ کوئی مددگار

وَ، حرف عطف (اور) مَا، نافیہ (نہ) لَکُمۡ (لَ، کُمۡ) لَ، حرف جار، کا، کُمۡ، مجرور، ضمیر جمع مذکر حاضر، تم (تم کا، تمہارا) مِّنۡ دُوۡنِ اللّٰهِ (مِنۡ، دُوۡنِ، اَللّٰهِ) مِنۡ، حرف جار، ترجمہ کی ضرورت نہیں، دُوۡنِ، مجرور، مضاف، سوا، علاوہ، اَللّٰهِ، مضاف الیہ، اللہ کے (اللہ کے علاوہ)

مِنْ وَّلِیٍّ(مِنْ،وَلِیٍّ)مِنْ، حرف جار، زائدہ برائے عموم،وَلِیٍّ، مجرور،وَلَایَۃٌ، مصدر سے صفت مشبہ (کوئی دوست)وَ، حرف عطف (اور)لَا، نافیہ (نہ)نَصِیْرٍ،نَصْرٌ، مصدر سے مبالغہ کا صیغہ (کوئی مددگار)

وَ مِنْ اٰیٰتِہِ الْجَوَارِ فِی الْبَحْرِ كَالْاَعْلَامِ ۳۲	اور اُس کی نشانیوں میں سے سمندر میں پہاڑوں جیسے بحری جہاز ہیں

وَ، حرف عطف (اور)مِنْ اٰیٰتِہٖ(مِنْ،اٰیٰتِ،ہٖ)مِنْ، حرف جار، سے،اٰیٰتِ، مجرور، مضاف، نشانیوں، واحد،اٰیَۃٌ،ہٖ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر غائب،اُس کی (اُس کی نشانیوں میں سے)

اَلْجَوَارِ، کشتیاں، بحری جہاز، واحد،جَارِیَۃٌ،فِی الْبَحْرِ (فِیْ،اَلْبَحْرِ)فِیْ، حرف جار، میں،اَلْبَحْرِ، مجرور، سمندر (سمندر میں)كَالْاَعْلَامِ (كَ،اَلْاَعْلَامِ)كَ، حرف جار، حرف تشبیہ، مانند، جیسا، طرح،

اَلْاَعْلَامِ، مجرور، پہاڑوں، واحد،عَلَمٌ، وہ علامت جس کے ذریعہ سے کسی چیز کا علم ہو سکے جیسے نشان راہ کے پتھر، فوج کا،عَلَمٌ، اسی اعتبار سے پہاڑ کو بھی،عَلَمٌ، کہتے ہیں (پہاڑوں جیسے)

اِنْ یَّشَاْ یُسْكِنِ الرِّیْحَ فَیَظْلَلْنَ رَوَاكِدَ عَلٰی ظَهْرِہٖ	اگر وہ چاہے ہوا کو ساکن کر دے تو وہ (جہاز) اس (سمندر) کی سطح پر کھڑے ہو جائیں

اِنْ، شرطیہ (اگر)یَّشَاْ، فعل مضارع مجزوم بوجہ،اِنْ، شرطیہ، واحد مذکر غائب شَآءَ یَشَآءُ، مصدر مَشِیْٓئَۃٌ، چاہنا (وہ چاہے)یُسْكِنِ، اصل میں،یُسْكِنْ، تھا وصل کی وجہ سے نون کو زیر دی گئی ہے، فعل مضارع مجزوم واحد مذکر غائب اَسْكَنَ یُسْكِنُ، مصدر اِسْكَانٌ، روکنا، ساکن کرنا (وہ ساکن کر دے)

اَلرِّیْحَ (ہوا) جمع،اَلرِّیَاحُ،فَیَظْلَلْنَ(فَ،یَظْلَلْنَ)فَ، حرف عطف، تو،یَظْلَلْنَ، فعل مضارع جمع مؤنث غائب ظَلَّ یَظَلُّ، مصدر ظَلًّا وَّ ظُلُوْلًا، ہونا، ہو جانا (وہ ہو جائیں)رَوَاكِدَ،رُكُوْدٌ، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر (ٹھہرے ہوئے، کھڑے) واحد،رَاكِدٌ،عَلٰی ظَهْرِہٖ(عَلٰی،ظَهْرِ،ہٖ)عَلٰی، حرف جار، پر،

ظَهْرِ، مجرور، مضاف، پیٹھ، سطح،ہٖ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر غائب، اُس کی، ضمیر کا مرجع، اَلْبَحْرِ، ہے (اُس کی سطح پر)

اِنَّ فِیۡ ذٰلِكَ لَاٰیٰتٍ لِّكُلِّ صَبَّارٍ شَكُوۡرٍ ۟ۙ۳۳	بلاشبہ اس میں ہر بہت صبر کرنے والے، بہت شکر کرنے والے کیلئے یقیناً نشانیاں ہیں

اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل (بے شک، بلاشبہ) فِیۡ ذٰلِكَ (فِیۡ، ذٰلِكَ) فِیۡ، حرف جار، میں، ذٰلِكَ، مجرور، اسم اشارہ واحد مذکر بعید، اس (اس میں) لَاٰیٰتٍ (لَ، اٰیٰتٍ) لَ، حرف جار، یقیناً، اٰیٰتٍ، مجرور، نشانیاں، واحد، اٰیَةٌ (یقیناً نشانیاں) لِّكُلِّ صَبَّارٍ (لِ، كُلِّ، صَبَّارٍ) لِ، حرف جار، کیلئے، كُلِّ، مجرور، مضاف، ہر، صَبَّارٍ، مضاف الیہ، صَبۡرٌ، مصدر سے مبالغہ کا صیغہ، بہت صبر کرنے والا (ہر بہت صبر کرنے والے کیلئے)

شَكُوۡرٍ، شُكۡرٌ، مصدر سے مبالغہ کا صیغہ (بہت شکر کرنے والا)

اَوۡ یُوۡبِقۡهُنَّ بِمَا كَسَبُوۡا وَ یَعۡفُ عَنۡ كَثِیۡرٍ ۟ۚ۳۴	یا وہ اُن (بحری جہازوں) کو اس وجہ سے تباہ کر دے جو اُنہوں نے کمایا اور وہ بہت (خطاؤں) سے در گزر کرتا ہے

اَوۡ، حرف عطف (یا) یُوۡبِقۡهُنَّ (یُوۡبِقۡ، هُنَّ) یُوۡبِقۡ، فعل مضارع مجزوم، جواب شرط کی وجہ سے، واحد مذکر غائب اَوۡبَقَ یُوۡبِقُ، مصدر اِیۡبَاقٌ، تباہ کرنا، وہ تباہ کر دے، هُنَّ، ضمیر جمع مؤنث غائب، اُن کو، ضمیر کا مرجع، اَلۡجَوَارِ، ہے (وہ اُن کو تباہ کر دے) بِمَا (بِ، مَا) بِ، حرف جار و سببیہ، وجہ سے، مَا، مجرور، موصولہ، جو (اس وجہ سے جو) كَسَبُوۡا، فعل مضارع جمع مذکر غائب كَسَبَ یَكۡسِبُ، مصدر كَسۡبًا، کمانا (اُنہوں نے کمایا) وَ، حرف عطف (اور) یَعۡفُ، فعل مضارع واحد مذکر غائب عَفَا یَعۡفُوۡ، مصدر عَفۡوًا، معاف کرنا، در گزر کرنا (وہ در گزر کرتا ہے) عَنۡ كَثِیۡرٍ (عَنۡ، كَثِیۡرٍ) عَنۡ، حرف جار بمعنی، مِنۡ، سے، كَثِیۡرٍ، مجرور، كَثۡرَةٌ، مصدر سے صفت مشبہ، بہت (بہت سے)

وَّ یَعۡلَمَ الَّذِیۡنَ یُجَادِلُوۡنَ فِیۡۤ اٰیٰتِنَا ؕ	اور وہ لوگ جو ہمارے آیات میں جھگڑا کرتے ہیں جان لیں

وَ، حرف عطف (اور) یَعۡلَمَ، فعل مضارع واحد مذکر غائب عَلِمَ یَعۡلَمُ، مصدر عِلۡمًا، جاننا (وہ جان لیں) اَلَّذِیۡنَ، اسم موصول جمع مذکر (وہ لوگ جو) یُجَادِلُوۡنَ، فعل مضارع جمع مذکر غائب جَادَلَ یُجَادِلُ، مصدر مُجَادَلَةٌ، جھگڑا کرنا (وہ جھگڑا کرتے ہیں) فِیۡۤ اٰیٰتِنَا (فِیۡ، اٰیٰتِ، نَا) فِیۡ، حرف جار، میں، اٰیٰتِ، مجرور،

مضاف، آیات، واحد، اٰیَةٌ، نَا، مضاف الیہ، ضمیر جمع متکلم، ہماری (ہماری آیات میں)

مَا لَهُمۡ مِّنۡ مَّحِيۡصٍ ۝۳۵	اُن کیلئے کوئی جائے پناہ نہیں ہے

مَا، نافیہ (نہیں) لَهُمۡ (لَ، هُمۡ) لَ، حرف جار، کیلئے، هُمۡ، مجرور، ضمیر جمع مذکر غائب، ان (ان کیلئے)

مِّنۡ مَّحِيۡصٍ (مِنۡ، مَحِيۡصٍ) مِنۡ، حرف جار، زائدہ برائے تاکید، مَحِيۡصٍ، مجرور، حَيۡصٌ، مصدر سے اسم ظرف مکان (کوئی جائے پناہ، لوٹنے کی جگہ، بھاگنے کی جگہ)

فَمَاۤ اُوۡتِيۡتُمۡ مِّنۡ شَىۡءٍ فَمَتَاعُ الۡحَيٰوةِ الدُّنۡيَا ۚ	پس تمہیں جو کچھ بھی دیا گیا ہے وہ دنیاوی زندگی کا (عارضی) فائدہ ہے

فَمَاۤ (فَ، مَا) فَ، حرف عطف، پس، مَا، موصولہ شرطیہ، جو (پس جو)

اُوۡتِيۡتُمۡ، فعل ماضی مجہول جمع مذکر حاضر اٰتٰی یُؤۡتِیۡ، مصدر اِيۡتَآءٌ، دینا (تمہیں دیا گیا ہے)

مِّنۡ شَىۡءٍ (مِنۡ، شَىۡءٍ) مِنۡ، حرف جار، ترجمہ کی ضرورت نہیں، شَىۡءٍ، مجرور (چیز، کچھ بھی)

فَمَتَاعُ الۡحَيٰوةِ الدُّنۡيَا (فَ، مَتَاعُ، اَلۡحَيٰوةِ الدُّنۡيَا) فَ، حرف عطف، پس، مَتَاعُ، مضاف، اسم مفرد، مرفوع، نکرہ، فائدہ، نفع، سامان جو کام آتا ہے اور اس سے فائدہ حاصل کیا جاتا ہے، جمع، اَمۡتِعَةٌ،

الۡحَيٰوةِ الدُّنۡيَا، مضاف الیہ، اَلۡحَيٰوةِ، موصوف، زندگی، اَلدُّنۡيَا، صفت،

دنیاوی، دنیاوی زندگی کا (پس دنیاوی زندگی کا فائدہ)

وَمَا عِنۡدَ اللّٰهِ خَيۡرٌ وَّ اَبۡقٰى لِلَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا وَعَلٰى رَبِّهِمۡ يَتَوَكَّلُوۡنَ ۝۳۶	اور جو اللہ کے پاس ہے وہ بہتر اور زیادہ باقی رہنے والا ہے اُن لوگوں کیلئے جو ایمان لائے اور وہ اپنے رب پر بھروسہ کرتے ہیں

وَ، حرف عطف (اور) مَا، موصولہ (وہ جو) عِنۡدَ اللّٰهِ (عِنۡدَ، اَللّٰهِ) عِنۡدَ، مضاف، اسم ظرف، پاس،

اَللّٰهِ، مضاف الیہ، اللہ کے (اللہ کے پاس) خَيۡرٌ (بہتر) وَ، حرف عطف (اور)

اَبۡقٰى، بَقَآءٌ، مصدر سے افعل التفضیل کا صیغہ (زیادہ باقی رہنے والا) لِلَّذِيۡنَ (لِ، اَلَّذِيۡنَ) لِ، حرف جار،

کیلئے ،اَلَّذِيْنَ، مجرور، اسم موصول جمع مذکر، وہ لوگ جو (اُن لوگوں کیلئے جو)
اٰمَنُوْا، فعل ماضی جمع مذکر غائب اٰمَنَ يُؤْمِنُ، مصدر اِيْمَانًا، ایمان لانا (وہ ایمان لائے)
وَ، حرف عطف (اور) عَلٰى رَبِّهِمْ (عَلٰى، رَبِّ، هِمْ) عَلٰى، حرف جار، پر، رَبِّ، مجرور، مضاف، رب،
هِمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، اپنے (اپنے رب پر) يَتَوَكَّلُوْنَ، فعل مضارع جمع مذکر غائب تَوَكَّلَ
يَتَوَكَّلُ، مصدر تَوَكُّلٌ، توکل کرنا، بھروسہ کرنا (وہ بھروسہ کرتے ہیں)

وَ الَّذِيْنَ يَجْتَنِبُوْنَ كَبٰٓئِرَ الْاِثْمِ وَ الْفَوَاحِشَ وَ اِذَا مَا غَضِبُوْا هُمْ يَغْفِرُوْنَ ۚ﴿۳۷﴾	اور وہ لوگ جو بڑے گناہوں اور بے حیائیوں سے پرہیز کرتے ہیں اور جب وہ غضبناک ہوتے ہیں وہ معاف کر دیتے ہیں

وَ، حرف عطف (اور) اَلَّذِيْنَ، اسم موصول جمع مذکر (وہ لوگ جو) يَجْتَنِبُوْنَ، فعل مضارع جمع مذکر غائب
اِجْتَنَبَ يَجْتَنِبُ، مصدر اِجْتِنَابٌ، اجتناب کرنا، پرہیز کرنا (وہ پرہیز کرتے ہیں)
كَبٰٓئِرَ الْاِثْمِ (كَبٰٓئِرَ، اَلْاِثْمِ) كَبٰٓئِرَ، مضاف، جمع مؤنث، واحد، كَبِيْرَةٌ، كِبَرًا، مصدر سے صفت
مشبہ، کبیرہ، بڑے، اَلْاِثْمِ، مضاف الیہ، گناہ، جمع، اٰثَامٌ (بڑے گناہ) وَ، حرف عطف (اور)
الْفَوَاحِشَ، بے حیائیوں، واحد، فَاحِشَةٌ، وَ، حرف عطف (اور) اِذَا، اسم ظرف زمان بمعنی شرط (جب)
مَا، زائدہ، غَضِبُوْا، فعل ماضی جمع مذکر غائب غَضِبَ يَغْضَبُ، مصدر غَضْبًا، غضبناک ہونا، غصے ہونا،
غصہ کرنا، اِذَا، کی وجہ سے ترجمہ (وہ غضبناک ہوتے ہیں) هُمْ، ضمیر جمع مذکر غائب (وہ)
يَغْفِرُوْنَ، فعل مضارع جمع مذکر غائب غَفَرَ يَغْفِرُ، مصدر غَفْرَانًا، معاف کرنا (وہ معاف کر دیتے ہیں)

وَ الَّذِيْنَ اسْتَجَابُوْا لِرَبِّهِمْ وَ اَقَامُوا الصَّلٰوةَ ۪	اور وہ لوگ جنہوں نے اپنے رب کا حکم مانا اور اُنہوں نے نماز قائم کی

وَ، حرف عطف (اور) اَلَّذِيْنَ، اسم موصول جمع مذکر (وہ لوگ جو) اِسْتَجَابُوْا، فعل ماضی جمع مذکر غائب
اِسْتَجَابَ يَسْتَجِيْبُ، مصدر اِسْتِجَابَةٌ، قبول کرنا، حکم ماننا (اُنہوں نے حکم مانا)

لِرَبِّهِمۡ (لِ، رَبِّ، هِمۡ) لِ، حرف جار، کا، رَبِّ، مجرور، مضاف، رب، هِمۡ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، اپنے (اپنے رب کا) وَ، حرف عطف (اور) اَقَامُوۡا، فعل ماضی جمع مذکر غائب اَقَامَ یُقِیۡمُ، مصدر اِقَامَةٌ، قائم کرنا (اُنہوں نے قائم کی) اَلصَّلٰوةَ (نماز)

وَ اَمۡرُهُمۡ شُوۡرٰی بَیۡنَهُمۡ	اُن کا کام آپس میں مشورہ کرنا ہے

وَ، حرف عطف (اور) اَمۡرُهُمۡ (اَمۡرُ، هُمۡ) اَمۡرُ، مضاف، کام، معاملہ، حکم، اَمۡرُ، کا لفظ تمام اقوال و افعال کیلئے عام ہے، هُمۡ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، اُن کا (اُن کا کام) شُوۡرٰی، مصدر ہے (مشورہ کرنا، مشورہ) بَیۡنَهُمۡ (بَیۡنَ، هُمۡ) بَیۡنَ، مضاف، درمیان، هُمۡ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، اپنے (اپنے درمیان، آپس میں)

وَمِمَّا رَزَقۡنٰهُمۡ یُنۡفِقُوۡنَ ﴿۳۸﴾	اور اس میں سے جو ہم نے انہیں رزق دیا ہے وہ خرچ کرتے ہیں

وَ، حرف عطف (اور) مِمَّا (مِنۡ، مَا) مِنۡ، حرف جار، سے، مَا، موصولہ، مجرور، جو (اس میں سے جو)

رَزَقۡنٰهُمۡ (رَزَقۡنَا، هُمۡ) رَزَقۡنَا، فعل ماضی جمع متکلم رَزَقَ یَرۡزُقُ، مصدر رِزۡقًا، رزق دینا، ہم نے رزق دیا، هُمۡ، ضمیر جمع مذکر غائب، انہیں (ہم نے انہیں رزق دیا ہے)

یُنۡفِقُوۡنَ، فعل مضارع جمع مذکر غائب اَنۡفَقَ یُنۡفِقُ، مصدر اِنۡفَاقٌ، خرچ کرنا (وہ خرچ کرتے ہیں)

وَ الَّذِیۡنَ اِذَاۤ اَصَابَهُمُ الۡبَغۡیُ هُمۡ یَنۡتَصِرُوۡنَ ﴿۳۹﴾	اور وہ لوگ جنہیں جب (کسی ظالم سے) ظلم پہنچے وہ بدلہ لیتے ہیں

وَ، حرف عطف (اور) اَلَّذِیۡنَ، اسم موصول جمع مذکر (وہ لوگ جنہیں) اِذَاۤ، ظرف زمان، مستقبل پر دلالت کرتا ہے، بمعنی شرط (جب) اَصَابَهُمُ (اَصَابَ، هُمۡ) اَصَابَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب اَصَابَ یُصِیۡبُ، مصدر اِصَابَةٌ، پہنچنا، آپڑنا، واقع ہونا، اِذَا، کی وجہ سے ترجمہ، وہ پہنچے، هُمۡ، ضمیر جمع مذکر غائب، انہیں (انہیں وہ پہنچے) اَلۡبَغۡیُ، مصدر (ظلم، زیادتی) هُمۡ، ضمیر جمع مذکر غائب (وہ)

یَنۡتَصِرُوۡنَ، فعل مضارع جمع مذکر غائب اِنۡتَصَرَ یَنۡتَصِرُ، مصدر اِنۡتِصَارٌ، بدلہ لینا (وہ بدلہ لیتے ہیں)

وَجَزٰٓؤُا سَیِّئَةٍ سَیِّئَةٌ مِّثۡلُهَا ۚ	اور بُرائی کا بدلہ اُس کی مثل بُرائی ہے

وَ، حرف عطف (اور) جَزٰٓؤُا سَیِّئَةٍ (جَزٰٓؤُا، سَیِّئَةٍ) جَزٰٓؤُا، مضاف، اسم مصدر، بدلہ، جزا، سَیِّئَةٍ، مضاف الیہ، بُرائی کا (بُرائی کا بدلہ) سَیِّئَةٌ (بُرائی) حَسَنَةٌ، کی ضد، مِّثۡلُهَا (مِثۡلُ، هَا) مِثۡلُ، مضاف، مثل، مانند، هَا، مضاف الیہ، ضمیر واحد مؤنث غائب، اُس کی، ضمیر کا مرجع، سَیِّئَةٍ، ہے (اُس کی مثل)

فَمَنۡ عَفَا وَ اَصۡلَحَ فَاَجۡرُهٗ عَلَى اللّٰهِ ؕ	پھر جو معاف کر دے اور اصلاح کرے تو اس کا اجر اللہ کے ذمے ہے

فَمَنۡ (فَ، مَنۡ) فَ، حرف عطف، پھر، مَنۡ، شرطیہ اسم موصول، جو (پھر جو) عَفَا، فعل ماضی واحد مذکر غائب عَفَا یَعۡفُوۡ، مصدر عَفۡوًا، معاف کر دینا، در گزر کرنا، مَنۡ، شرطیہ کی وجہ سے ترجمہ (وہ معاف کر دے) وَ، حرف عطف (اور) اَصۡلَحَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب اَصۡلَحَ یُصۡلِحُ، مصدر اِصۡلَاحًا، اصلاح کرنا (وہ اصلاح کرے) فَاَجۡرُهٗ (فَ، اَجۡرُ، هٗ) فَ، حرف عطف، تو، اَجۡرُ، مضاف، اجر، بدلہ،

هٗ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر غائب، اس کا (اس کا اجر)

عَلَى اللّٰهِ (عَلٰی، اَللّٰهِ) عَلٰی، حرف جار، پر، کے ذمے، اَللّٰهِ، مجرور، اللہ (اللہ کے ذمے)

اِنَّهٗ لَا یُحِبُّ الظّٰلِمِیۡنَ ﴿۴۰﴾	بے شک وہ ظالموں کو پسند نہیں کرتا

اِنَّهٗ (اِنَّ، هٗ) اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل، بے شک، هٗ، ضمیر واحد مذکر غائب، وہ (بے شک وہ)

لَا یُحِبُّ، فعل مضارع منفی واحد مذکر غائب اَحَبَّ یُحِبُّ، مصدر اِحۡبَابٌ، دوست رکھنا، پسند کرنا، محبت کرنا (وہ پسند نہیں کرتا)

اَلظّٰلِمِیۡنَ، ظُلۡمًا، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر (ظلم کرنے والے، ظالموں) واحد، اَلظَّالِمُ،

وَ لَمَنِ انۡتَصَرَ بَعۡدَ ظُلۡمِهٖ فَاُولٰٓئِكَ مَا عَلَیۡهِمۡ مِّنۡ سَبِیۡلٍ ﴿۴۱﴾	اور یقیناً جو اپنے پر ظلم ہونے کے بعد بدلہ لے تو یہی لوگ ہیں کہ اُن پر (ملامت کی) کوئی راہ نہیں ہے

وَ، حرف عطف (اور) لَمَنِ (لَ، مَنۡ) لَ، لام تاکید، یقیناً، مَنۡ، شرطیہ اسم موصول، جو (یقیناً جو)

اِنۡتَصَرَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب اِنۡتَصَرَ یَنۡتَصِرُ، مصدر اِنۡتِصَارٌ، بدلہ لینا (وہ بدلہ لے)

بَعۡدَ ظُلۡمِهٖ (بَعۡدَ، ظُلۡمِ، ہ) بَعۡدَ، مضاف، ظرف زمان، بعد، ظُلۡمِ، مضاف الیہ، مضاف، مصدر، ظلم ہونا، ہ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر غائب، اپنے (اپنے پر ظلم ہونے کے بعد)

فَاُولٰٓئِكَ (فَ، اُولٰٓئِكَ) فَ، حرف عطف، جواب شرط، تو، اُولٰٓئِكَ، اسم اشارہ جمع بعید، یہی لوگ (تو یہی لوگ ہیں) مَا، نافیہ (نہیں ہے)

عَلَیۡهِمۡ (عَلٰی، هِمۡ) عَلٰی، حرف جار، پر، هِمۡ، مجرور، ضمیر جمع مذکر غائب، ان (ان پر)

مِّنۡ سَبِیۡلٍ (مِنۡ، سَبِیۡلٍ) مِنۡ، حرف جار، زائدہ برائے تاکید، سَبِیۡلٍ، مجرور (کوئی راہ، کوئی راستہ)

اِنَّمَا السَّبِیۡلُ عَلَی الَّذِیۡنَ یَظۡلِمُوۡنَ النَّاسَ وَ یَبۡغُوۡنَ فِی الۡاَرۡضِ بِغَیۡرِ الۡحَقِّ ؕ	بے شک (ملامت اور گرفت کی) راہ صرف اُن پر ہے جو لوگوں پر ظلم کرتے ہیں اور زمین میں حق کے بغیر سرکشی کرتے ہیں

اِنَّمَا (اِنَّ، مَا) اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل، اور، مَا، کافہ جو حصر کیلئے ہے (سوائے اس کے نہیں، بے شک صرف) السَّبِیۡلُ (راہ) عَلَی الَّذِیۡنَ (عَلٰی، اَلَّذِیۡنَ) عَلٰی، حرف جار، پر، اَلَّذِیۡنَ، اسم موصول جمع مذکر، وہ لوگ جو (اُن لوگوں پر جو) یَظۡلِمُوۡنَ، فعل مضارع جمع مذکر غائب ظَلَمَ یَظۡلِمُ، مصدر ظُلۡمًا، ظلم کرنا (وہ ظلم کرتے ہیں) اَلنَّاسَ (لوگوں) وَ، حرف عطف (اور) یَبۡغُوۡنَ، فعل مضارع جمع مذکر غائب بَغٰی یَبۡغِیۡ، مصدر بَغۡیٌ، سرکشی کرنا (وہ سرکشی کرتے ہیں) فِی الۡاَرۡضِ (فِیۡ، اَلۡاَرۡضِ) فِیۡ، حرف جار، میں، اَلۡاَرۡضِ، مجرور، زمین (زمین میں) بِغَیۡرِ الۡحَقِّ (بِ، غَیۡرِ، اَلۡحَقِّ) بِ، حرف جار، ترجمہ کی ضرورت نہیں، غَیۡرِ، مجرور، مضاف، بغیر، نا، اَلۡحَقِّ، مضاف الیہ، حق کے (حق کے بغیر)

اُولٰٓئِكَ لَهُمۡ عَذَابٌ اَلِیۡمٌ ﴿۴۲﴾	یہی لوگ ہیں کہ اُن کیلئے دردناک عذاب ہے

اُولٰٓئِكَ، اسم اشارہ جمع بعید (یہی لوگ ہیں) لَهُمۡ (لَ، هُمۡ) لَ، حرف جار، کیلئے، هُمۡ، مجرور، ضمیر جمع مذکر غائب، اُن (اُن کیلئے) عَذَابٌ اَلِیۡمٌ (عَذَابٌ، اَلِیۡمٌ) عَذَابٌ، موصوف، عذاب، سزا، اَلِیۡمٌ، صفت،

اَلِیۡمٌ، مصدر سے بمعنی فاعل، دکھ دینے والا، درد ناک (درد ناک عذاب)

وَ لَمَنۡ صَبَرَ وَ غَفَرَ اِنَّ ذٰلِکَ لَمِنۡ عَزۡمِ الۡاُمُوۡرِ ﴿۴۳﴾	اور بلاشبہ جو صبر کرے اور معاف کر دے (تو) بے شک یہ یقیناً بڑی ہمت کے کاموں میں سے ہے

ع ۴/۵

وَ، حرف عطف (اور) لَمَنۡ (لَ، مَنۡ) لَ، لام تاکید، ضرور، بلاشبہ، مَنۡ، شرطیہ اسم موصول، جو (بلاشبہ جو) صَبَرَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب صَبَرَ یَصۡبِرُ، مصدر صَبۡرًا، صبر کرنا، مَنۡ، شرطیہ کی وجہ سے ترجمہ (وہ صبر کرے) وَ، حرف عطف (اور) غَفَرَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب غَفَرَ یَغۡفِرُ، مصدر غُفۡرَانًا، بخشنا، معاف کر دینا (وہ معاف کر دے) اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل (بے شک)

ذٰلِکَ، اسم اشارہ واحد مذکر بعید (یہ) لَمِنۡ عَزۡمِ الۡاُمُوۡرِ (لَ، مِنۡ، عَزۡمِ، اَلۡاُمُوۡرِ) لَ، لام تاکید، یقیناً، مِنۡ، حرف جار، سے، عَزۡمِ، مجرور، مضاف، اسم مصدر، پختہ ارادہ، بڑی ہمت، اَلۡاُمُوۡرِ، مضاف الیہ، معاملات، کاموں، واحد، اَمۡرٌ (یقیناً بڑی ہمت کے کاموں میں سے)

وَ مَنۡ یُّضۡلِلِ اللّٰهُ فَمَا لَهٗ مِنۡ وَّلِیٍّ مِّنۡۢ بَعۡدِهٖ ؕ	اور جسے اللہ گمراہ کر دے پھر اُس کے بعد اُس کا کوئی مددگار نہیں

وَ، حرف عطف (اور) مَنۡ، شرطیہ اسم موصول (جسے) یُّضۡلِلِ اللّٰهُ (یُضۡلِلِ، اَللّٰهُ) یُضۡلِلِ، فعل مضارع واحد مذکر غائب اَضَلَّ یُضِلُّ، مصدر اِضۡلَالٌ، گمراہ کرنا، وہ گمراہ کر دے، اَللّٰهُ، فاعل، اللہ (اللہ گمراہ کر دے) فَمَا (فَ، مَا) فَ، حرف عطف، پھر، مَا، نافیہ، نہیں (پھر نہیں)

لَهٗ (لَ، هٗ) لَ، حرف جار، کا، هٗ، مجرور، ضمیر واحد مذکر غائب، اُس (اُس کا) مِنۡ وَّلِیٍّ (مِنۡ، وَلِیٍّ) مِنۡ، حرف جار، برائے تاکید، وَلِیٍّ، مجرور، وَلَایَةٌ، مصدر سے صفت مشبہ (کوئی مددگار)

مِّنۡۢ بَعۡدِهٖ (مِنۡ، بَعۡدِ، هٖ) مِنۡ، حرف جار، ترجمہ کی ضرورت نہیں، بَعۡدِ، مجرور، مضاف، بعد، هٖ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر غائب، اُس کے (اُس کے بعد)

وَ تَرَی الظّٰلِمِیۡنَ لَمَّا رَاَوُا الۡعَذَابَ	اور آپ ظالموں کو دیکھیں گے جب وہ عذاب دیکھیں

یَقُوۡلُوۡنَ هَلۡ اِلٰی مَرَدٍّ مِّنۡ سَبِیۡلٍ ﴿۴۴﴾	گے وہ کہیں گے کیا (دنیا میں) واپس جانے کی طرف کوئی راستہ ہے

وَ، حرف عطف (اور) تَرَی، فعل مضارع واحد مذکر حاضر رَاٰی یَرٰی، مصدر رُؤْیَۃٌ، دیکھنا (آپ دیکھیں گے) الظّٰلِمِیۡنَ، ظُلۡمٌ، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر (ظلم کرنے والے، ظالموں) واحد، الظَّالِمُ،

لَمَّا، ظرف زمان بمعنی، حِیۡنَ (جب) رَاَوُا الۡعَذَابَ (رَاَوُا، اَلۡعَذَابَ) رَاَوُا، اصل میں، رَاَوُا، ہے واؤ پر پیش وصل کی وجہ سے ہے، فعل ماضی جمع مذکر غائب رَاٰی یَرٰی، مصدر رُؤْیَۃٌ، دیکھنا، ترجمہ بحوالہ قیامت، وہ دیکھیں گے، اَلۡعَذَابَ، عذاب (وہ عذاب دیکھیں گے)

یَقُوۡلُوۡنَ، فعل مضارع جمع مذکر غائب قَالَ یَقُوۡلُ، مصدر قَوۡلًا، کہنا (وہ کہیں گے)

هَلۡ، استفہامیہ (کیا) اِلٰی مَرَدٍّ (اِلٰی، مَرَدٍّ) اِلٰی، حرف جار، کی طرف، مَرَدٍّ، مجرور، رَدٌّ، سے مصدر میمی، لوٹ جانا، واپس جانا (واپس جانے کی طرف)

مِّنۡ سَبِیۡلٍ (مِنۡ، سَبِیۡلٍ) مِنۡ، حرف جار، زائدہ برائے عموم، سَبِیۡلٍ، مجرور (کوئی راستہ)

وَ تَرٰىهُمۡ یُعۡرَضُوۡنَ عَلَیۡهَا خٰشِعِیۡنَ مِنَ الذُّلِّ یَنۡظُرُوۡنَ مِنۡ طَرۡفٍ خَفِیٍّ ؕ	اور آپ انہیں دیکھیں گے کہ وہ اس (آگ) پر پیش کئے جائیں گے ذلت سے جھکے ہوئے وہ چھپی آنکھ (کن آنکھوں) سے (اسے) دیکھتے ہوں گے

وَ، حرف عطف (اور) تَرٰىهُمۡ (تَرٰی، هُمۡ) تَرٰی، فعل مضارع واحد مذکر حاضر رَاٰی یَرٰی، مصدر رُؤْیَۃٌ، دیکھنا، آپ دیکھیں گے، هُمۡ، ضمیر جمع مذکر غائب، انہیں (آپ انہیں دیکھیں گے)

یُعۡرَضُوۡنَ، فعل مضارع مجہول جمع مذکر غائب عَرَضَ یَعۡرِضُ، مصدر عَرۡضًا، پیش کرنا (وہ پیش کئے جائیں گے) عَلَیۡهَا (عَلٰی، هَا) عَلٰی، حرف جار، پر، هَا، مجرور، ضمیر واحد مؤنث غائب، اس، ضمیر کا مرجع، اَلنَّارِ، ہے (اس (آگ) پر) خٰشِعِیۡنَ، خُشُوۡعًا، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر (عاجزی کرنے والے، زاری کرنے والے، جھکے ہوئے) واحد، خَاشِعًا، مِنَ الذُّلِّ (مِنَ، اَلذُّلِّ) مِنَ، حرف جار، سے،

اَلذُّلِّ، مجرور، اسم، عاجزی، مسکینی، ذلت (ذلت سے) یَنۡظُرُوۡنَ، فعل مضارع جمع مذکر غائب نَظَرَ یَنۡظُرُ، مصدر نَظَرًا، دیکھنا (وہ دیکھتے ہوں گے) مِنۡ طَرۡفٍ خَفِیٍّ (مِنۡ، طَرۡفٍ، خَفِیٍّ) مِنۡ، حرف جار، سے، طَرۡفٍ، مجرور، موصوف، اسم، نگاہ، آنکھ، نظر، خَفِیٍّ، صفت، خَفَآءٌ، مصدر سے صفت مشبہ، چھپی، پوشیدہ (چھپی آنکھ سے)

وَ قَالَ الَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡۤا اِنَّ الۡخٰسِرِیۡنَ الَّذِیۡنَ خَسِرُوۡۤا اَنۡفُسَہُمۡ وَ اَہۡلِیۡہِمۡ یَوۡمَ الۡقِیٰمَۃِ ؕ	اور وہ لوگ جو ایمان لائے کہیں گے یقیناً نقصان اٹھانے والے وہ لوگ ہیں جنہوں نے اپنی جانوں اور اپنے گھر والوں کو قیامت کے دن خسارے میں ڈال دیا

وَ، حرف عطف (اور) قَالَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب قَالَ یَقُوۡلُ، مصدر قَوۡلًا، کہنا، ترجمہ بحوالہ قیامت اور صلہ میں، الَّذِیۡنَ، ہے (وہ کہیں گے) اَلَّذِیۡنَ، اسم موصول جمع مذکر (وہ لوگ جو)

اٰمَنُوۡۤا، فعل ماضی جمع مذکر غائب اٰمَنَ یُؤۡمِنُ، مصدر اِیۡمَانًا، ایمان لانا (وہ ایمان لائے)

اِنَّ الۡخٰسِرِیۡنَ (اِنَّ، اَلۡخٰسِرِیۡنَ) اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل، بے شک، یقیناً، اَلۡخٰسِرِیۡنَ، خُسۡرَانًا، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر، خسارہ پانے والے، نقصان اٹھانے والے، واحد، اَلۡخَاسِرُ (یقیناً نقصان اٹھانے والے) اَلَّذِیۡنَ، اسم موصول جمع مذکر (وہ لوگ جنہوں نے) خَسِرُوۡۤا، فعل ماضی جمع مذکر غائب خَسِرَ یَخۡسَرُ، مصدر خُسۡرَانًا، نقصان اٹھانا، خسارے میں ڈالنا (انہوں نے خسارے میں ڈال دیا)

اَنۡفُسَہُمۡ (اَنۡفُسَ، ہُمۡ) اَنۡفُسَ، مضاف، جانوں، ہُمۡ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، اپنی (اپنی جانوں) وَ، حرف عطف (اور) اَہۡلِیۡہِمۡ (اَہۡلِیۡ، ہِمۡ) اَہۡلِیۡ، مضاف، اصل میں، اَہۡلِیۡنَ، تھا، اَہۡلٌ، کی جمع، اضافت کی وجہ سے جمع کا نون گر گیا، گھر والے، ہِمۡ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، اپنے (اپنے گھر والوں) یَوۡمَ الۡقِیٰمَۃِ (یَوۡمَ، اَلۡقِیٰمَۃِ) یَوۡمَ، مضاف، ظرف زمان، دن، اَلۡقِیٰمَۃِ، مضاف الیہ، قیامت کے (قیامت کے دن)

اَلَاۤ اِنَّ الظّٰلِمِیۡنَ فِیۡ عَذَابٍ مُّقِیۡمٍ ﴿۴۵﴾	سن لو! بے شک ظالم لوگ دائمی عذاب میں ہوں گے

اَلَآ، کلمہ تنبیہ (خبر دار، سن لو، جان لو) اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل (بے شک)
الظّٰلِمِیْنَ، ظُلْمٌ، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر (ظلم کرنے والے، ظالم لوگ) واحد، الظَّالِمُ،
فِیْ عَذَابٍ مُّقِیْمٍ (فِیْ، عَذَابٍ، مُّقِیْمٍ) فِیْ، حرف جار، میں، عَذَابٍ، مجرور، موصوف، عذاب، مُّقِیْمٍ،
صفت، اِقَامَۃٌ، مصدر سے اسم فاعل واحد مذکر، دائمی، قائم رہنے والا، ہمیشہ رہنے والا (دائمی عذاب میں)

وَمَا كَانَ لَهُمْ مِّنْ اَوْلِيَآءَ يَنْصُرُوْنَهُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ ؕ	اور ان کیلئے کوئی حمایتی نہیں ہوں گے کہ وہ اللہ کے سوا ان کی مدد کریں

وَ، حرف عطف (اور) مَا، نافیہ (نہیں) كَانَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب كَانَ يَكُوْنُ، مصدر كَوْنًا، ہونا،
ترجمہ بحوالہ قیامت (وہ ہوں گے) لَهُمْ (لَ، هُمْ) لَ، حرف جار، کیلئے، هُمْ، مجرور، ضمیر جمع مذکر غائب،
ان (ان کیلئے) مِّنْ اَوْلِيَآءَ (مِّنْ، اَوْلِيَآءَ) مِّنْ، حرف جار، برائے تاکید، اَوْلِيَآءَ، مجرور (کوئی حمایتی، کوئی
دوست) واحد، وَلِیٌّ، يَنْصُرُوْنَهُمْ (يَنْصُرُوْنَ، هُمْ) يَنْصُرُوْنَ، فعل مضارع جمع مذکر غائب نَصَرَ
يَنْصُرُ، مصدر نَصْرًا، مدد کرنا، وہ مدد کریں، هُمْ، ضمیر جمع مذکر غائب، ان کی (وہ ان کی مدد کریں)
مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ (مِّنْ، دُوْنِ، اَللّٰهِ) مِّنْ، حرف جار، ترجمہ کی ضرورت نہیں، دُوْنِ، مجرور، مضاف، سوا،
علاوہ، اَللّٰهِ، مضاف الیہ، اللہ کے (اللہ کے سوا)

وَمَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ فَمَا لَهٗ مِنْ سَبِيْلٍ ؕ﴿۴۶﴾	اور جسے اللہ گمراہ کر دے پھر اس کیلئے (ہدایت کی) کوئی راہ نہیں

وَ، حرف عطف (اور) مَنْ، شرطیہ اسم موصول (جسے) يُّضْلِلِ اللّٰهُ (يُّضْلِلِ، اَللّٰهُ) يُّضْلِلِ، فعل مضارع
واحد مذکر غائب اَضَلَّ يُضِلُّ، مصدر اِضْلَالًا، گمراہ کرنا، مَنْ، شرطیہ کی وجہ سے ترجمہ، وہ گمراہ کر دے،
اَللّٰهُ، فاعل، اللہ (اللہ گمراہ کر دے) فَمَا (فَ، مَا) فَ، حرف عطف، پھر، مَا، نافیہ، نہیں (پھر نہیں)
لَهٗ (لَ، هٗ) لَ، حرف جار، کیلئے، هٗ، مجرور، ضمیر واحد مذکر غائب، اس (اس کیلئے)
مِنْ سَبِيْلٍ (مِنْ، سَبِيْلٍ) مِنْ، حرف جار، زائدہ برائے تاکید، سَبِيْلٍ، مجرور (کوئی راہ)

اِسۡتَجِیۡبُوۡا لِرَبِّکُمۡ مِّنۡ قَبۡلِ اَنۡ یَّاۡتِیَ یَوۡمٌ لَّا مَرَدَّ لَهٗ مِنَ اللّٰهِ ؕ	تم اپنے رب کا حکم مان لو اس سے پہلے کہ وہ دن آجائے جس کو اللہ کی طرف سے ٹلنا نہیں ہے

اِسۡتَجِیۡبُوۡا، فعل امر جمع مذکر حاضر اِسۡتَجَابَ یَسۡتَجِیۡبُ، مصدر اِسۡتِجَابَةٌ، قبول کرنا، حکم ماننا (تم حکم مان لو) لِرَبِّکُمۡ (لِ، رَبِّ، کُمۡ) لِ، حرف جار، کا، رَبِّ، مجرور، مضاف، رب، کُمۡ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر حاضر، اپنے (اپنے رب کا) مِّنۡ قَبۡلِ، مِّنۡ، حرف جار، سے، قَبۡلِ، مجرور، پہلے (اس سے پہلے)

اَنۡ، مصدریہ (کہ) یَّاۡتِیَ، فعل مضارع واحد مذکر غائب اَتٰی یَاۡتِیۡ، مصدر اِتۡیَانٌ، آنا (وہ آجائے)

یَوۡمٌ، ظرف زمان (وہ دن) لَّا مَرَدَّ، لَّا، نہیں، مَرَدَّ، رَدٌّ، سے اسم فعل، ٹلنا، لوٹانا، پلٹ دینا (نہیں ٹلنا)

لَهٗ (لَ، هٗ) لَ، حرف جار، کو، هٗ، مجرور، ضمیر واحد مذکر غائب، اس (اس کو)

مِنَ اللّٰهِ، مِنَ، حرف جار بمعنی اِلٰی، کی طرف سے، اللّٰهِ، مجرور، اللہ (اللہ کی طرف سے)

مَا لَکُمۡ مِّنۡ مَّلۡجَاٍ یَّوۡمَئِذٍ وَّ مَا لَکُمۡ مِّنۡ نَّکِیۡرٍ ﴿۴۷﴾	اس دن نہ تمہارے لئے کوئی جائے پناہ ہو گی اور نہ تمہارے لئے (جائے) انکار

مَا، نافیہ (نہ) لَکُمۡ (لَ، کُمۡ) لَ، حرف جار، لئے، کُمۡ، مجرور، ضمیر جمع مذکر حاضر، تمہارے (تمہارے لئے) مِّنۡ مَّلۡجَاٍ (مِّنۡ، مَّلۡجَاٍ) مِّنۡ، حرف جار، زائدہ برائے تاکید، مَّلۡجَاٍ، مجرور، لِجَآءٌ، لُجُوۡءٌ، مصدر سے اسم ظرف مکان (جائے پناہ) یَّوۡمَئِذٍ (یَّوۡمَ، اِذٍ) یَّوۡمَ، مضاف، دن، اِذٍ، مضاف الیہ، اس (اس دن)

وَّ، حرف عطف (اور) مَا، نافیہ (نہ)

لَکُمۡ (لَ، کُمۡ) لَ، حرف جار، لئے، کُمۡ، مجرور، ضمیر جمع مذکر حاضر، تمہارے (تمہارے لئے)

مِّنۡ نَّکِیۡرٍ (مِّنۡ، نَّکِیۡرٍ) مِّنۡ، حرف جار، زائدہ برائے تاکید، نَّکِیۡرٍ، مجرور، مصدر، بمعنی (انکار)

فَاِنۡ اَعۡرَضُوۡا فَمَاۤ اَرۡسَلۡنٰکَ عَلَیۡهِمۡ حَفِیۡظًا ؕ	پھر اگر وہ روگردانی کریں تو ہم نے آپ کو ان پر نگران بنا کر نہیں بھیجا

فَاِنۡ (فَ، اِنۡ) فَ، حرف عطف، پھر، اِنۡ، شرطیہ، اگر (پھر اگر) اَعۡرَضُوۡا، فعل ماضی جمع مذکر غائب

اَعۡرَضَ یُعۡرِضُ، مصدر اِعۡرَاضًا، اعراض کرنا، رو گردانی کرنا، اِنۡ، کی وجہ سے ترجمہ (وہ رو گردانی کریں) فَمَآ(فَ، مَا) فَ، حرف عطف، جواب شرط، تو، مَا، نافیہ، نہیں (تو نہیں)

اَرۡسَلۡنٰكَ(اَرۡسَلۡنَا، كَ) اَرۡسَلۡنَا، فعل ماضی جمع متکلم اَرۡسَلَ یُرۡسِلُ، مصدر اِرۡسَالًا، بھیجنا، ہم نے بھیجا، كَ، ضمیر واحد مذکر حاضر، آپ کو (ہم نے آپ کو بھیجا)

عَلَیۡهِمۡ (عَلٰی، هِمۡ) عَلٰی، حرف جار، پر، هِمۡ، مجرور، ضمیر جمع مذکر غائب، ان (ان پر)

حَفِیۡظًا، حِفۡظٌ، مصدر سے، بروزن، فَعِیۡلٌ، بمعنی فاعل (نگہبان، حفاظت کرنے والا، نگران)

اِنۡ عَلَیۡكَ اِلَّا الۡبَلٰغُ ؕ	آپ پر نہیں مگر پیغام کا پہنچا دینا

اِنۡ، صلہ میں، اِلَّا، ہے، نافیہ ہے (نہیں) عَلَیۡكَ(عَلٰی، كَ) عَلٰی، حرف جار، پر، كَ، مجرور، ضمیر واحد مذکر حاضر، آپ (آپ پر) اِلَّا، حرف استثنا (مگر) اَلۡبَلٰغُ، مصدر ہے، قرآن میں بمعنی تبلیغ آتا ہے (پیغام پہنچانا)

وَ اِنَّاۤ اِذَاۤ اَذَقۡنَا الۡاِنۡسَانَ مِنَّا رَحۡمَةً فَرِحَ بِهَا ۚ	اور بلاشبہ جب ہم انسان کو اپنی طرف سے رحمت کا مزہ چکھاتے ہیں (تو) وہ اس سے خوش ہو جاتا ہے

وَ، حرف عطف (اور) اِنَّاۤ(اِنَّ، نَا) اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل، بے شک، بلاشبہ، نَا، ضمیر جمع متکلم، ہم (بلاشبہ ہم) اِذَاۤ، اسم ظرف مستقبل متضمن بمعنی شرط (جب) اَذَقۡنَا، فعل ماضی جمع متکلم اَذَاقَ یُذِیۡقُ، مصدر اِذَاقَةٌ، مزہ چکھانا، اِذَا، کی وجہ سے ترجمہ (ہم مزہ چکھاتے ہیں) اَلۡاِنۡسَانَ (انسان)

مِنَّا(مِنۡ، نَا) مِنۡ، حرف جار بمعنی اِلٰی، طرف سے، نَا، مجرور، ضمیر جمع متکلم، اپنی (اپنی طرف سے) رَحۡمَةً (رحمت) فَرِحَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب فَرِحَ یَفۡرَحُ، مصدر فَرۡحًا، خوش ہونا، اِذَا، کی وجہ سے ترجمہ (وہ خوش ہو جاتا ہے) بِهَا(بِ، هَا) بِ، حرف جار، سے، هَا، مجرور، ضمیر واحد مؤنث غائب، اس، ضمیر کا مرجع، رَحۡمَةً، ہے (اس سے)

وَ اِنۡ تُصِبۡهُمۡ سَیِّئَةٌۢ بِمَا قَدَّمَتۡ اَیۡدِیۡهِمۡ فَاِنَّ الۡاِنۡسَانَ كَفُوۡرٌ ﴿۴۸﴾	اور اگر انہیں اس وجہ سے کوئی مصیبت پہنچتی ہے جو اُن کے ہاتھوں نے آگے بھیجا تو بلاشبہ انسان بہت ناشکرا ہے

وَ، حرف عطف (اور) اِنْ، شرطیہ جازمہ (اگر) تُصِبْهُمْ (تُصِبْ، هُمْ) تُصِبْ، فعل مضارع مجزوم واحد مؤنث غائب اَصَابَ یُصِیْبُ، مصدر اِصَابَةٌ، پہنچنا، وہ پہنچتی ہے، هُمْ، ضمیر جمع مذکر غائب، انہیں (وہ انہیں پہنچتی ہے) سَیِّئَةٌ (کوئی بُرائی، کوئی مصیبت) بِمَا (بِ، مَا) بِ، حرف جار سببیہ، وجہ سے،

مَا، مجرور، موصولہ، جو (اس وجہ سے جو) قَدَّمَتْ، فعل ماضی واحد مؤنث غائب قَدَّمَ یُقَدِّمُ، مصدر تَقْدِیْمٌ، آگے بھیجنا (اس نے آگے بھیجا) اَیْدِیْهِمْ (اَیْدِیْ، هِمْ) اَیْدِیْ، مضاف، ہاتھوں، واحد، یَدٌ، هِمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، اُن کے (اُن کے ہاتھوں) فَاِنَّ (فَ، اِنَّ) فَ، حرف عطف، جواب شرط، تو، اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل، بے شک، بلاشبہ (تو بلاشبہ) اَلْاِنْسَانَ (انسان)

کَفُوْرٌ، کُفْرَانٌ، مصدر سے مبالغہ کا صیغہ (بہت ناشکرا)

لِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ ؕ	اللہ ہی کیلئے آسمانوں اور زمین کی بادشاہی ہے

لِلّٰهِ (لِ، اَللّٰهِ) لِ، حرف جار، کیلئے، اَللّٰهِ، مجرور، اللہ (اللہ کیلئے)

مُلْكُ السَّمٰوٰتِ (مُلْكُ، اَلسَّمٰوٰتِ) مُلْكُ، مضاف، بادشاہی، اَلسَّمٰوٰتِ، مضاف الیہ، آسمانوں کی، واحد، اَلسَّمَآءُ (آسمانوں کی بادشاہی) وَ، حرف عطف (اور) اَلْاَرْضِ (زمین)

یَخْلُقُ مَا یَشَآءُ ؕ	وہ پیدا کرتا ہے جو چاہتا ہے

یَخْلُقُ، فعل مضارع واحد مذکر غائب خَلَقَ یَخْلُقُ، مصدر خَلْقًا، پیدا کرنا (وہ پیدا کرتا ہے)

مَا، موصولہ (جو) یَشَآءُ، فعل مضارع واحد مذکر غائب شَآءَ یَشَآءُ، مصدر مَشِیْئَةٌ، چاہنا (وہ چاہتا ہے)

یَهَبُ لِمَنْ یَّشَآءُ اِنَاثًا وَّ یَهَبُ لِمَنْ یَّشَآءُ الذُّکُوْرَ ۙ﴿۴۹﴾	وہ جس کو چاہتا ہے لڑکیاں عطا کرتا ہے اور وہ جس کو چاہتا ہے لڑکے عطا کرتا ہے

یَهَبُ، فعل مضارع واحد مذکر غائب وَهَبَ یَهَبُ، مصدر وَهْبًا، عطا کرنا، عنایت کرنا (وہ عطا کرتا ہے)

لِمَنْ (لِ، مَنْ) لِ، حرف جار، کو، مَنْ، مجرور، اسم موصول، جس (جس کو)

یَّشَآءُ، فعل مضارع واحد مذکر غائب شَآءَ یَشَآءُ، مصدر مَشِیْئَةٌ، چاہنا (وہ چاہتا ہے)

اِنَاثًا (عورتیں، لڑکیاں) واحد، اُنْثٰی، وَ، حرف عطف (اور) یَهَبُ، فعل مضارع واحد مذکر غائب وَهَبَ یَهَبُ، مصدر وَهْبًا، عطا کرنا، عنایت کرنا (وہ عطا کرتا ہے) لِمَنْ (لِ، مَنْ) لِ، حرف جار، کو، مَنْ، مجرور، اسم موصول، جس (جس کو) . یَشَآءُ، فعل مضارع واحد مذکر غائب شَآءَ یَشَآءُ، مصدر مَشِیْٓئَةٌ، چاہنا (وہ چاہتا ہے) . اَلذُّکُوْرَ (مَردوں، لڑکے) واحد، اَلذَّکَرُ،

اَوْ یُزَوِّجُهُمْ ذُکْرَانًا وَّ اِنَاثًا ۚ	یا وہ انہیں ملا کر لڑکے اور لڑکیاں دیتا ہے

اَوْ، حرف عطف (یا) یُزَوِّجُهُمْ (یُزَوِّجُ، هُمْ) یُزَوِّجُ، فعل مضارع واحد مذکر غائب زَوَّجَ یُزَوِّجُ، مصدر تَزْوِیْجًا، ملا کر دینا، وہ ملا کر دیتا ہے، هُمْ، ضمیر جمع مذکر غائب، انہیں (وہ انہیں ملا کر دیتا ہے)
ذُکْرَانًا (مَردوں، لڑکے) واحد، ذَکَرٌ، وَ، حرف عطف (یا) اِنَاثًا (عورتیں، لڑکیاں) واحد، اُنْثٰی،

وَ یَجْعَلُ مَنْ یَّشَآءُ عَقِیْمًا ؕ	اور وہ جسے چاہتا ہے بانجھ بنا دیتا ہے

وَ، حرف عطف (اور) یَجْعَلُ، فعل مضارع واحد مذکر غائب جَعَلَ یَجْعَلُ، مصدر جَعْلًا، بنانا (وہ بنا دیتا ہے) مَنْ، اسم موصول (جسے) یَشَآءُ، فعل مضارع واحد مذکر غائب شَآءَ یَشَآءُ، مصدر مَشِیْٓئَةٌ، چاہنا (وہ چاہتا ہے) عَقِیْمًا، عَقْمٌ، مصدر سے مشتق (بانجھ، نامراد)

اِنَّهٗ عَلِیْمٌ قَدِیْرٌ ۞	یقیناً وہ خوب جاننے والا، بڑی قدرت والا ہے

اِنَّهٗ (اِنَّ، هٗ) اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل، بے شک، یقیناً، هٗ، ضمیر واحد مذکر غائب، وہ (یقیناً وہ)
عَلِیْمٌ، اللہ کا صفاتی نام، عِلْمًا، مصدر سے مبالغہ کا صیغہ (خوب جاننے والا)
قَدِیْرٌ، قُدْرَةٌ، مصدر سے صفت مشبہ (بڑی قدرت والا)

وَ مَا کَانَ لِبَشَرٍ اَنْ یُّکَلِّمَهُ اللّٰهُ اِلَّا وَحْیًا اَوْ مِنْ وَّرَآئِ حِجَابٍ اَوْ یُرْسِلَ رَسُوْلًا فَیُوْحِیَ بِاِذْنِهٖ مَا یَشَآءُ ؕ	اور کسی بشر کیلئے (ممکن) نہیں ہے کہ اللہ اس سے کلام کرے مگر وحی سے یا پردے کے پیچھے سے یا وہ کوئی رسول بھیجے پھر وہ اپنے حکم کے ساتھ وحی کرے جو وہ چاہے

وَ، حرف عطف (اور) مَا، نافیہ (نہیں) کَانَ، فعل ناقص ماضی واحد مذکر غائب کَانَ یَکُوۡنُ، مصدر کَوۡنًا، ہونا (وہ ہے) لِبَشَرٍ (لِ، بَشَرٍ) لِ، حرف جار، کیلئے، بَشَرٍ، مجرور، کسی بشر (کسی بشر کیلئے)

اَنۡ، مصدریہ ناصبہ (کہ) یُّکَلِّمَهُ اللّٰهُ (یُکَلِّمَ، هٗ، اَللّٰهُ) یُکَلِّمَ، فعل مضارع واحد مذکر غائب منصوب کَلَّمَ یُکَلِّمُ، مصدر تَکۡلِیۡمٌ، کلام کرنا، وہ کلام کرے، هٗ، ضمیر واحد مذکر غائب، اس، اَللّٰهُ، فاعل، اللہ (اللہ اس سے کلام کرے) اِلَّا، حرف استثنا (مگر) وَحۡیًا، مصدر (وحی بھیجنا، وحی) اَوۡ، حرف عطف (یا)

مِنۡ وَّرَآئِ حِجَابٍ (مِنۡ، وَرَآئِ، حِجَابٍ) مِنۡ، حرف جار، سے، وَرَآئِ، مضاف، مصدر، بطور ظرف استعمال کیا جاتا ہے، آگے ہونا، پیچھے ہونا، فصل اور حد بندی پر دلالت کرتا ہے، حِجَابٍ، مضاف الیہ، پردے کے (پردے کے پیچھے سے) اَوۡ، حرف عطف (یا) یُرۡسِلَ، فعل مضارع واحد مذکر غائب منصوب اَرۡسَلَ یُرۡسِلُ، مصدر اِرۡسَالًا، بھیجنا (وہ بھیجے) رَسُوۡلًا (کوئی رسول)

فَیُوۡحِیَ (فَ، یُوۡحِیَ) فَ، حرف عطف، پھر، یُوۡحِیَ، فعل مضارع واحد مذکر غائب منصوب اَوۡحٰی یُوۡحِیۡ، مصدر اِیۡحَآءٌ، وحی کرنا، وہ وحی کرے (پھر وہ وحی کرے)

بِاِذۡنِهٖ (بِ، اِذۡنِ، هٖ) بِ، حرف جار، کے ساتھ، اِذۡنِ، مجرور، مضاف، حکم، اجازت، مشیت، هٖ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر غائب، اپنے (اپنے حکم کے ساتھ) مَا، موصولہ (جو)

یَشَآءُ، فعل مضارع واحد مذکر غائب شَآءَ یَشَآءُ، مصدر مَشِیۡٓئَةٌ، چاہنا (وہ چاہے)

اِنَّهٗ عَلِیٌّ حَکِیۡمٌ ۞	بے شک وہ بہت بلند، بڑی حکمت والا ہے

اِنَّهٗ (اِنَّ، هٗ) اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل، بے شک، هٗ، ضمیر واحد مذکر غائب، وہ (بے شک وہ)

عَلِیٌّ، اللہ کا صفاتی نام، عَلَآءٌ، مصدر سے صفت مشبہ (بہت بلند)

حَکِیۡمٌ، اللہ کا صفاتی نام، حِکۡمَةٌ، مصدر سے صفت مشبہ (بڑی حکمت والا)

وَ کَذٰلِکَ اَوۡحَیۡنَاۤ اِلَیۡکَ رُوۡحًا مِّنۡ اَمۡرِنَا ؕ	اور اسی طرح ہم نے آپ کی طرف اپنے حکم سے روح (قرآن) کی وحی کی

وَ، حرف عطف (اور) کَذٰلِكَ (كَ، ذٰلِكَ) كَ، حرف جار اور حرف تشبیہ، مانند، جیسا، طرح، ذٰلِكَ، اسم اشارہ واحد مذکر بعید، اسی، یہ، اس (اسی طرح) اَوۡحَیۡنَآ، فعل ماضی جمع متکلم اَوۡحٰی یُوۡحِیۡ، مصدر اِیۡحَآءٌ، وحی کرنا (ہم نے وحی کی) اِلَیۡكَ (اِلٰی، كَ) اِلٰی، حرف جار، کی طرف، كَ، مجرور، ضمیر واحد مذکر حاضر، آپ (آپ کی طرف) رُوۡحًا (روح) مراد قرآن ہے، مِّنۡ اَمۡرِنَا (مِنۡ، اَمۡرِ، نَا) مِنۡ، حرف جار، سے، اَمۡرِ، مجرور، مضاف، حکم، نَا، مضاف الیہ، ضمیر جمع متکلم، اپنے (اپنے حکم سے)

مَا کُنۡتَ تَدۡرِیۡ مَا الۡکِتٰبُ وَ لَا الۡاِیۡمَانُ وَ لٰکِنۡ جَعَلۡنٰهُ نُوۡرًا نَّهۡدِیۡ بِهٖ مَنۡ نَّشَآءُ مِنۡ عِبَادِنَا ؕ	آپ نہیں جانتے تھے کہ کتاب کیا ہے اور نہ ایمان کو اور لیکن ہم نے اسے نور بنا دیا ہے اس کے ذریعے ہم اپنے بندوں میں سے جسے چاہتے ہیں ہدایت دیتے ہیں

مَا، نافیہ (نہیں) کُنۡتَ، فعل ناقص ماضی واحد مذکر حاضر کَانَ یَکُوۡنُ، مصدر کَوۡنًا، ہونا (آپ تھے)

تَدۡرِیۡ، فعل مضارع واحد مذکر حاضر دَرٰی یَدۡرِیۡ، مصدر دِرَایَةٌ، جاننا (آپ جانتے)

مَا الۡکِتٰبُ (مَا، اَلۡکِتٰبُ) مَا، استفہامیہ، کیا، اَلۡکِتٰبُ، کتاب، مراد قرآن ہے (کتاب کیا ہے)

وَ، حرف عطف (اور) لَا، نافیہ (نہ) اَلۡاِیۡمَانُ (ایمان) وَ، حرف عطف (اور) لٰکِنۡ، استدراک کیلئے (لیکن)

جَعَلۡنٰهُ (جَعَلۡنَا، هُ) جَعَلۡنَا، فعل ماضی جمع متکلم جَعَلَ یَجۡعَلُ، مصدر جَعۡلًا، بنانا، ہم نے بنا دیا ہے، هُ، ضمیر واحد مذکر غائب، اسے، ضمیر کا مرجع، اَلۡکِتٰبُ، ہے (ہم اسے بنا دیا ہے)

نُوۡرًا (نور، روشنی) نَهۡدِیۡ، فعل مضارع جمع متکلم هَدٰی یَهۡدِیۡ، مصدر هِدَایَةٌ، ہدایت دینا (ہم ہدایت دیتے ہیں) بِهٖ (بِ، هٖ) بِ، حرف جار، کے ذریعے، هٖ، مجرور، ضمیر واحد مذکر غائب، اس (اس کے ذریعے)

مَنۡ، اسم موصول (جسے) نَشَآءُ، فعل مضارع جمع متکلم شَآءَ یَشَآءُ، مصدر مَشِیۡٓئَةٌ، چاہنا (ہم چاہتے ہیں)

مِنۡ عِبَادِنَا (مِنۡ، عِبَادِ، نَا) مِنۡ، حرف جار، سے، عِبَادِ، مجرور، مضاف، بندوں، واحد، عَبۡدٌ، نَا، مضاف الیہ، ضمیر جمع متکلم، اپنے (اپنے بندوں میں سے)

وَ اِنَّكَ لَتَهۡدِیۡۤ اِلٰی صِرَاطٍ	اور بلاشبہ آپ یقیناً سیدھے راستے کی طرف ہدایت

مُّسۡتَقِيۡمٍ ۙ﴿۵۲﴾	دیتے ہیں

وَ، حرف عطف (اور) اِنَّكَ(اِنَّ، كَ)اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل، بے شک، بلا شبہ، كَ، ضمیر واحد مذکر حاضر، آپ (بلاشبہ آپ) لَتَهۡدِيۡٓ(لَ، تَهۡدِيۡ)لَ، لام تاکید، یقیناً، ضرور، تَهۡدِيۡ، فعل مضارع واحد مذکر حاضر هَدٰی يَهۡدِيۡ، مصدر هِدَايَةٌ، ہدایت دینا، رہنمائی کرنا، آپ ہدایت دیتے ہیں (یقیناً آپ ہدایت دیتے ہیں) اِلٰى صِرَاطٍ مُّسۡتَقِيۡمٍ (اِلٰى، صِرَاطٍ، مُّسۡتَقِيۡمٍ)اِلٰى، حرف جار، کی طرف، صِرَاطٍ، مجرور، موصوف، راستے، مُّسۡتَقِيۡمٍ، صفت، اِسۡتِقَامَةٌ، مصدر سے اسم فاعل واحد مذکر، سیدھا، درست (سیدھے راستے کی طرف)

صِرَاطِ اللّٰهِ الَّذِيۡ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَ مَا فِي الۡاَرۡضِ ؕ	(اس) اللہ کے راستے (کی طرف) جس کا ہے وہ جو آسمانوں میں ہے اور جو زمین میں ہے

صِرَاطِ اللّٰهِ(صِرَاطِ، اَللّٰهِ)صِرَاطِ، مضاف، راستہ، اَللّٰهِ، مضاف الیہ، اللہ کے (اللہ کے راستے)

اَلَّذِيۡ، اسم موصول واحد مذکر (جس) لَهٗ(لَ، هٗ)لَ، حرف جار، کا، هٗ، مجرور، ضمیر واحد مذکر غائب، اس، ضمیر کا مرجع، اَللّٰهِ، ہے (اس کا) مَا، موصولہ (وہ جو)

فِي السَّمٰوٰتِ(فِيۡ، اَلسَّمٰوٰتِ)فِيۡ، حرف جار، میں، اَلسَّمٰوٰتِ، مجرور، آسمانوں، واحد، اَلسَّمَآءُ (آسمانوں میں)

وَ، حرف عطف (اور) مَا، موصولہ (جو)

فِي الۡاَرۡضِ(فِيۡ، اَلۡاَرۡضِ)فِيۡ، حرف جار، میں، اَلۡاَرۡضِ، مجرور، زمین (زمین میں)

اَلَاۤ اِلَى اللّٰهِ تَصِيۡرُ الۡاُمُوۡرُ ﴿۵۳﴾	آگاہ ہو جاؤ تمام معاملات اللہ کی طرف لوٹتے ہیں

رکوع ۵

اَلَا، کلمہ تنبیہ (سن لو، خبردار، آگاہ ہو جاؤ) اِلَى اللّٰهِ(اِلٰى، اَللّٰهِ)اِلٰى، حرف جار، کی طرف، اَللّٰهِ، مجرور، اللہ (اللہ کی طرف) تَصِيۡرُ، فعل مضارع واحد مؤنث غائب صَيَّرَ يَصِيۡرُ، مصدر صَيۡرًا، پہنچنا، آنا، لوٹنا (وہ لوٹتے ہیں) الۡاُمُوۡرُ (معاملات، سب کام، تمام امور) واحد، اَمۡرٌ،

اٰیَاتُهَا:۸۹	سُوۡرَةُ الزُّخۡرُفِ مَکِّیَّةٌ	رُکُوۡعَاتُهَا:۷

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اللہ کے نام سے جو نہایت مہربان بہت رحم کرنے والا ہے۔

حٰمٓ ۚ﴿۱﴾	حا، میم، حروف مقطعات ہیں

حٰمٓ، حا، میم، حروف مقطعات ہیں، حقیقی معنی اللہ اور اس کا رسول جانتے ہیں

وَالۡکِتٰبِ الۡمُبِیۡنِ ۙ﴿۲﴾	قسم ہے واضح کتاب کی

وَ الۡکِتٰبِ الۡمُبِیۡنِ(وَ، اَلۡکِتٰبِ، اَلۡمُبِیۡنِ)وَ، قسمیہ، حرف جار، قسم ہے، اَلۡکِتٰبِ، مجرور، مقسم بہ، موصوف، کتاب، اَلۡمُبِیۡنِ، صفت، اِبَانَةٌ، مصدر سے اسم فاعل واحد مذکر، روشن، واضح، کھلی (قسم ہے واضح کتاب کی)

اِنَّا جَعَلۡنٰهُ قُرۡءٰنًا عَرَبِیًّا لَّعَلَّکُمۡ تَعۡقِلُوۡنَ ۚ﴿۳﴾	بے شک ہم نے اُسے عربی (زبان کا) قرآن بنایا ہے تاکہ تم سمجھو

اِنَّا(اِنَّ، نَا)اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل، بے شک، نَا، ضمیر جمع متکلم، ہم (بے شک ہم)

جَعَلۡنٰهُ(جَعَلۡنَا، هُ)جَعَلۡنَا، فعل ماضی جمع متکلم جَعَلَ یَجۡعَلُ، مصدر جَعۡلًا، بنانا، ہم نے بنایا ہے، هُ، ضمیر واحد مذکر غائب، اُسے (ہم نے اُسے بنایا ہے) قُرۡءٰنًا عَرَبِیًّا(قُرۡءٰنًا، عَرَبِیًّا)قُرۡءٰنًا، موصوف، قرآن، عَرَبِیًّا، صفت، عربی (زبان) (عربی (زبان کا) قرآن)

لَّعَلَّکُمۡ (لَعَلَّ، کُمۡ)لَعَلَّ، حرف مشبہ بالفعل، تاکہ، کُمۡ، ضمیر جمع مذکر حاضر، تم (تاکہ تم)

تَعۡقِلُوۡنَ، فعل مضارع جمع مذکر حاضر عَقَلَ یَعۡقِلُ، مصدر عَقۡلًا، عقل سے کام لینا، سمجھنا (تم سمجھو)

وَ اِنَّهٗ فِیۡۤ اُمِّ الۡکِتٰبِ لَدَیۡنَا لَعَلِیٌّ حَکِیۡمٌ ؕ﴿۴﴾	اور بے شک وہ ہمارے پاس اصل کتاب (لوح محفوظ) میں ہے یقیناً بہت بلند مرتبہ، بڑی حکمت والا ہے

وَ، حرف عطف (اور) اِنَّہٗ(اِنَّ، ہٗ)اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل، بے شک، ہٗ، ضمیر واحد مذکر غائب، وہ ضمیر کا مرجع قُرۡءٰنًا ہے (بے شک وہ) فِیۡۤ اُمِّ الۡکِتٰبِ(فِیۡ، اُمِّ، اَلۡکِتٰبِ)فِیۡ، حرف جار، میں، اُمِّ، مجرور، مضاف، ماں، اصل، اَلۡکِتٰبِ، مضاف الیہ، کتاب (اصل کتاب میں) اُمِّ الۡکِتٰبِ، سے مراد (لوح محفوظ) ہے،

لَدَیۡنَا(لَدَیۡ، نَا)لَدَیۡ، مضاف، اصل میں، لَدٰی، ہے، ضمیر کی طرف اضافت کے وقت، عَلٰی، حرف جار کی طرح ہوتا ہے، ظرف مکان، پاس، ہاں، نَا، مضاف الیہ، ضمیر جمع متکلم، ہمارے (ہمارے پاس)

لَعَلِیٌّ(لَ، عَلِیٌّ)لَ، لام تاکید، یقیناً، عَلِیٌّ، عَلَآءٌ، مصدر سے صفت مشبہ، بہت بلند مرتبہ (یقیناً بہت بلند مرتبہ) حَکِیۡمٌ، حِکۡمَۃٌ، مصدر سے صفت مشبہ (بڑی حکمت والا)

اَفَنَضۡرِبُ عَنۡکُمُ الذِّکۡرَ صَفۡحًا اَنۡ کُنۡتُمۡ قَوۡمًا مُّسۡرِفِیۡنَ ۝	تو کیا ہم تم سے نصیحت کو روک دیں اعراض کرتے ہوئے کہ تم حد سے بڑھنے والے لوگ ہو

اَفَنَضۡرِبُ(اَ، فَ، نَضۡرِبُ)اَ، ہمزہ استفہامیہ، کیا، فَ، حرف عطف، تو، نَضۡرِبُ، فعل مضارع جمع متکلم ضَرَبَ یَضۡرِبُ، مصدر ضَرۡبًا، ہٹا دینا، روک دینا، ہم روک دیں (تو کیا ہم روک دیں)

عَنۡکُمۡ(عَنۡ، کُمۡ)عَنۡ، حرف جار، سے، کُمۡ، مجرور، ضمیر جمع مذکر حاضر، تم (تم سے)

الذِّکۡرَ (ذکر، نصیحت) صَفۡحًا، صَفَحَ یَصۡفَحُ، کا مصدر، صرف نظر کرنا (اعراض کرتے ہوئے)

اَنۡ، مصدریہ ناصبہ (کہ) کُنۡتُمۡ، فعل ناقص ماضی جمع مذکر حاضر کَانَ یَکُوۡنُ، مصدر کَوۡنًا، ہونا (تم ہو) قَوۡمًا (قوم، لوگ) مُّسۡرِفِیۡنَ اِسۡرَافًا، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر (حد سے بڑھنے والے) واحد، مُسۡرِفٌ،

وَ کَمۡ اَرۡسَلۡنَا مِنۡ نَّبِیٍّ فِی الۡاَوَّلِیۡنَ ۝	اور کتنے ہی نبی ہم نے پہلے لوگوں میں بھیجے

وَ، حرف عطف (اور) کَمۡ، استفہامیہ، تعداد کو ظاہر کرتا ہے (کتنے)

اَرۡسَلۡنَا، فعل ماضی جمع متکلم اَرۡسَلَ یُرۡسِلُ، مصدر اِرۡسَالًا، بھیجنا (ہم نے بھیجے)

مِنۡ نَّبِیٍّ(مِنۡ، نَبِیٍّ)مِنۡ، حرف جار، ترجمہ کی ضرورت نہیں، نَبِیٍّ، مجرور (نبی)

فِی الۡاَوَّلِیۡنَ (فِیۡ، اَلۡاَوَّلِیۡنَ) فِیۡ، حرف جار، میں، اَلۡاَوَّلِیۡنَ، مجرور، پہلے، پہلے لوگوں (پہلے لوگوں میں)

وَ مَا یَاۡتِیۡهِمۡ مِّنۡ نَّبِیٍّ اِلَّا کَانُوۡا بِهٖ یَسۡتَهۡزِءُوۡنَ ۝	اور اُن کے پاس کوئی نبی نہیں آتا تھا مگر وہ اُس کا مذاق اُڑایا کرتے تھے

وَ، حرف عطف (اور) مَا، نافیہ (نہیں) یَاۡتِیۡهِمۡ (یَاۡتِیۡ، هِمۡ) یَاۡتِیۡ، فعل مضارع واحد مذکر غائب اَتٰی یَاۡتِیۡ، مصدر اِتۡیَانٌ، آنا، وہ آتا، هِمۡ، ضمیر جمع مذکر غائب، اُن کے (وہ اُن کے پاس آتا)

مِّنۡ نَّبِیٍّ (مِنۡ، نَبِیٍّ) مِنۡ، حرف جار، برائے عموم، نَبِیٍّ، مجرور (کوئی نبی) اِلَّا، حرف استثنا (مگر)

کَانُوۡا، فعل ناقص ماضی جمع مذکر غائب کَانَ یَکُوۡنُ، مصدر کَوۡنًا، ہونا (وہ تھے)

بِهٖ (بِ، هٖ) بِ، حرف جار، کا، هٖ، مجرور، ضمیر واحد مذکر غائب، اس (اس کا) یَسۡتَهۡزِءُوۡنَ، فعل مضارع جمع مذکر غائب اِسۡتَهۡزَاَ یَسۡتَهۡزِئُ، مصدر اِسۡتِهۡزَآءٌ، مذاق اُڑانا (وہ مذاق اُڑایا کرتے)

فَاَهۡلَکۡنَاۤ اَشَدَّ مِنۡهُمۡ بَطۡشًا وَّ مَضٰی مَثَلُ الۡاَوَّلِیۡنَ ۝	تو ہم نے ہلاک کر دیا (جو) پکڑنے میں ان (کفار مکہ) سے زیادہ سخت تھے اور پہلے لوگوں کی مثال گزر چکی ہے

فَاَهۡلَکۡنَاۤ (فَ، اَهۡلَکۡنَا) فَ، حرف عطف، تو، اَهۡلَکۡنَا، فعل ماضی جمع متکلم اَهۡلَكَ یُهۡلِكُ، مصدر اِهۡلَاكٌ، ہلاک کرنا، ہم نے ہلاک کر دیا (تو ہم نے ہلاک کر دیا) اَشَدَّ، شِدَّةٌ، مصدر سے افعل التفضیل کا صیغہ (زیادہ سخت) مِنۡهُمۡ (مِنۡ، هُمۡ) مِنۡ، حرف جار، سے، هُمۡ، مجرور، ضمیر جمع مذکر غائب، اُن (اُن سے)

بَطۡشًا، سختی اور گرفت کے ساتھ پکڑنے کو، بَطۡشًا، کہتے ہیں (پکڑ، گرفت، زور، پکڑنا)

وَ، حرف عطف (اور) مَضٰی، فعل ماضی واحد مذکر غائب مَضٰی یَمۡضِیۡ، مصدر مُضِیًّا، چلے جانا، گزر جانا (وہ گزر چکی) مَثَلُ الۡاَوَّلِیۡنَ (مَثَلُ، اَلۡاَوَّلِیۡنَ) مَثَلُ، مضاف، مثال، اَلۡاَوَّلِیۡنَ، مضاف الیہ، پہلوں، پہلے لوگوں (پہلے لوگوں کی مثال)

وَ لَئِنۡ سَاَلۡتَهُمۡ مَّنۡ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَ الۡاَرۡضَ لَیَقُوۡلُنَّ خَلَقَهُنَّ الۡعَزِیۡزُ	اور بلاشبہ اگر آپ ان سے پوچھیں کس نے آسمانوں اور زمین کو پیدا کیا ہے تو یقیناً وہ ضرور کہیں گے کہ

الْعَلِيْمُ ۝	انہیں بڑے غالب، خوب جاننے والے نے پیدا کیا ہے

وَ، حرف عطف (اور) لَئِنْ (لَ، اِنْ) لَ، لام تاکید، یقیناً، بلاشبہ، اِنْ، شرطیہ جازمہ، اگر (بلاشبہ اگر)
سَاَلْتَهُمْ (سَاَلْتَ، هُمْ) سَاَلْتَ، فعل ماضی واحد مذکر حاضر سَاَلَ يَسْئَلُ، مصدر سُؤَالًا، سوال کرنا، پوچھنا، آپ پوچھیں، هُمْ، ضمیر جمع مذکر غائب، اُن (آپ اُن سے پوچھیں)
مَنْ، استفہامیہ (کس نے) خَلَقَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب خَلَقَ يَخْلُقُ، مصدر خَلْقًا، پیدا کرنا (اس نے پیدا کیا ہے) اَلسَّمٰوٰتِ (آسمانوں) واحد، اَلسَّمَآءُ، وَ، حرف عطف، اور، اَلْاَرْضَ (زمین)
لَيَقُوْلُنَّ (لَ، يَقُوْلُنَّ) لَ، تاکید، یقیناً، يَقُوْلُنَّ، فعل مضارع بانون تاکید ثقیلہ جمع مذکر غائب قَالَ يَقُوْلُ، مصدر قَوْلًا، کہنا، وہ ضرور کہیں گے (یقیناً وہ ضرور کہیں گے)
خَلَقَهُنَّ (خَلَقَ، هُنَّ) خَلَقَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب خَلَقَ يَخْلُقُ، مصدر خَلْقًا، پیدا کرنا، اس نے پیدا کیا، هُنَّ، ضمیر جمع مؤنث غائب، اُنہیں، ضمیر کا مرجع، اَلسَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضَ (اُس نے اُنہیں پیدا کیا)
اَلْعَزِيْزُ، اللہ کا صفاتی نام، عِزَّةٌ، مصدر سے مبالغہ کا صیغہ (بہت زبردست، بڑے غالب)
اَلْعَلِيْمُ، اللہ کا صفاتی نام، عِلْمًا، مصدر سے مبالغہ کا صیغہ (خوب جاننے والا)

الَّذِيْ جَعَلَ لَكُمُ الْاَرْضَ مَهْدًا وَّ جَعَلَ لَكُمْ فِيْهَا سُبُلًا لَّعَلَّكُمْ تَهْتَدُوْنَ ۝	وہ جس نے تمہارے لئے زمین کو بچھونا بنایا اور اس نے اس میں تمہارے لئے راستے بنائے تاکہ تم راہ پاؤ

اَلَّذِيْ، اسم موصول واحد مذکر (وہ جس نے) جَعَلَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب جَعَلَ يَجْعَلُ، مصدر جَعْلًا، بنانا (اس نے بنایا) لَكُمُ (لَ، كُمُ) لَ، حرف جار، لئے، كُمُ، مجرور، ضمیر جمع مذکر حاضر، تمہارے (تمہارے لئے) اَلْاَرْضَ (زمین) مَهْدًا، مصدر (بچھانا، ہموار کرنا، فرش، ٹھکانہ، بچھونا)
وَ، حرف عطف (اور) جَعَلَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب جَعَلَ يَجْعَلُ، مصدر جَعْلًا، بنانا (اُس نے بنائے) لَكُمْ (لَ، كُمْ) لَ، حرف جار، لئے، كُمْ، مجرور، ضمیر جمع مذکر حاضر، تمہارے (تمہارے لئے)
فِيْهَا (فِيْ، هَا) فِيْ، حرف جار، میں، هَا، مجرور، ضمیر واحد مؤنث غائب، اُس، ضمیر کا مرجع، اَلْاَرْضَ، ہے

(ان میں) سُبُلًا (راستے) واحد، سَبِيۡلٌ، لَّعَلَّكُمۡ (لَّعَلَّ، كُمۡ) لَّعَلَّ، حرف مشبہ بالفعل، تاکہ، كُمۡ، ضمیر جمع مذکر حاضر، تم (تاکہ تم) تَهۡتَدُوۡنَ، فعل مضارع جمع مذکر حاضر اِهۡتَدٰى يَهۡتَدِىۡ، مصدر اِهۡتِدَآءٌ، ہدایت پانا، راہ پانا (تم راہ پاؤ)

وَالَّذِىۡ نَزَّلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءًۢ بِقَدَرٍ ۚ	اور وہ جس نے آسمان سے اندازے کے مطابق پانی اتارا

وَ، حرف عطف (اور) اَلَّذِىۡ، اسم موصول واحد مذکر (وہ جس نے)

نَزَّلَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب نَزَّلَ يُنَزِّلُ، مصدر تَنۡزِيۡلٌ، اتارنا (اس نے اتارا)

مِنَ السَّمَآءِ (مِنۡ، اَلسَّمَآءِ) مِنۡ، حرف جار، سے، اَلسَّمَآءِ، مجرور، آسمان، جمع، اَلسَّمٰوٰتُ (آسمان سے)

مَآءً (پانی) بِقَدَرٍ (بِ، قَدَرٍ) بِ، حرف جار، کے ساتھ، کے مطابق،

قَدَرٍ، مجرور، اندازے (اندازے کے مطابق)

فَاَنۡشَرۡنَا بِهٖ بَلۡدَةً مَّيۡتًا ۚ	پھر ہم نے اُس سے مُردہ شہر کو زندہ کر دیا

فَاَنۡشَرۡنَا (فَ، اَنۡشَرۡنَا) فَ، حرف عطف، پھر، اَنۡشَرۡنَا، فعل ماضی جمع متکلم اَنۡشَرَ يُنۡشِرُ، مصدر اِنۡشَارٌ، زندہ کرنا، اٹھا کھڑا کرنا، ہم نے زندہ کر دیا (پھر ہم نے زندہ کر دیا)

بِهٖ (بِ، هٖ) بِ، حرف جار، سے، هٖ، مجرور، ضمیر واحد مذکر غائب، اُس (اُس سے)

بَلۡدَةً مَّيۡتًا (بَلۡدَةً، مَّيۡتًا) بَلۡدَةً، موصوف، شہر، مَّيۡتًا، صفت، مُردہ، بے جان، جمع، مَوۡتٰى (مُردہ شہر)

كَذٰلِكَ تُخۡرَجُوۡنَ ۝۱۱	اسی طرح تم (زمین سے) نکالے جاؤ گے

كَذٰلِكَ (كَ، ذٰلِكَ) كَ، حرف تشبیہ، مانند، جیسا، طرح، ذٰلِكَ، اسم اشارہ واحد مذکر، اسی (اسی طرح)

تُخۡرَجُوۡنَ، فعل مضارع مجہول جمع مذکر حاضر اَخۡرَجَ يُخۡرِجُ، مصدر اِخۡرَاجًا، نکالنا (تم نکالے جاؤ گے)

وَ الَّذِىۡ خَلَقَ الۡاَزۡوَاجَ كُلَّهَا وَ جَعَلَ لَكُمۡ مِّنَ الۡفُلۡكِ وَ الۡاَنۡعَامِ مَا تَرۡكَبُوۡنَ ۝۱۲	اور وہ جس نے ان تمام (چیزوں) کے جوڑے پیدا کئے اور اس نے تمہارے لئے کشتیاں اور چوپائے بنائے جن پر تم سوار ہوتے ہو

وَ، حرف عطف (اور) اَلَّذِیۡ، اسم موصول واحد مذکر (وہ جس نے)
خَلَقَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب خَلَقَ یَخۡلُقُ، مصدر خَلۡقًا، پیدا کرنا (اس نے پیدا کئے)
الۡاَزۡوَاجَ، جوڑے، واحد، زَوۡجٌ (نر اور مادہ) کُلَّهَا (کُلَّ ،هَا) کُلَّ، مضاف، تمام، هَا، مضاف الیہ، ضمیر واحد مؤنث غائب، اس، ضمیر کا مرجع، اَلۡاَزۡوَاجَ، ہے (ان تمام (چیزوں) کے) وَ، حرف عطف (اور)
جَعَلَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب جَعَلَ یَجۡعَلُ، مصدر جَعۡلًا، بنانا (اس نے بنائے)
لَکُمۡ (لَ، کُمۡ) لَ، حرف جار، لئے، کُمۡ، مجرور، ضمیر جمع مذکر حاضر، تمہارے (تمہارے لئے)
مِّنَ الۡفُلۡكِ (مِنۡ، اَلۡفُلۡكِ) مِنۡ، حرف جار، ترجمہ کی ضرورت نہیں، اَلۡفُلۡكِ، مجرور (کشتیاں) واحد، فَلَكٌ، وَ، حرف عطف (اور) اَلۡاَنۡعَامِ (چوپائے، مویشی) واحد، نَعۡمٌ، مَا، موصولہ (جن)
تَرۡکَبُوۡنَ، فعل مضارع جمع مذکر حاضر رَکِبَ یَرۡکَبُ، مصدر رُکُوۡبًا، سوار ہونا (تم سوار ہوتے ہو)

لِتَسۡتَوٗا عَلٰی ظُهُوۡرِهٖ ثُمَّ تَذۡكُرُوۡا نِعۡمَةَ رَبِّكُمۡ اِذَا اسۡتَوَيۡتُمۡ عَلَيۡهِ وَ تَقُوۡلُوۡا سُبۡحٰنَ الَّذِیۡ سَخَّرَ لَنَا هٰذَا وَمَا كُنَّا لَهٗ مُقۡرِنِيۡنَ ﴿۱۳﴾	تاکہ تم اُن کی پیٹھوں پر جم کر بیٹھو پھر تم اپنے رب کی نعمت یاد کرو جب تم اُن پر جم کر بیٹھ جاؤ اور تم کہو پاک ہے وہ جس نے اسے ہمارے لئے تابع کر دیا حالانکہ ہم اس کو قابو میں لانے والے نہیں تھے

لِتَسۡتَوٗا (لِ، تَسۡتَوٗا) لِ، لام تعلیل ناصبہ، تاکہ، تَسۡتَوٗا، فعل مضارع منصوب جمع مذکر حاضر اِسۡتَوٰی یَسۡتَوِیۡ، مصدر اِسۡتِوَاءٌ، برابر ہونا، قرار پکڑنا، جم کر بیٹھا، تم جم کر بیٹھو (تاکہ تم جم کر بیٹھو)
عَلٰی ظُهُوۡرِهٖ (عَلٰی، ظُهُوۡرِ، هٖ) عَلٰی، حرف جار، پر، ظُهُوۡرِ، مجرور، مضاف، پیٹھوں، واحد، ظَهۡرٌ، هٖ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر غائب، اس کی، ضمیر کا مرجع، اَلۡفُلۡكِ وَ الۡاَنۡعَامِ، ہے (ان کی پیٹھوں پر)
ثُمَّ، حرف عطف (پھر) تَذۡكُرُوۡا، فعل مضارع جمع مذکر حاضر ذَکَرَ یَذۡکُرُ، مصدر ذِکۡرًا، یاد کرنا (تم یاد کرو) نِعۡمَةَ (نعمت) رَبِّكُمۡ (رَبِّ، كُمۡ) رَبِّ، مضاف، رب، كُمۡ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر حاضر، اپنے (اپنے رب کی) اِذَا، اسم ظرف مستقبل متضمن بمعنی شرط (جب) اِسۡتَوَيۡتُمۡ، فعل ماضی جمع مذکر حاضر

اِسْتَوٰی یَسْتَوِیْ، مصدر اِسْتِوَآءٌ، قرار پکڑنا، جم کر بیٹھا،اِذَا، کی وجہ سے ترجمہ (تم جم کر بیٹھ جاؤ)
عَلَيْهِ(عَلٰی، ہٖ)عَلٰی، حرف جار، پر، ہٖ، مجرور، ضمیر واحد مذکر غائب، اس، ضمیر کا مرجع،
اَلْفُلْكِ وَ الْاَنْعَامِ، ہے (اُن پر) وَ، حرف عطف (اور) تَقُوْلُوْا، فعل مضارع جمع مذکر حاضر قَالَ يَقُوْلُ،
مصدر قَوْلًا، کہنا (تم کہو) سُبْحٰنَ، مصدر ہے بمعنی، تسبیح کرنے (پاک ہے)
اَلَّذِیْ، اسم موصول واحد مذکر (وہ جس نے) سَخَّرَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب سَخَّرَ يُسَخِّرُ، مصدر
تَسْخِيْرٌ، مسخر کرنا، تابع کرنا (اس نے تابع کر دیا) لَنَا(لَ، نَا)لَ، حرف جار، لئے، نَا، مجرور، ضمیر جمع
متکلم، ہمارے (ہمارے لئے) هٰذَا، اسم اشارہ واحد مذکر قریب (یہ اسے) وَ، حالیہ (حالانکہ) مَا، نافیہ (نہیں)
كُنَّا، فعل ناقص ماضی جمع متکلم كَانَ يَكُوْنُ، مصدر كَوْنًا، ہونا (ہم تھے)
لَهٗ(لَ، ہٗ)لَ، حرف جار، کو، ہٗ، مجرور، ضمیر واحد مذکر غائب، اس (اس کو)
مُقْرِنِيْنَ، اِقْرَانٌ، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر (قابو میں لانے والے) واحد، مُقْرِنٌ،

وَ اِنَّاۤ اِلٰى رَبِّنَا لَمُنْقَلِبُوْنَ ﴿۱۴﴾	اور بلاشبہ ہم اپنے رب کی طرف یقیناً لوٹ کر جانے والے ہیں

وَ، حرف عطف (اور) اِنَّاۤ(اِنَّ، نَا)اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل، بے شک، بلاشبہ، نَا، ضمیر جمع متکلم، ہم (بلا شبہ
ہم) اِلٰى رَبِّنَا(اِلٰی، رَبِّ، نَا)اِلٰی، حرف جار، کی طرف، رَبِّ، مجرور، مضاف، رب، نَا، مضاف الیہ، ضمیر جمع
متکلم، اپنے (اپنے رب کی طرف) لَمُنْقَلِبُوْنَ(لَ، مُنْقَلِبُوْنَ)لَ، لام تاکید، ضرور، یقیناً،
مُنْقَلِبُوْنَ، اِنْقِلَابٌ، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر، لوٹ کر جانے والے، پلٹنے والے،
واحد مُنْقَلِبٌ (یقیناً لوٹ کر جانے والے)

وَ جَعَلُوْا لَهٗ مِنْ عِبَادِهٖ جُزْءًا ؕ	اور اُنہوں نے اس کے بندوں میں سے بعض کو اُس (اللہ) کا جز بنا دیا

وَ، حرف عطف (اور) جَعَلُوْا، فعل ماضی جمع مذکر غائب جَعَلَ يَجْعَلُ، مصدر جَعْلًا، بنانا (اُنہوں نے
بنادیا) لَهٗ(لَ، ہٗ)لَ، حرف جار، کا، ہٗ، مجرور، ضمیر واحد مذکر غائب، اُس، ضمیر کا مرجع، اللہ، ہے (اُس کا)

مِنْ عِبَادِهٖ(مِنْ،عِبَادِ،هٖ)مِنْ، حرف جار تبعیضیہ، میں سے بعض،عِبَادِ، مجرور، مضاف، بندوں، واحد،عَبْدٌ،هٖ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر غائب،اُس کے (اُس کے بندوں میں سے بعض) جُزْءًا(جز، حصہ) جمع،اَجْزَآءٌ،

اِنَّ الْاِنْسَانَ لَكَفُوْرٌ مُّبِيْنٌ ﴿١٥﴾	بلاشبہ انسان یقیناً صریح ناشکرا ہے

ع ۱۵

اِنَّ الْاِنْسَانَ(اِنَّ،اَلْاِنْسَانَ)اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل، ناصب الاسم، بے شک، بلاشبہ،اَلْاِنْسَانَ، اِنَّ،کا اسم، منصوب،انسان (بلاشبہ انسان)لَكَفُوْرٌ مُّبِيْنٌ(لَ،كَفُوْرٌ،مُّبِيْنٌ)لَ،لام تاکید، ضرور، یقیناً، كَفُوْرٌ، موصوف،كُفْرَانًا،مصدر سے مبالغہ کا صیغہ، بہت ناشکرا،

مُّبِيْنٌ،صفت،اِبَانَةٌ،مصدر سے اسم فاعل واحد مذکر، کھلا، واضح، صریح (یقیناً صریح ناشکرا)

اَمِ اتَّخَذَ مِمَّا يَخْلُقُ بَنٰتٍ وَّ اَصْفٰكُمْ بِالْبَنِيْنَ ﴿١٦﴾	کیا اس نے اس (مخلوق) میں سے جو وہ پیدا کرتا ہے (اپنے لئے) بیٹیاں رکھ لیں اور اس نے تمہیں بیٹوں کیلئے چن لیا؟

اَمِ،استفہامیہ (کیا)اِتَّخَذَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب اِتَّخَذَ يَتَّخِذُ، مصدر اِتِّخَاذٌ، بنانا، پکڑنا، رکھ لینا(اس نے رکھ لیں)مِمَّا(مِنْ،مَا)مِنْ، حرف جار، سے،مَا، موصولہ، مجرور، جو(اس سے جو) يَخْلُقُ، فعل مضارع واحد مذکر غائب خَلَقَ يَخْلُقُ، مصدر خَلْقًا، پیدا کرنا (وہ پیدا کرتا ہے) بَنٰتٍ (بیٹیاں) واحد،بِنْتٌ،وَ، حرف عطف (اور)اَصْفٰكُمْ (اَصْفٰى،كُمْ)اَصْفٰى، فعل ماضی واحد مذکر غائب اَصْفٰى يُصْفِىْ، مصدر اِصْفَآءٌ، چن لینا،اس نے چن لیا،كُمْ، ضمیر جمع مذکر حاضر، تمہیں (اس نے تمہیں چن لیا)بِالْبَنِيْنَ(بِ،اَلْبَنِيْنَ)بِ، حرف جار، کیلئے،اَلْبَنِيْنَ، بیٹوں، واحد،اِبْنٌ (بیٹوں کیلئے)

وَ اِذَا بُشِّرَ اَحَدُهُمْ بِمَا ضَرَبَ لِلرَّحْمٰنِ مَثَلًا ظَلَّ وَجْهُهٗ مُسْوَدًّا وَّهُوَ كَظِيْمٌ ﴿١٧﴾	حالانکہ جب اُن میں سے کسی ایک کو اس (بیٹی) کی خوشخبری دی جاتی ہے جو وہ رحمٰن کیلئے مثال بیان کرتا ہے تو اُس کا چہرہ سیاہ ہو جاتا ہے اور وہ سخت غمگین ہوتا ہے

وَ، حالیہ (حالانکہ)اِذَا،اسم ظرف مستقبل متضمن بمعنی شرط (جب)بُشِّرَ، فعل ماضی مجہول واحد مذکر غائب

بَشَّرَ يُبَشِّرُ، مصدر تَبۡشِيۡرٌ، خوشخبری دینا،اِذَا، کی وجہ سے ترجمہ (خوشخبری دی جاتی ہے)
اَحَدُهُمۡ (اَحَدُ،هُمۡ)اَحَدُ، مضاف، کسی ایک،هُمۡ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب،اُن (اُن میں سے کسی ایک کو) بِمَا(بِ،مَا)بِ، حرف جار، کی،مَا، مجرور، موصولہ،جو(اس کی جو)
ضَرَبَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب ضَرَبَ يَضۡرِبُ، مصدر ضَرۡبًا، بیان کرنا،اِذَا، کی وجہ سے ترجمہ (وہ بیان کرتا ہے)لِلرَّحۡمٰنِ(لِ،اَلرَّحۡمٰنِ)لِ، حرف جار، کیلئے،اَلرَّحۡمٰنِ، مجرور، اللہ کا صفاتی نام، رحمٰن (رحمٰن کیلئے)مَثَلًا (مثال)ظَلَّ، فعل ماضی واحد مذکر غائب ظَلَّ يَظَلُّ، مصدر ظَلًّا، ہو جانا،اِذَا، کی وجہ سے ترجمہ (وہ ہو جاتا ہے)وَجۡهُهٗ(وَجۡهُ،هٗ)وَجۡهُ، مضاف، چہرہ، جمع،وُجُوۡهٌ،هٗ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر غائب،اُس کا(اُس کا چہرہ)مُسۡوَدًّا،اِسۡوِدَادٌ، مصدر سے اسم مفعول واحد مذکر (سیاہ)
وَ، حرف عطف (اور)هُوَ، ضمیر واحد مذکر غائب (وہ)كَظِيۡمٌ، كَظۡمٌ، مصدر سے صفت مشبہ (سخت غمگین)

اَوَ مَنۡ يُّنَشَّؤُا فِى الۡحِلۡيَةِ وَهُوَ فِى الۡخِصَامِ غَيۡرُ مُبِيۡنٍ ۞	اور کیا(اللہ اسے اولاد بنائے گا)جو زیور میں پرورش پاتا ہے اور جھگڑے میں (اپنی بات) واضح کرنے والا نہ ہو

اَوَ مَنۡ(اَ،وَ،مَنۡ)اَ، ہمزہ استفہامیہ، کیا،وَ، حرف عطف،اور،مَنۡ،اسم موصول،وہ جس (اور کیا وہ جس کی)
يُنَشَّؤُا، فعل مضارع مجہول واحد مذکر غائب نَشَّاَ يُنَشِّئُ، مصدر تَنۡشِئَةٌ، پرورش پانا (وہ پرورش پاتا ہے)
فِى الۡحِلۡيَةِ(فِىۡ،اَلۡحِلۡيَةِ)فِىۡ، حرف جار، میں،اَلۡحِلۡيَةِ، مجرور،اسم مفرد، زیور، جمع،حُلِىٌّ(زیور میں)
وَ، حرف عطف (اور)هُوَ، ضمیر منفصلہ واحد مذکر غائب (وہ)فِى الۡخِصَامِ (فِىۡ،اَلۡخِصَامِ)فِىۡ، حرف جار، میں،اَلۡخِصَامِ، مجرور، مصدر، جھگڑا کرنا، مباحثہ کرنا، جھگڑا، مباحثہ (جھگڑے میں)
غَيۡرُ مُبِيۡنٍ(غَيۡرُ،مُبِيۡنٍ)غَيۡرُ، مضاف، صفت کیلئے،نہ،مُبِيۡنٍ، مضاف الیہ،اِبَانَةٌ، مصدر سے اسم فاعل واحد مذکر، بیان کرنے والا، واضح کرنے والا (واضح کرنے والا نہ)

وَ جَعَلُوا الۡمَلٰٓئِكَةَ الَّذِيۡنَ هُمۡ عِبٰدُ الرَّحۡمٰنِ اِنَاثًا ؕ	اور اُنہوں نے فرشتوں کو وہ جو رحمٰن کے بندے ہیں عورتیں بنا دیا

وَ، حرف عطف (اور) جَعَلُوۡا، فعل ماضی جمع مذکر غائب جَعَلَ يَجۡعَلُ، مصدر جَعۡلًا، بنانا (اُنہوں نے بنادیا) اَلۡمَلٰٓئِكَةَ (فرشتوں) واحد، اَلۡمَلَكُ، اَلَّذِيۡنَ، اسم موصول جمع مذکر (وہ جو) هُمۡ، ضمیر جمع مذکر غائب (وہ) عِبٰدُ الرَّحۡمٰنِ (عِبٰدُ، اَلرَّحۡمٰنِ) عِبٰدُ، مضاف، بندے، واحد، عَبۡدٌ، اَلرَّحۡمٰنِ، مضاف الیہ، اللہ کا صفاتی نام، رحمٰن کے (رحمٰن کے بندے) اِنَاثًا (عورتیں) واحد، اُنۡثٰی،

اَشَهِدُوۡا خَلۡقَهُمۡ ؕ	کیا وہ اُن کی تخلیق کے وقت موجود تھے؟

اَشَهِدُوۡا (اَ، شَهِدُوۡا) اَ، ہمزہ استفہام انکاری، کیا، شَهِدُوۡا، فعل ماضی جمع مذکر غائب شَهِدَ يَشۡهَدُ، مصدر شَهَادَةٌ، گواہی دینا، موجود ہونا (وہ موجود تھے) خَلۡقَهُمۡ (خَلۡقَ، هُمۡ) خَلۡقَ، مضاف، اسم مصدر، تخلیق، پیدائش، هُمۡ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، اُن کی (اُن کی تخلیق)

سَتُكۡتَبُ شَهَادَتُهُمۡ وَ يُسۡـَٔلُوۡنَ ﴿۱۹﴾	عنقریب اُن کی گواہی لکھ لی جائے گی اور وہ (روز قیامت) پوچھے جائیں گے

سَتُكۡتَبُ (سَ، تُكۡتَبُ) سَ، حرف استقبال، عنقریب، تُكۡتَبُ، فعل مضارع مجہول واحد مؤنث غائب كَتَبَ يَكۡتُبُ، مصدر كِتَابَةٌ، لکھنا، وہ لکھ لی جائے گی (عنقریب وہ لکھ لی جائے گی)
شَهَادَتُهُمۡ (شَهَادَتُ، هُمۡ) شَهَادَتُ، مضاف، شہادت، گواہی، هُمۡ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، اُن کی (اُن کی گواہی) وَ، حرف عطف (اور) يُسۡـَٔلُوۡنَ، فعل مضارع مجہول جمع مذکر غائب سَاَلَ يَسۡـَٔلُ، مصدر سُؤَالًا، سوال کرنا، پوچھنا (وہ پوچھیں جائیں گے)

وَقَالُوۡا لَوۡ شَآءَ الرَّحۡمٰنُ مَا عَبَدۡنٰهُمۡ ؕ	اور اُنہوں نے کہا اگر رحمٰن چاہتا ہم اُن (بتوں) کی عبادت نہ کرتے

وَ، حرف عطف (اور) قَالُوۡا، فعل ماضی جمع مذکر غائب قَالَ يَقُوۡلُ، مصدر قَوۡلًا، کہنا (اُنہوں نے کہا) لَوۡ، شرطیہ (اگر) شَآءَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب شَآءَ يَشَآءُ، مصدر مَشِيۡٓئَةٌ، چاہنا، لَوۡ، کی وجہ سے ترجمہ (وہ چاہتا) اَلرَّحۡمٰنُ، اللہ کا صفاتی نام (رحمٰن) مَا، نافیہ (نہ) عَبَدۡنٰهُمۡ (عَبَدۡنَا، هُمۡ) عَبَدۡنَا، فعل

ماضی جمع متکلم عَبَدَ یَعۡبُدُ، مصدر عِبَادَۃٌ، عبادت کرنا،لَوۡ، شرطیہ کی وجہ سے ترجمہ، ہم عبادت کرتے،هُمۡ، ضمیر جمع مذکر غائب،اُن کی(ہم اُن کی عبادت کرتے).

مَا لَهُمۡ بِذٰلِكَ مِنۡ عِلۡمٍ ۗ	اُن کو اس کے بارے میں کوئی علم نہیں ہے

مَا، نافیہ (نہیں) لَهُمۡ (لَ،هُمۡ)لَ، حرف جار، کو،هُمۡ، مجرور، ضمیر جمع مذکر غائب،اُن (اُن کو،انہیں)

بِذٰلِكَ(بِ،ذٰلِكَ)بِ، حرف جار، کے بارے،ذٰلِكَ، مجرور،اسم اشارہ واحد مذکر بعید،اس(اس کے بارے)

مِنۡ عِلۡمٍ (مِنۡ،عِلۡمٍ)مِنۡ، حرف جار، زائدہ برائے عموم،عِلۡمٍ، مجرور،اسم مصدر (کوئی علم)

اِنۡ هُمۡ اِلَّا یَخۡرُصُوۡنَ ﴿۲۰﴾	وہ نہیں ہیں مگر قیاس آرائی کرتے ہیں

اِنۡ، نافیہ (نہیں) هُمۡ، ضمیر جمع مذکر غائب (وہ) اِلَّا، حرف استثنا (مگر) یَخۡرُصُوۡنَ، فعل مضارع جمع مذکر غائب خَرَصَ یَخۡرُصُ، مصدر خَرۡصًا، اندازہ لگانا، قیاس آرائی کرنا (وہ قیاس آرائی کرتے ہیں)

اَمۡ اٰتَیۡنٰهُمۡ کِتٰبًا مِّنۡ قَبۡلِهٖ فَهُمۡ بِهٖ مُسۡتَمۡسِكُوۡنَ ﴿۲۱﴾	کیا ہم نے انہیں اس سے پہلے کوئی کتاب دی ہے تو وہ اُس کو مضبوطی سے تھامنے والے ہیں

اَمۡ، حرف عطف، استفہامیہ (کیا) اٰتَیۡنٰهُمۡ (اٰتَیۡنَا،هُمۡ) اٰتَیۡنَا، فعل ماضی جمع متکلم اٰتٰی یُؤۡتِیۡ، مصدر اِیۡتَآءٌ، دینا، ہم نے دی ہے،هُمۡ، ضمیر جمع مذکر غائب، انہیں (ہم نے انہیں دی ہے)

کِتٰبًا (کوئی کتاب) مِّنۡ قَبۡلِهٖ (مِنۡ،قَبۡلِ،ہٖ) مِنۡ، حرف جار، سے،قَبۡلِ، مجرور، مضاف، پہلے، ہٖ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر غائب، اس (اس سے پہلے) فَهُمۡ (فَ،هُمۡ) فَ، حرف عطف، تو،هُمۡ، ضمیر جمع مذکر غائب، وہ (تو وہ) بِهٖ (بِ،ہٖ) بِ، حرف جار، کو، ہٖ، مجرور، ضمیر واحد مذکر غائب، اُس، ضمیر کا مرجع، کِتَابًا، ہے (اُس کو) مُسۡتَمۡسِكُوۡنَ، اِسۡتِمۡسَاكٌ، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر (دلیل اور سند پکڑنے والے، مضبوطی سے تھامنے والے) واحد، مُسۡتَمۡسِكٌ،

بَلۡ قَالُوۡۤا اِنَّا وَجَدۡنَاۤ اٰبَآءَنَا عَلٰۤی اُمَّةٍ وَّ اِنَّا عَلٰۤی اٰثٰرِهِمۡ مُّهۡتَدُوۡنَ ﴿۲۲﴾	بلکہ اُنہوں نے کہا کہ بلاشبہ ہم نے اپنے باپ دادا کو ایک طریقے پر پایا اور یقیناً ہم اُن کے نقوش قدم پر راہ

	پانے والے ہیں

بَلۡ، حرف اضراب (بلکہ) قَالُوۡا، فعل ماضی جمع مذکر غائب قَالَ يَقُوۡلُ، مصدر قَوۡلًا، کہنا (اُنہوں نے کہا)
اِنَّا (اِنَّ، نَا) اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل، بے شک، بلاشبہ، نَا، ضمیر جمع متکلم، ہم (بلاشبہ ہم)
وَجَدۡنَا، فعل ماضی جمع متکلم وَجَدَ يَجِدُ، مصدر وِجۡدَانًا، پانا، گم شدہ کا مل جانا (ہم نے پایا)
اٰبَآءَنَا (اٰبَآءَ، نَا) اٰبَآءَ، مضاف، باپ دادا، واحد، اَبٌ، نَا، مضاف الیہ، ضمیر جمع متکلم، اپنے (اپنے باپ دادا)
عَلٰۤى اُمَّةٍ (عَلٰى، اُمَّةٍ) عَلٰى، حرف جار، پر، اُمَّةٍ، مجرور، اُمّت، جماعت، طریقہ، دین (ایک طریقہ پر)
وَ، حرف عطف (اور) اِنَّا (اِنَّ، نَا) اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل، بے شک، یقیناً، نَا، ضمیر جمع متکلم، ہم (یقیناً ہم)
عَلٰۤى اٰثٰرِهِمۡ (عَلٰى، اٰثٰرِ، هِمۡ) عَلٰى، حرف جار، پر، اٰثٰرِ، مجرور، مضاف، نشانات، قدم، نشانیاں، علامتیں، نقوش قدم، هِمۡ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، اُن کے (اُن کے نقوش قدم پر)
مُّهۡتَدُوۡنَ، اِهۡتِدَآءٌ، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر (ہدایت پانے والے، ہدایت یافتہ، راہ پانے والے)

وَ كَذٰلِكَ مَاۤ اَرۡسَلۡنَا مِنۡ قَبۡلِكَ فِىۡ قَرۡيَةٍ مِّنۡ نَّذِيۡرٍ اِلَّا قَالَ مُتۡرَفُوۡهَاۤ ۙ اِنَّا وَجَدۡنَاۤ اٰبَآءَنَا عَلٰۤى اُمَّةٍ وَّ اِنَّا عَلٰۤى اٰثٰرِهِمۡ مُّقۡتَدُوۡنَ ﴿۲۳﴾	اور اسی طرح ہم نے آپ سے پہلے کسی بستی میں کوئی ڈرانے والا نہیں بھیجا مگر اس (بستی) کے خوشحال لوگوں نے کہا بلاشبہ ہم نے اپنے باپ دادا کو ایک طریقے پر پایا ہے اور یقیناً ہم اُن کے نقوش قدم کے پیچھے چلنے والے ہیں

وَ، حرف عطف (اور) كَذٰلِكَ (كَ، ذٰلِكَ) كَ، حرف تشبیہ، مانند، طرح، ذٰلِكَ، اسم اشارہ واحد مذکر بعید، اسی (اسی طرح) مَاۤ، نافیہ (نہیں) اَرۡسَلۡنَا، فعل ماضی جمع متکلم اَرۡسَلَ يُرۡسِلُ، مصدر اِرۡسَالًا، بھیجنا (ہم نے بھیجا) مِنۡ قَبۡلِكَ (مِنۡ، قَبۡلِ، كَ) مِنۡ، حرف جار، سے،
قَبۡلِ، مجرور، مضاف، پہلے، قبل، كَ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر حاضر، آپ (آپ سے پہلے)
فِىۡ قَرۡيَةٍ (فِىۡ، قَرۡيَةٍ) فِىۡ، حرف جار، میں، قَرۡيَةٍ، مجرور، کسی بستی (کسی بستی میں) مِّنۡ نَّذِيۡرٍ، مِنۡ، حرف جار، زائدہ برائے عموم، نَذِيۡرٍ، مجرور، نَذۡرٌ، مصدر سے بمعنی اسم فاعل صفت مشبہ (کوئی ڈرانے والا)

اِلَّا، حرف استثنا (مگر) قَالَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب قَالَ یَقُوْلُ، مصدر قَوْلًا، کہنا (اُس نے کہا)
مُتۡرَفُوۡهَآ(مُتۡرَفُوۡا، هَا) مُتۡرَفُوۡا، مضاف، اصل میں، مُتۡرَفُوۡنَ، تھا، اضافت کی وجہ سے نون جمع کا گر گیا، اِتۡرَافًا، مصدر سے اسم مفعول جمع مذکر، خوشحال لوگ، هَا، مضاف الیہ، ضمیر واحد مؤنث غائب، اس کے، ضمیر کا مرجع، قَرۡيَةٍ، ہے (اُس کے خوشحال لوگ) اِنَّا (اِنَّ، نَا) اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل، بے شک، بلاشبہ، نَا، ضمیر جمع متکلم، ہم (بلاشبہ ہم) وَجَدۡنَا، فعل ماضی جمع متکلم وَجَدَ يَجِدُ، مصدر وِجۡدَانًا، وُجُوۡدٌ، پانا (ہم نے پایا) اٰبَآءَنَا (اٰبَآءَ، نَا) اٰبَآءَ، مضاف، باپ دادا، واحد، اَبٌ، نَا، مضاف الیہ، ضمیر جمع متکلم، اپنے (اپنے باپ دادا) عَلٰۤى اُمَّةٍ (عَلٰى، اُمَّةٍ) عَلٰى، حرف جار، پر، اُمَّةٍ، مجرور، اُمّت، جماعت، طریقہ، دین (ایک طریقہ پر) وَ، حرف عطف (اور) اِنَّا (اِنَّ، نَا) اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل، بے شک، یقیناً، نَا، ضمیر جمع متکلم، ہم (یقیناً ہم) عَلٰۤى اٰثٰرِهِمۡ (عَلٰى، اٰثٰرِ، هِمۡ) عَلٰى، حرف جار، پر، اٰثٰرِ، مجرور، مضاف، نشانات، علامات، نقوش قدم، هِمۡ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، اُن کے (اُن کے نقوش قدم پر)
مُّقۡتَدُوۡنَ، اِقۡتِدَآءٌ، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر (اقتدا کرنے والے، پیچھے چلنے والے، پیروی کرنے والے)

قٰلَ اَوَ لَوۡ جِئۡتُكُمۡ بِاَهۡدٰى مِمَّا وَجَدۡتُّمۡ عَلَيۡهِ اٰبَآءَكُمۡ ؕ	اس (رسول) نے کہا اور کیا اگر میں تمہارے پاس اس سے زیادہ ہدایت والا (طریقہ) لے آؤں جس پر تم نے اپنے باپ دادا کو پایا؟

قٰلَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب قَالَ یَقُوْلُ، مصدر قَوْلًا، کہنا (اس (رسول) نے کہا)
اَوَلَوۡ، اَ، ہمزہ استفہامیہ، کیا، وَ، حرف عطف، اور، لَوۡ، شرطیہ، اگر (اور کیا اگر)
جِئۡتُكُمۡ (جِئۡتُ، كُمۡ) جِئۡتُ، فعل ماضی واحد متکلم جَآءَ يَجِيۡٓءُ، مصدر مَجِيۡٓءٌ، آنا، صلہ میں، بَاء، ہے، معنی، لانا، لَوۡ، شرطیہ کی وجہ سے ترجمہ، میں لے آؤں، كُمۡ، ضمیر جمع مذکر حاضر، تمہارے (میں تمہارے پاس لے آؤں) بِاَهۡدٰى (بِ، اَهۡدٰى) بِ، حرف جار، ترجمہ کی ضرورت نہیں، اَهۡدٰى، مجرور،

هِدَايَةٌ، مصدر سے افعل التفضیل کا صیغہ (زیادہ ہدایت والا، زیادہ سیدھا راہ)

مِمَّا(مِنْ، مَا)مِنْ، حرف جار، سے، مَا، مجرور، اسم موصول، جو، جس (اس سے جس)

وَجَدْتُّمْ، فعل ماضی جمع مذکر حاضر وَجَدَ يَجِدُ، مصدر وِجْدَانًا، پانا (تم نے پایا)

عَلَيْهِ(عَلٰى، هِ) عَلٰى، حرف جار، پر، هِ، مجرور، ضمیر واحد مذکر غائب، اس (اس پر)

اٰبَآءَكُمْ (اٰبَآءَ، كُمْ) اٰبَآءَ، مضاف، باپ دادا، واحد، اَبٌ، كُمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر حاضر، اپنے (اپنے باپ دادا)

قَالُوْٓا اِنَّا بِمَآ اُرْسِلْتُمْ بِهٖ كٰفِرُوْنَ ۞	اُنہوں نے کہا بے شک ہم اس کے منکر ہیں جس کے ساتھ تمہیں بھیجا گیا ہے

قَالُوْٓا، فعل ماضی جمع مذکر غائب قَالَ يَقُوْلُ، مصدر قَوْلًا، کہنا (اُنہوں نے کہا)

اِنَّا(اِنَّ، نَا) اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل، بے شک، یقیناً، نَا، ضمیر جمع متکلم، ہم (بے شک ہم)

بِمَآ(بِ، مَا) بِ، حرف جار، کے، مَا، مجرور، موصولہ، مجرور، جو، جس (اس کے، جس کے)

اُرْسِلْتُمْ، فعل ماضی مجہول جمع مذکر حاضر اَرْسَلَ يُرْسِلُ، مصدر اِرْسَالًا، بھیجنا (تمہیں بھیجا گیا ہے)

بِهٖ(بِ، هٖ) بِ، حرف جار، کے ساتھ، هٖ، مجرور، ضمیر واحد مذکر غائب، اس (اس کے ساتھ)

كٰفِرُوْنَ، كُفْرًا، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر (انکار کرنے والے، منکر) واحد، كَافِرٌ،

فَانْتَقَمْنَا مِنْهُمْ فَانْظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُكَذِّبِيْنَ ۞	تو ہم نے اُن سے انتقام لیا پس آپ دیکھئے جھٹلانے والوں کا انجام کیسا ہوا

فَانْتَقَمْنَا(فَ، اِنْتَقَمْنَا) فَ، حرف عطف، تو، اِنْتَقَمْنَا، فعل ماضی جمع متکلم اِنْتَقَمَ يَنْتَقِمُ، مصدر اِنْتِقَامٌ، انتقام لینا، بدلہ لینا، ہم نے انتقام لیا (تو ہم نے انتقام لیا)

مِنْهُمْ (مِنْ، هُمْ) مِنْ، حرف جار، سے، هُمْ، مجرور، ضمیر جمع مذکر غائب، اُن (اُن سے)

فَانْظُرْ (فَ، اُنْظُرْ) فَ، حرف عطف، پس، اُنْظُرْ، فعل امر واحد مذکر حاضر نَظَرَ يَنْظُرُ، مصدر

نَظَرًا، دیکھنا، غور سے دیکھنا (پس آپ دیکھئے) کَيۡفَ، استفہامیہ (کیسا)

كَانَ، فعل ناقص ماضی واحد مذکر غائب كَانَ يَكُوۡنُ، مصدر كَوۡنًا، ہونا (وہ ہوا)

عَاقِبَةُ الۡمُكَذِّبِيۡنَ (عَاقِبَةُ، اَلۡمُكَذِّبِيۡنَ) عَاقِبَةُ، مصدر، مضاف، پیچھے سے آنا، عاقبت، انجام، آخر،

اَلۡمُكَذِّبِيۡنَ، مضاف الیہ، تَكۡذِيۡبٌ، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر، جھٹلانے والوں کا، واحد،

اَلۡمُكَذِّبُ (جھٹلانے والوں کا انجام)

وَ اِذۡ قَالَ اِبۡرٰهِيۡمُ لِاَبِيۡهِ وَ قَوۡمِهٖۤ اِنَّنِيۡ بَرَآءٌ مِّمَّا تَعۡبُدُوۡنَ ۙ﴿۲۶﴾	اور جب حضرت ابراہیم (علیہ السلام) نے اپنے باپ اور اپنی قوم سے کہا بے شک میں اُن سے بیزار ہوں جن کی تم عبادت کرتے ہو

وَ، حرف عطف (اور) اِذۡ، اسم ظرف، اصل واقعہ کے اعتبار سے زمانہ ماضی کا ظرف (جب، جس وقت)

قَالَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب قَالَ يَقُوۡلُ، مصدر قَوۡلًا، کہنا (اس نے کہا)

اِبۡرٰهِيۡمُ، فاعل (حضرت ابراہیمؑ) لِاَبِيۡهِ (لِ، اَبِيۡ، هِ) لِ، حرف جار، سے، اَبِيۡ، مجرور، مضاف، باپ،

هِ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر غائب، اپنے (اپنے باپ سے) وَ، حرف عطف (اور)

قَوۡمِهٖۤ (قَوۡمِ، هٖ) قَوۡمِ، مضاف، قوم، هٖ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر غائب، اپنی (اپنی قوم)

اِنَّنِيۡ (اِنَّ، نِ، يۡ) اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل، بے شک، نِ، نون وقایہ، يۡ، ضمیر واحد متکلم، میں (بے شک میں) بَرَآءٌ، مصدر ہے، صفت کے طور پر استعمال ہوا ہے، ہر وہ چیز جس کا پاس رہنا بُرا لگتا ہو، اُس سے چھٹکارا ڈھونڈنے کے ہیں (بَری، بیزار)

مِّمَّا (مِنۡ، مَا) مِنۡ، حرف جار، سے، مَا، مجرور، موصولہ، جن کی (اُن سے جن کی)

تَعۡبُدُوۡنَ، فعل مضارع جمع مذکر حاضر عَبَدَ يَعۡبُدُ، مصدر عِبَادَةً، عبادت کرنا (تم عبادت کرتے ہو)

اِلَّا الَّذِيۡ فَطَرَنِيۡ فَاِنَّهٗ سَيَهۡدِيۡنِ ﴿۲۷﴾	سوائے اس کے جس نے مجھے پیدا کیا پس بے شک وہی عنقریب میری رہنمائی کرے گا

اِلَّا، حرف استثنا (مگر، سوائے) اَلَّذِیۡ، اسم موصول واحد مذکر (اس کے جس نے)
فَطَرَنِیۡ (فَطَرَ، نِ، یۡ) فَطَرَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب فَطَرَ یَفۡطُرُ، مصدر فَطۡرًا، پیدا کرنا، اس نے پیدا کیا، نِ، نون وقایہ، یۡ، ضمیر واحد متکلم، مجھے (اُس نے مجھے پیدا کیا)
فَاِنَّهٗ (فَ، اِنَّ، هٗ) فَ، حرف عطف، پس، اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل، بے شک، هٗ، ضمیر واحد مذکر غائب، وہ (پس بے شک وہ) سَیَهۡدِیۡنِ (سَ، یَهۡدِیۡ، نِ، یۡ) سَ، حرف استقبال، جلد ہی، ضرور، عنقریب، یَهۡدِیۡ، فعل مضارع واحد مذکر غائب هَدٰی یَهۡدِیۡ، مصدر هِدَایَةٌ، ہدایت دینا، رہنمائی کرنا، وہ رہنمائی کرے گا، نِ، نون وقایہ، یۡ، محذوف ہے، ضمیر واحد متکلم، میری (عنقریب وہ میری رہنمائی کرے گا)

وَ جَعَلَهَا كَلِمَةًۢ بَاقِیَةً فِیۡ عَقِبِهٖ لَعَلَّهُمۡ یَرۡجِعُوۡنَ ﴿۲۸﴾	اور اُس نے اُس (کلمہ توحید) کو اپنے پچھلوں (یعنی اولاد) میں باقی رہنے والی بات بنا دیا تاکہ وہ رجوع کریں

وَ، حرف عطف (اور) جَعَلَهَا (جَعَلَ، هَا) جَعَلَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب جَعَلَ یَجۡعَلُ، مصدر جَعۡلًا، بنانا، اُس نے بنایا، هَا، ضمیر واحد مؤنث غائب، اُس، ضمیر کا مرجع وہ کلمہ توحید ہے جو حضرت ابراہیمؑ سے مذکور ہے (اُس نے اُس (کلمہ توحید) کو بنا دیا) كَلِمَةًۢ بَاقِیَةً (كَلِمَةً، بَاقِیَةً) كَلِمَةً، موصوف، بات، کلمہ، بَاقِیَةً، صفت، بَقَآءٌ، مصدر سے اسم فاعل واحد مؤنث، باقی رہنے والی (باقی رہنے والی بات)
فِیۡ عَقِبِهٖ (فِیۡ، عَقِبِ، هٖ) فِیۡ، حرف جار، میں، عَقِبِ، مجرور، مضاف، پاؤں کے پچھلے حصے کو کہتے ہیں، بطور استعارہ بیٹوں اور پوتوں کیلیے استعمال ہوتا ہے، پچھلوں یعنی اولاد، هٖ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر غائب، اپنے (اپنے پچھلوں (یعنی اولاد) میں)
لَعَلَّهُمۡ (لَعَلَّ، هُمۡ) لَعَلَّ، حرف مشبہ بالفعل، تاکہ، هُمۡ، ضمیر واحد مذکر غائب، وہ (تاکہ وہ)
یَرۡجِعُوۡنَ، فعل مضارع جمع مذکر غائب رَجَعَ یَرۡجِعُ، مصدر رُجُوۡعًا، رجوع کرنا (وہ رجوع کریں)

بَلۡ مَتَّعۡتُ هٰۤؤُلَآءِ وَ اٰبَآءَهُمۡ حَتّٰی جَآءَهُمُ الۡحَقُّ وَ رَسُوۡلٌ مُّبِیۡنٌ ﴿۲۹﴾	بلکہ میں نے اُن کو اور اُن کے باپ دادا کو دنیاوی ساز وسامان دیا یہاں تک کہ اُن کے پاس حق (قرآن)

	اور کھول کر بیان کرنے والا رسول آ گیا

بَلۡ، حرف اضراب (بلکہ) مَتَّعۡتُ، فعل ماضی واحد متکلم مَتَّعَ یُمَتِّعُ، مصدر تَمۡتِیۡعٌ، زندگی کو آرام دہ بنانا، فائدہ دینا، دنیاوی ساز و سامان دنیا (میں نے دنیاوی ساز و سامان دیا) هٰۤؤُلَآءِ، اسم اشارہ جمع قریب (اُن کو)

وَ، حرف عطف (اور) اٰبَآءَهُمۡ (اٰبَآءَ، هُمۡ) اٰبَآءَ، مضاف، باپ دادا، واحد، اَبٌ، هُمۡ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، اُن کے (اُن کے باپ دادا) حَتّٰی، حرف جار وغایت (یہاں تک کہ)

جَآءَهُمُ (جَآءَ، هُمُ) جَآءَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب جَآءَ یَجِیۡٓءُ، مصدر مَجِیۡٓءٌ، آنا، وہ آ گیا، هُمۡ، ضمیر جمع مذکر غائب، اُن کے (وہ اُن کے پاس آ گیا) اَلۡحَقُّ، اسم مصدر (حق، سچ) مراد، قُرۡاٰن، ہے،

وَ، حرف عطف (اور)

رَسُوۡلٌ مُّبِیۡنٌ (رَسُوۡلٌ، مُّبِیۡنٌ) رَسُوۡلٌ، موصوف، رسول، مُّبِیۡنٌ، صفت، اِبَانَةٌ، مصدر سے اسم فاعل واحد مذکر، واضح، روشن، ظاہر کرنے والا، کھول کر بیان کرنے والا (کھول کر بیان کرنے والا رسول)

وَ لَمَّا جَآءَهُمُ الۡحَقُّ قَالُوۡا هٰذَا سِحۡرٌ وَّ اِنَّا بِهٖ كٰفِرُوۡنَ ۝۳۰	اور جب اُن کے پاس حق آ گیا (تو) اُنہوں نے کہا یہ جادو ہے اور بے شک ہم اس کے منکر ہیں

وَ، حرف عطف (اور) لَمَّا، اسم ظرف بمعنی، حِیۡنَ (جب) جَآءَهُمُ الۡحَقُّ (جَآءَ، هُمُ، اَلۡحَقُّ) جَآءَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب جَآءَ یَجِیۡٓءُ، مصدر مَجِیۡٓءٌ، آنا، وہ آ گیا، هُمۡ، ضمیر جمع مذکر غائب، اُن کے، اَلۡحَقُّ، مصدر، فاعل، حق، سچ مراد قرآن ہے (اُن کے پاس حق آ گیا)

قَالُوۡا، فعل ماضی جمع مذکر غائب قَالَ یَقُوۡلُ، مصدر قَوۡلًا، کہنا (اُنہوں نے کہا)

هٰذَا سِحۡرٌ (هٰذَا، سِحۡرٌ) هٰذَا، اسم اشارہ واحد مذکر قریب، یہ، سِحۡرٌ، خبر، مصدر ہے، جادو، جادو کرنا (یہ جادو ہے) وَ، حرف عطف (اور) اِنَّا (اِنَّ، نَا) اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل، بے شک، نَا، ضمیر جمع متکلم، ہم (بے شک ہم) بِهٖ (بِ، ہٖ) بِ، حرف جار، کے، ہٖ، مجرور، ضمیر واحد مذکر غائب، اس (اس کے)

كٰفِرُوۡنَ، كُفۡرًا، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر (انکار کرنے والے، منکر) واحد، كَافِرٌ،

اور اُنہوں نے کہا یہ قرآن (مکہ اور طائف کی) دو بستیوں میں سے کسی بڑے آدمی پر کیوں نہیں نازل کیا گیا؟	وَ قَالُوۡا لَوۡ لَا نُزِّلَ هٰذَا الۡقُرۡاٰنُ عَلٰى رَجُلٍ مِّنَ الۡقَرۡيَتَيۡنِ عَظِيۡمٍ ۝۳۱

وَ، حرف عطف (اور) قَالُوۡا، فعل ماضی جمع مذکر غائب قَالَ يَقُوۡلُ، مصدر قَوۡلًا، کہنا (اُنہوں نے کہا)

لَوۡ لَا، برائے زجر و توبیخ (کیوں نہیں)

نُزِّلَ، فعل ماضی مجہول واحد مذکر غائب نَزَّلَ يُنَزِّلُ، مصدر تَنۡزِيۡلٌ، نازل کرنا، اُتارنا (وہ نازل کیا گیا)

هٰذَا الۡقُرۡاٰنُ (هٰذَا، اَلۡقُرۡاٰنُ) هٰذَا، اسم اشارہ واحد مذکر قریب، یہ، اَلۡقُرۡاٰنُ، مشار الیہ، قرآن (یہ قرآن)

عَلٰى رَجُلٍ (عَلٰى، رَجُلٍ) عَلٰى، حرف جار، پر، رَجُلٍ، مجرور، آدمی، جمع رِجَالٌ (کسی آدمی پر)

مِّنَ الۡقَرۡيَتَيۡنِ (مِنَ، اَلۡقَرۡيَتَيۡنِ) مِنَ، حرف جار، سے، اَلۡقَرۡيَتَيۡنِ، مجرور، قَرۡيَةٌ، کا تثنیہ، دو بستیوں، مراد مکہ اور طائف ہے (دو بستیوں میں سے)

عَظِيۡمٍ، رَجُلٍ، کی صفت، عَظۡمَةٌ، مصدر سے صفت مشبہ (بڑے)

کیا وہ آپ کے رب کی رحمت کو تقسیم کرتے ہیں؟	اَهُمۡ يَقۡسِمُوۡنَ رَحۡمَتَ رَبِّكَ ؕ

اَ، ہمزہ استفہامیہ (کیا) هُمۡ، ضمیر جمع مذکر غائب (وہ) يَقۡسِمُوۡنَ، فعل مضارع جمع مذکر غائب قَسَمَ يَقۡسِمُ، مصدر قَسۡمًا، تقسیم کرنا، بانٹنا (وہ تقسیم کرتے ہیں)

رَحۡمَتَ رَبِّكَ (رَحۡمَتَ، رَبِّ، كَ) رَحۡمَتَ، مضاف، رحمت، رَبِّ، مضاف الیہ، مضاف، رب کی، كَ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر حاضر، آپ کے (آپ کے رب کی رحمت)

ہم نے اُن کے درمیان اُن کی معیشت دنیا کی زندگی میں تقسیم کی اور ہم نے اُن کے بعض کو بعض پر درجات میں بلند کیا تاکہ اُن کا بعض بعض کو خدمت گار بنائے	نَحۡنُ قَسَمۡنَا بَيۡنَهُمۡ مَّعِيۡشَتَهُمۡ فِى الۡحَيٰوةِ الدُّنۡيَا وَ رَفَعۡنَا بَعۡضَهُمۡ فَوۡقَ بَعۡضٍ دَرَجٰتٍ لِّيَتَّخِذَ بَعۡضُهُمۡ بَعۡضًا سُخۡرِيًّا ؕ

نَحۡنُ، ضمیر جمع متکلم (ہم) قَسَمۡنَا، فعل ماضی جمع متکلم قَسَمَ يَقۡسِمُ، مصدر قَسۡمًا، تقسیم کرنا (ہم نے

تقسیم کی) بَيۡنَهُمۡ (بَيۡنَ، هُمۡ) بَيۡنَ، مضاف، درمیان، هُمۡ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، اُن کے (اُن کے درمیان) مَّعِيۡشَتَهُمۡ (مَعِيۡشَتَ، هُمۡ) مَعِيۡشَتَ، مضاف، اسم مصدر، معیشت، روزی، گزر بسر کے ذرائع، آمدنی کے اسباب، هُمۡ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، اُن کی (اُن کی معیشت)

فِى الۡحَيٰوةِ الدُّنۡيَا (فِىۡ، اَلۡحَيٰوةِ، اَلدُّنۡيَا) فِىۡ، حرف جار، میں، اَلۡحَيٰوةِ، مجرور، موصوف، زندگی، اَلدُّنۡيَا، صفت، دنیا کی (دنیا کی زندگی میں) وَ، حرف عطف (اور)

رَفَعۡنَا، فعل ماضی جمع متکلم رَفَعَ يَرۡفَعُ، مصدر رَفۡعًا، بلند کرنا (ہم نے بلند کیا)

بَعۡضَهُمۡ (بَعۡضَ، هُمۡ) بَعۡضَ، مضاف، بعض، کل کا حصہ، کچھ، هُمۡ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، اُن کے (اُن کے بعض) فَوۡقَ بَعۡضٍ، فَوۡقَ، مضاف، پر، بَعۡضٍ، مضاف الیہ، بعض (بعض پر)

دَرَجٰتٍ (درجات، مرتبے) واحد، دَرَجَةٌ، لِّيَتَّخِذَ (لِ، يَتَّخِذَ) لِ، لام تعلیل ناصبہ، تاکہ، يَتَّخِذَ، فعل مضارع واحد مذکر غائب اِتَّخَذَ يَتَّخِذُ، مصدر اِتِّخَاذٌ، بنانا، پکڑنا، وہ بنائے (تاکہ وہ بنائے)

بَعۡضُهُمۡ (بَعۡضُ، هُمۡ) بَعۡضُ، مضاف، بعض، هُمۡ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، ان کا (ان کا بعض) بَعۡضًا (بعض) سُخۡرِيًّا (خدمت گار، تابعدار)

وَ رَحۡمَتُ رَبِّكَ خَيۡرٌ مِّمَّا يَجۡمَعُوۡنَ ﴿۳۲﴾	اور آپ کے رب کی رحمت اس (دولت) سے بہتر ہے جو وہ جمع کرتے ہیں

وَ، حرف عطف (اور) رَحۡمَتُ رَبِّكَ (رَحۡمَتُ، رَبِّ، كَ) رَحۡمَتُ، مضاف، رحمت، رَبِّ، مضاف الیہ، مضاف، رب کی، كَ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر حاضر، آپ کے (آپ کے رب کی رحمت) خَيۡرٌ (بہتر، اچھی)

مِّمَّا (مِنۡ، مَا) مِنۡ، حرف جار، سے، مَا، مجرور، اسم موصول، جو (اس سے جو)

يَجۡمَعُوۡنَ، فعل مضارع جمع مذکر غائب جَمَعَ يَجۡمَعُ، مصدر جَمۡعًا، جمع کرنا (وہ جمع کرتے ہیں)

وَ لَوۡ لَاۤ اَنۡ يَّكُوۡنَ النَّاسُ اُمَّةً وَّاحِدَةً لَّجَعَلۡنَا لِمَنۡ يَّكۡفُرُ بِالرَّحۡمٰنِ لِبُيُوۡتِهِمۡ	اور اگر نہ ہوتا کہ سب لوگ ایک ہی امت ہو جائیں گے یقیناً ہم اُن لوگوں کیلئے جو رحمٰن کے ساتھ کفر کرتے

سُقُفًا مِّنۡ فِضَّةٍ وَّ مَعَارِجَ عَلَیۡهَا یَظۡهَرُوۡنَ ﴿۳۳﴾	ہیں اُن کے گھروں کی چھتیں چاندی کی بنا دیتے اور سیڑیاں (بھی) جن پر وہ چڑھتے ہیں

وَ، حرف عطف (اور) لَوۡ لَاۤ، امتناعیہ، لَوۡ، شرطیہ، اگر، لَا، نافیہ کا مرکب (اگر نہ)

اَنۡ، مصدریہ ناصبہ (کہ) یَّکُوۡنَ، فعل ناقص مضارع واحد مذکر غائب کَانَ یَکُوۡنُ، مصدر کَوۡنًا، ہونا (وہ ہو جائیں گے) اَلنَّاسُ، فاعل (سب لوگ) اُمَّةً وَّاحِدَةً (اُمَّةً، وَاحِدَةً) اُمَّةً، موصوف، اُمّت، جماعت، طریقہ، دین، وَاحِدَةً، صفت، وَحۡدَةٌ، مصدر سے اسم فاعل واحد مؤنث، ایک، اکیلی (ایک ہی امت)

لَّجَعَلۡنَا (لَ، جَعَلۡنَا) لَ، لام تاکید، ضرور، یقینًا، جَعَلۡنَا، فعل ماضی جمع متکلم جَعَلَ یَجۡعَلُ، مصدر جَعۡلًا، بنانا، لَوۡ، شرطیہ کی وجہ سے ترجمہ، ہم بنا دیتے (یقینًا ہم بنا دیتے)

لِمَنۡ (لِ، مَنۡ) لِ، حرف جار، کیلئے، مَنۡ، مجرور، اسم موصول، جو (اُن کیلئے جو)

یَّکۡفُرُ، فعل مضارع واحد مذکر غائب کَفَرَ یَکۡفُرُ مصدر کُفۡرًا، کفر کرنا (وہ کفر کرتا ہے)

بِالرَّحۡمٰنِ (بِ، اَلرَّحۡمٰنِ) بِ، حرف جار، کے ساتھ، اَلرَّحۡمٰنِ، مجرور، اللہ کا صفاتی نام، رحمٰن (رحمٰن کے ساتھ) لِبُیُوۡتِهِمۡ (لِ، بُیُوۡتِ، هِمۡ) لِ، حرف جار، کی، بُیُوۡتِ، مجرور، مضاف، گھروں، واحد، بَیۡتٌ، هِمۡ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، اُن کے (اُن کے گھروں کی)

سُقُفًا (چھتیں) واحد، سَقۡفٌ، مِّنۡ فِضَّةٍ (مِنۡ، فِضَّةٍ) مِنۡ، حرف جار، ترجمہ کی ضرورت نہیں، فِضَّةٍ، مجرور (چاندی) وَ، حرف عطف (اور) مَعَارِجَ، عُرُوۡجٌ، مصدر سے اسم آلہ (سیڑھیاں) واحد، مِعۡرَاجٌ، عَلَیۡهَا (عَلٰی، هَا) عَلٰی، حرف جار، پر، هَا، مجرور، ضمیر واحد مؤنث غائب، اس، ضمیر کا مرجع، مَعَارِجَ، ہے (ان پر)

یَظۡهَرُوۡنَ، فعل مضارع جمع مذکر غائب ظَهَرَ یَظۡهَرُ، مصدر ظُهُوۡرًا، ظاہر ہونا، چڑھنا (وہ چڑھتے)

وَ لِبُیُوۡتِهِمۡ اَبۡوَابًا وَّ سُرُرًا عَلَیۡهَا یَتَّکِـُٔوۡنَ ﴿۳۴﴾	اور اُن کے گھروں کے دروازے اور تخت جن پر وہ تکیہ لگاتے ہیں (چاندی کے بنا دیتے)

وَ، حرف عطف (اور) لِبُیُوۡتِهِمۡ (لِ، بُیُوۡتِ، هِمۡ) لِ، حرف جار، کے، بُیُوۡتِ، مجرور، مضاف، گھروں، واحد، بَیۡتٌ، هِمۡ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، اُن کے (اُن کے گھروں کے)

اَبۡوَابًا (دروازے) واحد، بَابٌ، وَ، حرف عطف (اور) سُرُرًا (تخت) واحد، سَرِیۡرٌ،

عَلَیۡهَا (عَلٰی، هَا) عَلٰی، حرف جار، پر، هَا، مجرور، ضمیر واحد مؤنث غائب، اس، ضمیر کا مرجع، سُرُرًا، ہے (اُن پر) یَتَّکِـُٔوۡنَ، فعل مضارع جمع مذکر غائب اِتَّکٰی یَتَّکِیۡ، مصدر اِتِّکَآءٌ، تکیہ لگانا (وہ تکیہ لگاتے ہیں)

وَ زُخۡرُفًا ؕ وَ اِنۡ کُلُّ ذٰلِكَ لَمَّا مَتَاعُ الۡحَیٰوةِ الدُّنۡیَا ؕ	اور سونے کے اور یہ سب کچھ نہیں مگر دنیا کی زندگی کا سامان ہے

وَ، حرف عطف (اور) زُخۡرُفًا، ملمع، سنہری، سونا، آراستہ، زینت، کسی شے کے کمال حسن کو، زُخۡرُفًا، کہتے ہیں، اسی اعتبار سے سونے کو، زُخۡرُفًا، کہتے ہیں (سونے کے) وَ، حرف عطف (اور) اِنۡ، نافیہ (نہیں) کُلُّ ذٰلِكَ (کُلُّ، ذٰلِكَ) کُلُّ، مضاف، سب کچھ، ذٰلِكَ، مضاف الیہ، اسم اشارہ واحد مذکر بعید، یہ (یہ سب کچھ) لَمَّا، حرف استثنا بمعنی، اِلَّا (مگر، سوائے).

مَتَاعُ الۡحَیٰوةِ الدُّنۡیَا (مَتَاعُ، اَلۡحَیٰوةِ، اَلدُّنۡیَا) مَتَاعُ، مضاف، اسم مفرد، فائدہ، نفع، سامان جو کام آتا ہے، اَلۡحَیٰوةِ، مضاف الیہ، موصوف، زندگی، الدُّنۡیَا، صفت، دنیا (دنیا کی زندگی کا سامان)

وَالۡاٰخِرَةُ عِنۡدَ رَبِّكَ لِلۡمُتَّقِیۡنَ ۟ؑ ۳۵	اور آخرت آپ کے رب کے ہاں پرہیزگاروں کیلئے ہے

ع ۳

وَ، حرف عطف (اور) اَلۡاٰخِرَةُ (آخرت) عِنۡدَ رَبِّكَ (عِنۡدَ، رَبِّ، كَ) عِنۡدَ، مضاف، پاس، ہاں، رَبِّ، مضاف الیہ، مضاف، رب کے، كَ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر حاضر، آپ کے (آپ کے رب کے ہاں) لِلۡمُتَّقِیۡنَ (لِ، اَلۡمُتَّقِیۡنَ) لِ، حرف جار کیلئے، اَلۡمُتَّقِیۡنَ، مجرور، اِتِّقَآءٌ، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر، متقیوں، اللہ سے ڈرنے والے، پرہیزگاروں، تقوی رکھنے والے، واحد، اَلۡمُتَّقِیۡ (پرہیزگاروں کیلئے)

وَ مَنۡ یَّعۡشُ عَنۡ ذِکۡرِ الرَّحۡمٰنِ نُقَیِّضۡ لَهٗ شَیۡطٰنًا فَهُوَ لَهٗ قَرِیۡنٌ ۳۶	اور جو رحمٰن کی نصیحت سے آنکھیں بند کرے ہم اس کیلئے شیطان مقرر کر دیتے ہیں پھر وہ اُس کے ساتھ

رہنے والا ہوتا ہے	

وَ، حرف عطف (اور) مَنۡ، شرطیہ اسم موصول (جو) یَعۡشُ، اصل میں، یَّعۡشُوۡ، تھا، شرط کی وجہ سے واؤ محذوف ہو گیا، فعل مضارع واحد مذکر غائب عَشٰی یَعۡشُوۡ، مصدر عَشۡوًا، نظر کمزور ہونا، آنکھیں بند کرنا، اعراض کرنا (وہ آنکھیں بند کرے) عَنۡ ذِکۡرِ الرَّحۡمٰنِ (عَنۡ، ذِکۡرِ، اَلرَّحۡمٰنِ) عَنۡ، حرف جار، سے، ذِکۡرِ، مجرور، مضاف، مصدر، ذکر، یاد، نصیحت، اَلرَّحۡمٰنِ، مضاف الیہ، اللہ کا صفاتی نام، رحمٰن کی (رحمٰن کی نصیحت سے) نُقَیِّضۡ، فعل مضارع جمع متکلم قَاضَ یَقِیۡضُ، مصدر قَیۡضًا، مسلّط کرنا، مقرر کرنا (ہم مقرر کر دیتے ہیں) لَہٗ (لَ، ہٗ) لَ، حرف جار، کیلئے، ہٗ، مجرور، ضمیر واحد مذکر غائب، اُس (اُس کیلئے) شَیۡطٰنًا (ایک شیطان) فَھُوَ (فَ، ھُوَ) فَ، حرف عطف، پھر، ھُوَ، ضمیر واحد مذکر غائب، وہ (پھر وہ)

لَہٗ (لَ، ہٗ) لَ، حرف جار، کے، ہٗ، مجرور، ضمیر واحد مذکر غائب، اُس (اُس کے)

قَرِیۡنٌ، قَرۡنًا، مصدر سے اسم فاعل واحد مذکر (ساتھ رہنے والا، ساتھی، رفیق)

اور بے شک وہ (شیاطین) ضرور انہیں (ہدایت کے) راستے سے روکتے ہیں اور وہ گمان کرتے ہیں کہ یقیناً وہ ہدایت یافتہ ہیں	وَ اِنَّہُمۡ لَیَصُدُّوۡنَہُمۡ عَنِ السَّبِیۡلِ وَ یَحۡسَبُوۡنَ اَنَّہُمۡ مُّہۡتَدُوۡنَ ﴿۳۷﴾

وَ، حرف عطف (اور) اِنَّہُمۡ (اِنَّ، ھُمۡ) اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل، بے شک، ھُمۡ، ضمیر جمع مذکر غائب، وہ (بے شک وہ) لَیَصُدُّوۡنَہُمۡ (لَ، یَصُدُّوۡنَ، ھُمۡ) لَ، لام تاکید، ضرور، یَصُدُّوۡنَ، فعل مضارع جمع مذکر غائب صَدَّ یَصُدُّ، مصدر صَدًّا، روکنا، وہ روکتے ہیں، ھُمۡ، ضمیر جمع مذکر غائب، انہیں (وہ ضرور انہیں روکتے ہیں) عَنِ السَّبِیۡلِ (عَنۡ، اَلسَّبِیۡلِ) عَنۡ، حرف جار، سے، اَلسَّبِیۡلِ، مجرور، راستہ (راستے سے) وَ، حرف عطف (اور)

یَحۡسَبُوۡنَ، فعل مضارع جمع مذکر غائب حَسِبَ یَحۡسَبُ، مصدر حُسۡبَانًا، خیال کرنا، گمان کرنا، سمجھنا (وہ گمان کرتے ہیں)

اَنَّهُمْ (اَنَّ، هُمْ) اَنَّ، حرف مشبہ بالفعل، بے شک، یقیناً، هُمْ، ضمیر جمع مذکر غائب، وہ (بے شک وہ)
مُّهْتَدُوْنَ، اِهْتِدَآءٌ، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر (ہدایت پانے والے، ہدایت یافتہ) واحد، مُهْتَدٍ،

حَتّٰٓى اِذَا جَآءَنَا قَالَ يٰلَيْتَ بَيْنِيْ وَ بَيْنَكَ بُعْدَ الْمَشْرِقَيْنِ فَبِئْسَ الْقَرِيْنُ ۞	یہاں تک کہ جب وہ ہمارے پاس آئے گا وہ کہے گا اے کاش! میرے درمیان اور تیرے درمیان دو مشرقوں کا فاصلہ ہوتا پس وہ بُرا ساتھی ہے

حَتّٰٓى، حرف جار وغایت (یہاں تک کہ) اِذَا، ظرف مستقبل متضمن بمعنی شرط (جب)
جَآءَنَا (جَآءَ، نَا) جَآءَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب جَآءَ يَجِيْٓءُ، مصدر مَجِيْٓءٌ، آنا، اِذَا، کی وجہ سے ترجمہ، وہ آئے گا، نَا، ضمیر جمع متکلم، ہمارے (وہ ہمارے پاس آئے گا) قَالَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب قَالَ يَقُوْلُ، مصدر قَوْلًا، کہنا، اِذَا، کی وجہ سے ترجمہ (وہ کہے گا) يٰلَيْتَ (يَا، لَيْتَ) يَا، حرف ندا، اے، منادیٰ محذوف ہے، لَيْتَ، حرف تمنا، حرف مشبہ بالفعل، کاش (اے کاش) بَيْنِيْ (بَيْنِ، یْ) بَيْنِ، مضاف، درمیان، یْ، مضاف الیہ، ضمیر واحد متکلم، میرے (میرے درمیان) وَ، حرف عطف (اور)
بَيْنَكَ (بَيْنَ، كَ) بَيْنَ، مضاف، درمیان، كَ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر حاضر، تیرے (تیرے درمیان)
بُعْدَ الْمَشْرِقَيْنِ (بُعْدَ، اَلْمَشْرِقَيْنِ) بُعْدَ، مضاف، فاصلہ، دوری، اَلْمَشْرِقَيْنِ، مضاف الیہ، اَلْمَشْرِقُ، کا تثنیہ، دو مشرقوں کا (دو مشرقوں کا فاصلہ) فَبِئْسَ (فَ، بِئْسَ) فَ، حرف عطف، پس، بِئْسَ، فعل ذم، ماضی واحد مذکر غائب، اس کی گردان نہیں آتی، وہ بُرا ہے (پس وہ بُرا ہے)
اَلْقَرِيْنُ، قَرْنًا، مصدر سے اسم فاعل واحد مذکر (ساتھ رہنے والا، ساتھی، رفیق) جمع، قُرَنَاءُ،

وَ لَنْ يَّنْفَعَكُمُ الْيَوْمَ اِذْ ظَّلَمْتُمْ اَنَّكُمْ فِي الْعَذَابِ مُشْتَرِكُوْنَ ۞	اور آج (یہ بات) تمھیں ہر گز نفع نہیں دے گی جب کہ تم نے ظلم کیا، بے شک تم عذاب میں مشترک ہو

وَ، حرف عطف (اور) لَنْ يَّنْفَعَكُمُ (لَنْ يَّنْفَعَ، كُمْ) لَنْ يَّنْفَعَ، فعل مضارع منفی مؤکّد بلن ناصبہ واحد مذکر غائب نَفَعَ يَنْفَعُ، مصدر نَفْعًا، فائدہ دینا، نفع دینا، وہ ہرگز نفع نہیں دے گی، كُمْ، ضمیر جمع مذکر

حاضر، تمہیں (وہ ہرگز تمہیں نفع نہیں دے گی) اَلۡیَوۡمَ، ظرف زمان (آج) مراد قیامت کا دن،
اِذۡ، ظرف زمان، ماضی کے واقع سے پہلے آتا ہے (جب) ظَلَمۡتُمۡ، فعل ماضی جمع مذکر حاضر ظَلَمَ
یَظۡلِمُ، مصدر ظُلۡمًا، ظلم کرنا (تم نے ظلم کیا) اَنَّکُمۡ (اَنَّ، کُمۡ) اَنَّ، حرف مشبہ بالفعل، بے شک،
کُمۡ، ضمیر جمع مذکر حاضر، تم (بے شک تم) فِی الۡعَذَابِ (فِیۡ، اَلۡعَذَابِ) فِیۡ، حرف جار، میں،
اَلۡعَذَابِ، مجرور، عذاب، سزا (عذاب میں) مُشۡتَرِکُوۡنَ، اِشۡتِرَاکٌ، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر (شریک
ہونے والے، ایک دوسرے کے شریک، مشترک)

اَفَاَنۡتَ تُسۡمِعُ الصُّمَّ اَوۡ تَهۡدِی الۡعُمۡیَ وَمَنۡ کَانَ فِیۡ ضَلٰلٍ مُّبِیۡنٍ ﴿۴۰﴾	پھر کیا آپ بہروں کو سنائیں گے یا اندھوں کو راہ دکھائیں گے اور اُن کو جو کھلی گمراہی میں ہیں

اَفَاَنۡتَ (اَ، فَ، اَنۡتَ) اَ، ہمزہ استفہامیہ، کیا، فَ، حرف عطف، پھر، اَنۡتَ، ضمیر واحد مذکر حاضر، آپ (پھر کیا
فَاَنّٰی(فَ،اَنّٰی)فَ، حرف عطف، پھر، اَنّٰی، ظرف مکان بمعنی، اَیۡنَ، کہاں (پھر کہاں) یُؤۡفَکُوۡنَ، فعل مضارع مجہول جمع مذکر غائب اَفَکَ یَاۡفِکُ، مصدر اِفۡکًا، بہتان لگانا، پھیرنا، بہکانا (وہ بہکائے جاتے ہیں)

وَ قِیۡلِہٖ یٰرَبِّ اِنَّ ہٰۤؤُلَآءِ قَوۡمٌ لَّا یُؤۡمِنُوۡنَ ﴿ۘ۸۸﴾	اور اس (رسولؐ) کے "یارب" کہنے کی قسم بے شک یہ لوگ ایمان نہیں لائیں گے

وقف لازم

وَ قِیۡلِہٖ(وَ،قِیۡلِ،ہٖ)وَ، حرف جار و قسمیہ، قسم ہے، قِیۡلِ، مجرور، مضاف، اسم مصدر، کہنا، ہٖ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر غائب، اُس کے، ضمیر کا مرجع، رَسُوۡلٌ، ہے (قسم ہے اُس (رسول) کے کہنے کی)

یٰرَبِّ(یَا،رَبِّ)یَا، حرف ندا، اے، رَبِّ، منادٰی، رب (اے رب، یارب) اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل (بے شک) ہٰۤؤُلَآءِ قَوۡمٌ (ہٰۤؤُلَآءِ،قَوۡمٌ) ہٰۤؤُلَآءِ، اسم اشارہ جمع قریب، یہ، قَوۡمٌ، مشارٌ الیہ، قوم، لوگ (یہ لوگ) لَا یُؤۡمِنُوۡنَ، فعل مضارع منفی جمع مذکر غائب اٰمَنَ یُؤۡمِنُ، مصدر اِیۡمَانًا، ایمان لانا (وہ ایمان نہیں لائیں گے)

فَاصۡفَحۡ عَنۡہُمۡ وَ قُلۡ سَلٰمٌ ؕ	پس آپ اُن سے در گزر کریں اور آپ کہہ دیجئے سلام ہے

فَاصۡفَحۡ(فَ،اِصۡفَحۡ)فَ، حرف عطف، پس، اِصۡفَحۡ، فعل امر واحد مذکر حاضر صَفَحَ یَصۡفَحُ، مصدر صَفۡحًا، معاف کرنا، در گزر کرنا، آپ در گزر کریں (پس آپ در گزر کریں)

عَنۡہُمۡ(عَنۡ،ہُمۡ)عَنۡ، حرف جار، سے، ہُمۡ، مجرور، ضمیر جمع مذکر غائب، اُن (اُن سے)

وَ، حرف عطف (اور) قُلۡ، فعل امر واحد مذکر حاضر قَالَ یَقُوۡلُ، مصدر قَوۡلًا، کہنا (آپ کہہ دیجئے)

سَلٰمٌ، مصدر ہے، آفات سے سلامت رہنا (سلامتی، امان، سلام)

فَسَوۡفَ یَعۡلَمُوۡنَ ﴿٪۸۹﴾	پس عنقریب وہ جان لیں گے

ع ۷ ۱۴

فَسَوۡفَ(فَ،سَوۡفَ)فَ، حرف عطف، پس، سَوۡفَ، حرف استقبال، عنقریب (پس عنقریب)

یَعْلَمُوْنَ، فعل مضارع جمع مذکر غائب عَلِمَ یَعْلَمُ، مصدر عِلْمًا، جاننا (وہ جان لیں گے)

اٰیَاتُهَا:۵۹	سُوۡرَةُ الدُّخَانِ مَکِّیَّةٌ	رُکُوۡعَاتُهَا:۳

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ○

اللہ کے نام سے جو نہایت مہربان بہت رحم کرنے والا ہے۔

حٰمٓ ۚ ①	حا، میم،

حٰمٓ، حا، میم، حروف مقطعات ہیں، حقیقی معنی اللہ اور اس کا رسول جانتے ہیں۔

مع ۱۲

وَالۡکِتٰبِ الۡمُبِیۡنِ ۙ ②	روشن کتاب کی قسم

وَ الۡکِتٰبِ الۡمُبِیۡنِ(وَ،اَلۡکِتٰبِ،اَلۡمُبِیۡنِ)وَ، حرف جار وقسمیہ، قسم ہے،اَلۡکِتٰبِ، مجرور، مقسم بہ، موصوف، کتاب،اَلۡمُبِیۡنِ، صفت،اِبَانَةٌ، مصدر سے اسم فاعل واحد مذکر، کھلی، واضح، صریح، روشن، بیان کرنے والی (روشن کتاب کی قسم)

اِنَّاۤ اَنۡزَلۡنٰهُ فِیۡ لَیۡلَةٍ مُّبٰرَکَةٍ اِنَّا کُنَّا مُنۡذِرِیۡنَ ③	بے شک ہم نے اُسے ایک برکت والی رات میں اتارا بلاشبہ ہم ہی ڈرانے والے ہیں

اِنَّاۤ(اِنَّ،نَا)اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل، بے شک،نَا، ضمیر جمع متکلم، ہم (بے شک ہم)

اَنۡزَلۡنٰهُ(اَنۡزَلۡنَا،هٗ)اَنۡزَلۡنَا، فعل ماضی جمع متکلم اَنۡزَلَ یُنۡزِلُ، مصدر اِنۡزَالًا، اتارنا، نازل کرنا، ہم نے اتارا،هٗ، ضمیر واحد مذکر غائب، اُسے (ہم نے اُسے اتارا)

فِیۡ لَیۡلَةٍ مُّبٰرَکَةٍ(فِیۡ،لَیۡلَةٍ،مُّبٰرَکَةٍ)فِیۡ، حرف جار، میں،لَیۡلَةٍ، مجرور، موصوف، ایک رات، مُّبٰرَکَةٍ، صفت،مُبَارَکَةٌ، مصدر سے اسم مفعول واحد مؤنث، برکت والی (ایک برکت والی رات میں)

اِنَّا(اِنَّ،نَا)اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل، بے شک، بلاشبہ،نَا، ضمیر جمع متکلم، ہم (بلاشبہ ہم)

کُنَّا، فعل ناقص ماضی جمع متکلم کَانَ یَکُوۡنُ، مصدر کَوۡنًا، ہونا (ہم ہیں)

مُنۡذِرِیۡنَ،اِنۡذَارٌ، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر (ڈرانے والے) واحد،مُنۡذِرٌ،

اس (رات) میں ہر حکمت والے کام کا فیصلہ کیا جاتا ہے	فِیۡهَا یُفۡرَقُ کُلُّ اَمۡرٍ حَکِیۡمٍ ۙ﴿۴﴾

فِیۡهَا(فِیۡ،هَا)فِیۡ، حرف جار، میں،هَا، مجرور، ضمیر واحد مؤنث غائب،اس، ضمیر کا مرجع،لَیۡلَةٍ مُّبٰرَکَةٍ، ہے(اس (رات) میں)یُفۡرَقُ، فعل مضارع مجہول واحد مذکر غائب فَرَقَ یَفۡرِقُ، مصدر فَرۡقًا،امتیاز کرنا،دو کے درمیان فیصلہ کرنا(اس کا فیصلہ کیا جاتا ہے)

کُلُّ اَمۡرٍ حَکِیۡمٍ (کُلُّ،اَمۡرٍ،حَکِیۡمٍ)کُلُّ، مضاف،ہر،اَمۡرٍ، مضاف الیہ، موصوف،کام کا،معاملہ کا، حَکِیۡمٍ،صفت،حِکۡمَةٌ، مصدر سے صفت مشبہ، حکمت والا(ہر حکمت والے کام کا)

ہماری طرف سے حکم ہوتا ہے	اَمۡرًا مِّنۡ عِنۡدِنَا ؕ

اَمۡرًا، مصدر(حکم، فیصلہ،کام)مِّنۡ عِنۡدِنَا(مِنۡ،عِنۡدِ،نَا)مِنۡ، حرف جار،سے،عِنۡدِ، مجرور، مضاف، اسم ظرف، پاس، طرف،نَا، مضاف الیہ، ضمیر جمع متکلم،ہماری(ہماری طرف سے)

بے شک ہم ہی رسول بھیجنے والے ہیں	اِنَّا کُنَّا مُرۡسِلِیۡنَ ۚ﴿۵﴾

اِنَّا(اِنَّ،نَا)اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل،بے شک،نَا، ضمیر جمع متکلم،ہم(بے شک ہم)

کُنَّا، فعل ناقص ماضی جمع متکلم کَانَ یَکُوۡنُ، مصدر کَوۡنًا،ہونا(ہم ہیں)

مُرۡسِلِیۡنَ،اِرۡسَالًا، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر((رسول) بھیجنے والے)واحد،مُرۡسِلٌ،

آپ کے رب کی طرف سے رحمت ہے	رَحۡمَةً مِّنۡ رَّبِّكَ ؕ

رَحۡمَةً،اسم مصدر(رحمت)مِّنۡ رَّبِّكَ(مِنۡ،رَبِّ،كَ)مِنۡ، حرف جار بمعنی،اِلٰی، کی طرف سے،رَبِّ، مجرور ، مضاف،رب،پروردگار،كَ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر حاضر،آپ کے(آپ کے رب کی طرف سے)

بے شک وہی خوب سننے والا، خوب جاننے والا ہے	اِنَّهٗ هُوَ السَّمِیۡعُ الۡعَلِیۡمُ ۙ﴿۶﴾

اِنَّهٗ(اِنَّ،هٗ)اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل،بے شک،هٗ، ضمیر واحد مذکر غائب،وہ، ضمیر کا مرجع،الله، ہے(بے شک وہ)هُوَ، ضمیر منفصلہ واحد مذکر غائب،تاکید کیلئے(وہی)

اَلسَّمِیۡعُ،اللہ کا صفاتی نام،سَمۡعٌ، مصدر سے صفت مشبہ(خوب سننے والا)

اَلۡعَلِيۡمُ ،اللہ کا صفاتی نام،عِلۡمًا،سے مبالغہ کا صیغہ (خوب جاننے والا)

وقف لازم

رَبِّ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ وَمَا بَيۡنَهُمَا ۘ	(وہ)رب ہے آسمانوں اور زمین کا اور جو(کچھ)اُن دونوں کے درمیان ہے

رَبِّ السَّمٰوٰتِ(رَبِّ،اَلسَّمٰوٰتِ)رَبِّ، مضاف،رب،اَلسَّمٰوٰتِ، مضاف الیہ،آسمانوں کا،واحد،اَلسَّمَآءُ (آسمانوں کا رب) وَ، حرف عطف (اور) اَلۡاَرۡضِ (زمین) کا عطف،اَلسَّمٰوٰتِ، پر ہے،وَ، حرف عطف (اور) مَا، موصولہ (وہ جو) بَيۡنَهُمَا(بَيۡنَ،هُمَا) بَيۡنَ، مضاف، درمیان،هُمَا، مضاف الیہ، ضمیر تثنیہ مؤنث غائب،اُن دونوں کے (اُن دونوں کے درمیان)

اِنۡ كُنۡتُمۡ مُّوۡقِنِيۡنَ ۞	اگر تم یقین رکھنے والے ہو

اِنۡ، شرطیہ جازمہ (اگر) كُنۡتُمۡ، فعل ناقص ماضی جمع مذکر حاضر كَانَ يَكُوۡنُ، مصدر كَوۡنًا، ہونا (تم ہو) مُوۡقِنِيۡنَ ،اِيۡقَانٌ، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر (یقین رکھنے والے) واحد،مُوۡقِنٌ،

لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ يُحۡىٖ وَيُمِيۡتُ ؕ	اس کے سوا کوئی معبود نہیں وہ زندگی دیتا ہے اور وہ موت دیتا ہے

لَا، نافیہ (نہیں) اِلٰهَ (کوئی معبود) جمع،اٰلِهَةٌ،اِلَّا، حرف استثنا (مگر، سوا)

هُوَ، ضمیر منفصلہ واحد مذکر غائب (وہ،اس کے) يُحۡىٖ، فعل مضارع واحد مذکر غائب اَحۡيٰى يُحۡيِىۡ، مصدر اِحۡيَآءٌ،زندہ کرنا،زندگی دینا (وہ زندگی دیتا ہے) وَ، حرف عطف (اور)

يُمِيۡتُ، فعل مضارع واحد مذکر غائب اَمَاتَ يُمِيۡتُ، مصدر اِمَاتَةٌ،مارنا، موت دینا (وہ موت دیتا ہے)

رَبُّكُمۡ وَرَبُّ اٰبَآئِكُمُ الۡاَوَّلِيۡنَ ۞	تمہارا رب ہے اور تمہارے پہلے باپ دادا کا رب ہے

رَبُّكُمۡ (رَبُّ، كُمۡ) رَبُّ، مضاف،رب، كُمۡ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر حاضر، تمہارا (تمہارا رب) وَ، حرف عطف (اور) رَبُّ اٰبَآئِكُمُ (رَبُّ،اٰبَآءِ، كُمۡ) رَبُّ، مضاف،رب،اٰبَآءِ، مضاف الیہ، مضاف، باپ دادا کا، كُمۡ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر حاضر، تمہارے (تمہارے باپ دادا کا رب)

اَلۡاَوَّلِيۡنَ (اگلے، پہلے) واحد، اَوَّلُ،

بَلۡ هُمۡ فِىۡ شَكٍّ يَّلۡعَبُوۡنَ ۝۹	بلکہ وہ ایک شک میں کھیل رہے ہیں

بَلۡ، حرف اضراب (بلکہ) هُمۡ، ضمیر جمع مذکر غائب (وہ) فِىۡ شَكٍّ (فِىۡ، شَكٍّ) فِىۡ، حرف جار، میں، شَكٍّ، مجرور، مصدر، شک کرنا، بطور اسم بھی مستعمل ہے، شک، جمع، شُكُوۡكٌ (ایک شک میں)
يَلۡعَبُوۡنَ، فعل مضارع جمع مذکر غائب لَعِبَ يَلۡعَبُ، مصدر لَعۡبًا، کھیلنا (وہ کھیل رہے ہیں)

فَارۡتَقِبۡ يَوۡمَ تَاۡتِى السَّمَآءُ بِدُخَانٍ مُّبِيۡنٍ ۝۱۰	پس آپ انتظار کریں جس دن آسمان واضح دھواں لائے گا

فَارۡتَقِبۡ (فَ، اِرۡتَقِبۡ) فَ، حرف عطف، پس، اِرۡتَقِبۡ، فعل امر واحد مذکر حاضر اِرۡتَقَبَ يَرۡتَقِبُ، مصدر اِرۡتِقَابٌ، انتظار کرنا، راہ دیکھنا، آپ انتظار کریں (پس آپ انتظار کریں)
يَوۡمَ، ظرف زمان (جس دن) مراد قیامت کا دن، تَاۡتِىۡ، فعل مضارع واحد مؤنث غائب اَتٰى يَاۡتِىۡ، مصدر اِتۡيَانٌ، آنا، لانا (وہ لائے گا) اَلسَّمَآءُ، فاعل (آسمان)
بِدُخَانٍ مُّبِيۡنٍ (بِ، دُخَانٍ، مُبِيۡنٍ) بِ، حرف جار، ترجمہ کی ضرورت نہیں، دُخَانٍ، مجرور، موصوف، دھواں، مُبِيۡنٍ، صفت، اِبَانَةٌ، مصدر سے اسم فاعل واحد مذکر، صریح، واضح، ظاہر، کھلا ہوا (واضح دھواں)

يَّغۡشَى النَّاسَ ؕ	وہ لوگوں کو ڈھانپ لے گا

يَغۡشٰى، فعل مضارع واحد مذکر غائب غَشِىَ يَغۡشٰى، مصدر غِشَاوَةٌ۔ وَّغَشۡىٌ، ڈھانپ لینا، چھا جانا (وہ ڈھانپ لے گا) اَلنَّاسَ (لوگوں)

هٰذَا عَذَابٌ اَلِيۡمٌ ۝۱۱	یہ دردناک عذاب ہے

هٰذَا، اسم اشارہ واحد مذکر قریب (یہ) عَذَابٌ اَلِيۡمٌ، عَذَابٌ، موصوف، عذاب، اَلِيۡمٌ، صفت، اَلَمٌ، مصدر سے بمعنی فاعل صفت مشبہ، دکھ دینے والا، دردناک (دردناک عذاب)

رَبَّنَا اكۡشِفۡ عَنَّا الۡعَذَابَ اِنَّا	اے ہمارے رب! تو ہم سے عذاب دور کر دے

مُؤۡمِنُوۡنَ ۝۱۲	بے شک ہم ایمان لانے والے ہیں

رَبَّنَا، اصل میں،یَا رَبَّنَا، تھا(یَا،رَبَّ،نَا)یَا، حرف ندا، محذوف ہے،اے، رَبَّنَا، منادٰی،رَبِّ، مضاف، رب،نَا، مضاف الیہ، ضمیر جمع متکلم، ہمارے (اے ہمارے رب)اِکۡشِفۡ، فعل امر واحد مذکر حاضر کَشَفَ یَکۡشِفُ، مصدر کَشۡفًا، دور کرنا(تو دور کر دے)عَنَّا(عَنۡ،نَا)عَنۡ، حرف جار، سے،نَا، مجرور، ضمیر جمع متکلم، ہم (ہم سے)اَلۡعَذَابَ (عذاب)اِنَّا(اِنَّ،نَا)اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل، بے شک،نَا، ضمیر جمع متکلم، ہم (بے شک ہم)مُؤۡمِنُوۡنَ،اِیۡمَانًا، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر (ایمان لانے والے) واحد،مُؤۡمِنٌ،

اَنّٰی لَهُمُ الذِّکۡرٰی وَ قَدۡ جَآءَهُمۡ رَسُوۡلٌ مُّبِیۡنٌ ۝۱۳	اُن کیلئے نصیحت کہاں حالانکہ یقیناً اُن کے پاس کھول کر بیان کرنے والا رسول آ چکا

اَنّٰی،اسم ظرف مکان بمعنی،اَیۡنَ، (کہاں)لَهُمۡ (لَ،هُمۡ)لَ، حرف جار، کیلئے،هُمۡ، مجرور، ضمیر جمع مذکر غائب،اُن (اُن کیلئے)اَلذِّکۡرٰی، مصدر (نصیحت کرنا، نصیحت،ذکر کرنا) کثرت ذکر کیلئے بولا جاتا ہے، وَ، حالیہ (حالانکہ)قَدۡ، حرف تحقیق (یقیناً)جَآءَهُمۡ (جَآءَ،هُمۡ)جَآءَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب جَآءَ یَجِیۡٓءُ، مصدر مَجِیۡٓءٌ، آنا، وہ آ چکا،هُمۡ، ضمیر جمع مذکر غائب،اُن کے (وہ اُن کے پاس آ چکا) رَسُوۡلٌ مُّبِیۡنٌ(رَسُوۡلٌ،مُبِیۡنٌ)رَسُوۡلٌ، موصوف، رسول،مُبِیۡنٌ، صفت،اِبَانَةٌ، مصدر سے اسم فاعل واحد مذکر، کھول کر بیان کرنے والا،ظاہر کرنے والا (کھول کر بیان کرنے والا رسول)

ثُمَّ تَوَلَّوۡا عَنۡهُ وَ قَالُوۡا مُعَلَّمٌ مَّجۡنُوۡنٌ ۝۱۴	پھر اُنھوں نے اس سے منہ پھیر لیا اور اُنھوں نے کہا سکھایا ہوا دیوانہ ہے

وقف لازم

ثُمَّ، حرف عطف (پھر)تَوَلَّوۡا، فعل ماضی جمع مذکر غائب تَوَلّٰی یَتَوَلّٰی، مصدر تَوَلِّیٌ، منہ پھیرنا، لوٹ کر جانا(اُنہوں نے منہ پھیر لیا)عَنۡهُ(عَنۡ،هُ)عَنۡ، حرف جار، سے،هُ، مجرور، ضمیر واحد مذکر غائب،اس (اس سے)وَ، حرف عطف (اور)قَالُوۡا، فعل ماضی جمع مذکر غائب قَالَ یَقُوۡلُ، مصدر قَوۡلًا، کہنا(اُنہوں نے کہا)مُعَلَّمٌ مَّجۡنُوۡنٌ(مُعَلَّمٌ،مَجۡنُوۡنٌ)مُعَلَّمٌ، موصوف،تَعۡلِیۡمٌ، مصدر سے اسم مفعول واحد

مذکر، سکھایا ہوا، تعلیم دیا ہوا، مَجۡنُوۡنٌ، صفت، جُنُوۡنٌ، مصدر سے اسم مفعول واحد مذکر، دیوانہ، جمع، مُجَانِيۡنَ (سکھایا ہوا دیوانہ)

اِنَّا كَاشِفُوا الۡعَذَابِ قَلِيۡلًا اِنَّكُمۡ عَآئِدُوۡنَ ؕ۱۵	بے شک ہم عذاب کو بہت تھوڑا دور کرنے والے ہیں یقیناً تم (وہی کفر) دوبارہ کرنے والے ہو

وقف لازم

اِنَّا (اِنَّ، نَا) اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل، بے شک، نَا، ضمیر جمع متکلم، ہم (بے شک ہم)

كَاشِفُوا الۡعَذَابِ (كَاشِفُوۡا، اَلۡعَذَابِ) كَاشِفُوۡا، مضاف، كَشۡفًا، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر، دور کرنے والے، واحد، كَاشِفٌ، اَلۡعَذَابِ، مضاف الیہ، عذاب (عذاب دور کرنے والے)

قَلِيۡلًا، قِلَّةٌ، مصدر سے صفت مشبہ (بہت تھوڑا) اِنَّكُمۡ (اِنَّ، كُمۡ) اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل، بے شک، یقیناً، كُمۡ، ضمیر جمع مذکر حاضر، تم (یقیناً تم) عَآئِدُوۡنَ، عَوۡدٌ، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر (لوٹ کر آنے والے، دوبارہ کرنے والے، دہرانے والے) واحد، عَآئِدٌ،

يَوۡمَ نَبۡطِشُ الۡبَطۡشَةَ الۡكُبۡرٰى ۚ	جس دن ہم بڑی پکڑ پکڑیں گے

يَوۡمَ، ظرف زمان (جس دن) نَبۡطِشُ، فعل مضارع جمع متکلم بَطَشَ يَبۡطِشُ، مصدر بَطۡشًا، پکڑنا (ہم پکڑیں گے) الۡبَطۡشَةَ الۡكُبۡرٰى (اَلۡبَطۡشَةَ، اَلۡكُبۡرٰى) اَلۡبَطۡشَةَ، موصوف، مصدر، سختی اور قوت کے ساتھ پکڑنا، پکڑ، گرفت، اَلۡكُبۡرٰى، صفت، كِبَرٌ، مصدر سے اسم تفضیل، بڑی (بڑی پکڑ)

اِنَّا مُنۡتَقِمُوۡنَ ۱۶	بے شک ہم انتقام لینے والے ہیں

اِنَّا (اِنَّ، نَا) اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل، بے شک، نَا، ضمیر جمع متکلم، ہم (بے شک ہم)

مُنۡتَقِمُوۡنَ، اِنۡتِقَامٌ، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر (انتقام لینے والے، بدلہ لینے والے) واحد، مُنۡتَقِمٌ،

وَ لَقَدۡ فَتَنَّا قَبۡلَهُمۡ قَوۡمَ فِرۡعَوۡنَ وَ جَآءَهُمۡ رَسُوۡلٌ كَرِيۡمٌ ۙ۱۷	اور بلاشبہ یقیناً ہم نے اُن سے پہلے فرعون کی قوم کو آزمایا اور اُن کے پاس عزت والا رسول آیا

وَ، حرف عطف (اور) لَقَدۡ (لَ، قَدۡ) لَ، لام تاکید، بلاشبہ، قَدۡ، حرف تحقیق، یقیناً (بلاشبہ یقیناً)

فَتَنَّا، فعل ماضی جمع متکلم فَتَنَ یَفۡتِنُ، مصدر فَتۡنًا، فُتُوۡنًا، آزمانا، آزمائش میں ڈالنا (ہم نے آزمایا)
قَبۡلَهُمۡ (قَبۡلَ، هُمۡ) قَبۡلَ، مضاف، پہلے، هُمۡ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، اُن (اُن سے پہلے)
قَوۡمَ فِرۡعَوۡنَ (قَوۡمَ، فِرۡعَوۡنَ) قَوۡمَ، مضاف، قوم، لوگوں، فِرۡعَوۡنَ، مضاف الیہ، فرعون کی (فرعون کی قوم) وَ، حرف عطف (اور) جَآءَهُمۡ (جَآءَ، هُمۡ) جَآءَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب جَآءَ یَجِیۡٓءُ، مصدر مَجِیۡٓءٌ، آنا، وہ آیا، هُمۡ، ضمیر جمع مذکر غائب، اُن کے (وہ اُن کے پاس آیا)
رَسُوۡلٌ کَرِیۡمٌ (رَسُوۡلٌ، کَرِیۡمٌ) رَسُوۡلٌ، موصوف، ایک رسول، کَرِیۡمٌ، صفت، کَرَمٌ، مصدر سے صفت مشبہ، عزت والا، بزرگ، کریم (عزت والا رسول)

اَنۡ اَدُّوۡۤا اِلَیَّ عِبَادَ اللّٰہِ ؕ	یہ کہ تم اللہ کے بندوں کو میرے حوالے کر دو

اَنۡ، مفسرہ (یہ کہ) اَدُّوۡۤا، فعل امر جمع مذکر حاضر اَدّٰی یُؤَدِّیۡ، مصدر تَاۡدِیَۃٌ، ادا کرنا، حوالے کرنا (تم حوالے کر دو) اِلَیَّ (اِلٰی، یۡ) اِلٰی، حرف جار، طرف، ضرورتاً ترجمہ، کے، کیا جاتا ہے، یۡ، مجرور، ضمیر واحد متکلم، مجھ (مجھ کے، میرے)
عِبَادَ اللّٰہِ (عِبَادَ، اَللّٰہِ) عِبَادَ، مضاف، بندوں، واحد، عَبۡدٌ، اَللّٰہِ، مضاف الیہ، اللہ کے (اللہ کے بندوں)

اِنِّیۡ لَکُمۡ رَسُوۡلٌ اَمِیۡنٌ ﴿ۙ۱۸﴾	بے شک میں تمہارے لئے امانتدار رسول ہوں

اِنِّیۡ (اِنِّ، یۡ) اِنِّ، اصل میں، اِنَّ، ہے، یۡ، کی وجہ سے نون کو زیر دی گئی ہے، حرف مشبہ بالفعل، بے شک، یۡ، ضمیر واحد متکلم، میں (بے شک میں) لَکُمۡ (لَ، کُمۡ) لَ، حرف جار، لئے، کُمۡ، مجرور، ضمیر جمع مذکر حاضر، تمہارے (تمہارے لئے) رَسُوۡلٌ اَمِیۡنٌ (رَسُوۡلٌ، اَمِیۡنٌ) رَسُوۡلٌ، موصوف، ایک رسول، اَمِیۡنٌ، صفت، اَمَانَۃٌ، مصدر سے اسم فاعل اور اسم مفعول دونوں ہو سکتے ہیں، امانتدار (امانتدار رسول)

وَّ اَنۡ لَّا تَعۡلُوۡا عَلَی اللّٰہِ ۚ	اور یہ کہ تم اللہ کے مقابلے میں سرکشی نہ کرو

وَ، حرف عطف (اور) اَنۡ، مفسرہ (یہ کہ)
لَا تَعۡلُوۡا، فعل نہی جمع مذکر حاضر عَلَا یَعۡلُوۡ، مصدر عُلُوًّا، بڑا بننا، سرکشی کرنا (تم سرکشی نہ کرو)

عَلَى اللّٰهِ (عَلٰی، اَللّٰهِ) عَلٰی، حرف جار، کے مقابلے میں، اَللّٰهِ، مجرور، اللہ (اللہ کے مقابلے میں)

اِنِّیۡۤ اٰتِیۡکُمۡ بِسُلۡطٰنٍ مُّبِیۡنٍ ﴿۱۹﴾	بے شک میں تمہارے پاس واضح دلیل لانے والا ہوں

اِنِّیۡۤ (اِنِّ، یۡ) اِنِّ، اصل میں، اِنَّ، ہے، یۡ، کی وجہ سے نون کو زیر دی گئی ہے، حرف مشبہ بالفعل، بے شک، یۡ، ضمیر واحد متکلم، میں (بے شک میں) اٰتِیۡکُمۡ (اٰتِیۡ، کُمۡ) اٰتِیۡ، اِتۡیَانٌ، مصدر سے اسم فاعل واحد مذکر، لانے والا، کُمۡ، ضمیر جمع مذکر حاضر، تمہارے (تمہارے پاس لانے والا)

بِسُلۡطٰنٍ مُّبِیۡنٍ (بِ، سُلۡطٰنٍ، مُبِیۡنٍ) بِ، حرف جار، ترجمہ کی ضرورت نہیں، سُلۡطٰنٍ، مجرور، موصوف، دلیل، سند، مُبِیۡنٍ، صفت، اِبَانَةٌ، مصدر سے اسم فاعل واحد مذکر، واضح، صریح (واضح دلیل)

وَ اِنِّیۡ عُذۡتُ بِرَبِّیۡ وَ رَبِّکُمۡ اَنۡ تَرۡجُمُوۡنِ ﴿۲۰﴾	اور بے شک میں نے اپنے رب اور تمہارے رب کی پناہ لے لی ہے (اس سے) کہ تم مجھے سنگسار کرو

وَ، حرف عطف (اور) اِنِّیۡ (اِنِّ، یۡ) اِنِّ، اصل میں، اِنَّ، ہے، یۡ، کی وجہ سے نون کو زیر دی گئی ہے، حرف مشبہ بالفعل، بے شک، یۡ، ضمیر واحد متکلم، میں (بے شک میں) عُذۡتُ، اصل میں، عَوَذۡتُ، تھا واؤ متحرک ما قبل واؤ کو الف سے بدلا گیا، الف اجتماع ساکنین کی وجہ سے گر گیا پھر واؤ کی رعایت سے عین کو ضمہ دیا گیا، فعل ماضی واحد متکلم عَاذَ یَعُوۡذُ، مصدر عَوۡذًا، پناہ مانگنا، پناہ لینا (میں نے پناہ لے لی ہے)

بِرَبِّیۡ (بِ، رَبِّ، یۡ) بِ، حرف جار، کی، رَبِّ، مجرور، مضاف، رب، پروردگار، یۡ، مضاف الیہ، ضمیر واحد متکلم، اپنے (اپنے رب کی) وَ، حرف عطف (اور)

رَبِّکُمۡ (رَبِّ، کُمۡ) رَبِّ، مضاف، رب، کُمۡ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر حاضر، تمہارے (تمہارے رب)

اَنۡ، مصدریہ ناصبہ (کہ) تَرۡجُمُوۡنِ (تَرۡجُمُوۡا، نِ، یۡ) تَرۡجُمُوۡا، فعل مضارع جمع مذکر حاضر رَجَمَ یَرۡجُمُ، مصدر رَجۡمًا، پتھر مارنا، سنگسار کرنا، رجم کرنا، تم سنگسار کرو، نِ، نون وقایہ، یۡ، ضمیر واحد متکلم، محذوف ہے، مجھے (تم مجھے سنگسار کرو)

وَ اِنۡ لَّمۡ تُؤۡمِنُوۡا لِیۡ فَاعۡتَزِلُوۡنِ ﴿۲۱﴾	اور اگر تم مجھ پر ایمان نہیں لاتے تو مجھ سے الگ رہو

وَ، حرف عطف (اور) اِنۡ، شرطیہ جازمہ (اگر) لَمۡ تُؤۡمِنُوۡا، فعل مضارع مجزوم منفی جحد بلم جمع مذکر حاضر اٰمَنَ یُؤۡمِنُ، مصدر اِیۡمَانًا، ایمان لانا (تم ایمان نہیں لاتے) لِیۡ (لِ، یۡ) لِ، حرف جار، پر، یۡ، مجرور، ضمیر واحد متکلم، مجھ (مجھ پر) فَاعۡتَزِلُوۡنِ (فَ، اِعۡتَزِلُوۡا، نِ، یۡ) فَ، حرف عطف، تو،

اِعۡتَزِلُوۡا، فعل امر جمع مذکر حاضر اِعۡتَزَلَ یَعۡتَزِلُ، مصدر اِعۡتِزَالٌ، الگ رہنا، چھوڑ دینا، تم الگ رہو، نِ، نون وقایہ، یۡ، ضمیر واحد متکلم، محذوف ہے، مجھ (تو تم مجھ سے الگ رہو)

فَدَعَا رَبَّهٗۤ اَنَّ هٰۤؤُلَآءِ قَوۡمٌ مُّجۡرِمُوۡنَ ﴿۲۲﴾	پھر اُس نے اپنے رب سے دعا کی کہ بے شک یہ مجرم لوگ ہیں

فَدَعَا (فَ، دَعَا) فَ، حرف عطف، پھر، دَعَا، فعل ماضی واحد مذکر غائب دَعَا یَدۡعُوۡ، مصدر دُعَآءٌ، دَعۡوَةٌ، پکارنا، بلانا، اس نے دعا کی، ضمیر کا مرجع، حضرت موسیٰ، ہے (پھر اُس نے دعا کی)

رَبَّهٗۤ (رَبَّ، هٗ) رَبَّ، مضاف، رب، هٗ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر غائب، اپنے (اپنے رب)

اَنَّ، حرف مشبہ بالفعل (بے شک) هٰۤؤُلَآءِ، اسم اشارہ جمع قریب (یہ)

قَوۡمٌ مُّجۡرِمُوۡنَ (قَوۡمٌ، مُجۡرِمُوۡنَ) قَوۡمٌ، موصوف، قوم، لوگ، مُجۡرِمُوۡنَ، صفت، اِجۡرَامٌ، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر، جرم کرنے والے، مجرم، واحد، مُجۡرِمٌ (مجرم لوگ)

فَاَسۡرِ بِعِبَادِیۡ لَیۡلًا اِنَّکُمۡ مُّتَّبَعُوۡنَ ﴿۲۳﴾	پس میرے بندوں کو راتوں رات لے کر چلے جاؤ بے شک تم تعاقب کئے جانے والے ہو

فَاَسۡرِ (فَ، اَسۡرِ) فَ، حرف عطف، پس، اَسۡرِ، فعل امر واحد مذکر حاضر اَسۡرٰی یُسۡرِیۡ، مصدر اِسۡرَآءٌ، رات کو لے کر چلنا، رات کو لے کر چلے جاؤ (پس رات کو لے کر چلے جاؤ)

بِعِبَادِیۡ (بِ، عِبَادِ، یۡ) بِ، حرف جار، کو، عِبَادِ، مجرور، مضاف، بندوں، واحد، عَبۡدٌ، یۡ، مضاف الیہ، ضمیر واحد متکلم، میرے (میرے بندوں کو) لَیۡلًا (رات)

اِنَّکُمۡ (اِنَّ، کُمۡ) اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل، بے شک، کُمۡ، ضمیر جمع مذکر حاضر، تم (بے شک تم)

مُّتَّبَعُوۡنَ،اِتِّبَاعٌ، مصدر سے اسم مفعول جمع مذکر (پیچھا کئے جانے والے، تعاقب کئے جانے والے)

وَاتۡرُكِ الۡبَحۡرَ رَهۡوًا ؕ	اور سمندر کو ساکن حالت میں چھوڑ دیں

وَ، حرف عطف (اور) اُتۡرُكِ،اصل،اُتۡرُكۡ،ہے وصل کی وجہ سے کاف کو زیر دی گئی ہے، فعل امر واحد مذکر حاضر تَرَكَ يَتۡرُكُ، مصدر تَرۡكًا، چھوڑ دینا (چھوڑ دیں)

اَلۡبَحۡرَ (سمندر) رَهۡوًا، مصدر ہے (دریا کا تھمنا، ساکن حالت، خشک راستہ، تھما ہوا)

اِنَّهُمۡ جُنۡدٌ مُّغۡرَقُوۡنَ ۝۲۴	یقیناً وہ (فرعونی) لشکر غرق کئے جانے والے ہیں

اِنَّهُمۡ (اِنَّ، هُمۡ) اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل، بے شک، یقیناً، هُمۡ، ضمیر جمع مذکر غائب، وہ (یقیناً وہ)

جُنۡدٌ (لشکر) جمع، جُنُوۡدٌ،

مُغۡرَقُوۡنَ،اِغۡرَاقٌ، مصدر سے اسم مفعول جمع مذکر (غرق کئے جانے والے) واحد، مُغۡرَقٌ،

كَمۡ تَرَكُوۡا مِنۡ جَنّٰتٍ وَّ عُيُوۡنٍ ۝۲۵	وہ کتنے ہی باغات اور چشمے چھوڑ گئے

كَمۡ، استفہامیہ، تعداد اور مقدار کیلئے (کتنے ہی) تَرَكُوۡا، فعل ماضی جمع مذکر غائب تَرَكَ يَتۡرُكُ، مصدر تَرۡكًا، چھوڑ جانا (وہ چھوڑ گئے) مِنۡ جَنّٰتٍ (مِنۡ، جَنّٰتٍ) مِنۡ، حرف جار، ترجمہ کی ضرورت نہیں، جَنّٰتٍ، مجرور (باغات) واحد، جَنَّةٌ، وَّ، حرف عطف (اور) عُيُوۡنٍ (چشمے) واحد، عَيۡنٌ،

وَّ زُرُوۡعٍ وَّ مَقَامٍ كَرِيۡمٍ ۝۲۶	اور کھیتیاں اور شاندار محل

وَ، حرف عطف (اور) زُرُوۡعٍ (کھیتیاں) واحد، زَرۡعٌ، وَ، حرف عطف (اور)

مَقَامٍ كَرِيۡمٍ (مَقَامٍ، كَرِيۡمٍ) مَقَامٍ، موصوف، قِيَامٌ، مصدر سے ظرف مکان، رہنے کی جگہ، ٹھکانہ، محل، كَرِيۡمٍ، صفت، كَرَمٌ، مصدر سے صفت مشبہ، شاندار، باعزت، عمدہ (شاندار محل)

وَّ نَعۡمَةٍ كَانُوۡا فِيۡهَا فٰكِهِيۡنَ ۝۲۷	اور خوشحالی وہ ان میں مزے اُڑانے والے تھے

وَ، حرف عطف (اور) نَعۡمَةٍ، اسم مرۃ (آسودگی، خوشحالی) كَانُوۡا، فعل ناقص ماضی جمع مذکر غائب كَانَ يَكُوۡنُ، مصدر كَوۡنًا، ہونا (وہ تھے) فِيۡهَا (فِيۡ، هَا) فِيۡ، حرف جار، میں، هَا، مجرور، ضمیر واحد مؤنث غائب،

اس، ضمیر کا مرجع، نَعۡمَةٍ ،وَّجَنّٰتٍ وَّعُیُوۡنٍ ہے (ان میں)
فٰكِهِیۡنَ، فَكَاهَةٌ، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر (مزے اُڑانے والے) واحد، فَاكِهَةٌ،

کَذٰلِكَ ۟ وَ اَوۡرَثۡنٰهَا قَوۡمًا اٰخَرِیۡنَ ﴿۲۸﴾	اسی طرح (ہوا) اور ہم نے اُن کا وارث دوسرے لوگوں کو بنا دیا

کَذٰلِكَ (كَ، ذٰلِكَ) كَ، حرف تشبیہ، مانند، جیسا، طرح، ذٰلِكَ، اسم اشارہ واحد مذکر بعید، اس، اسی (اسی طرح) وَ، حرف عطف (اور) اَوۡرَثۡنٰهَا (اَوۡرَثۡنَا، هَا) اَوۡرَثۡنَا، فعل ماضی جمع متکلم اَوۡرَثَ یُوۡرِثُ، مصدر اِیۡرَاثٌ، وارث بنانا، ہم نے وارث بنایا، هَا، ضمیر واحد مؤنث غائب، اس، ضمیر کا مرجع، جَنّٰتٍ وَّ عُیُوۡنٍ وَّ نَعۡمَةٍ، ہے (ہم نے اُن کا وارث بنا دیا)
قَوۡمًا (قوم، لوگ) اٰخَرِیۡنَ، قَوۡمًا، کی صفت، دوسرے (دوسرے لوگوں)

فَمَا بَكَتۡ عَلَیۡهِمُ السَّمَآءُ وَ الۡاَرۡضُ وَ مَا كَانُوۡا مُنۡظَرِیۡنَ ﴿۲۹﴾	پھر نہ اُن پر آسمان اور زمین روئے اور نہ وہ مہلت پانے والے ہوئے

ع ۲۹/۱۴

فَمَا (فَ، مَا) فَ، حرف عطف، پھر، مَا، نافیہ، نہ (پھر نہ) بَكَتۡ، فعل ماضی واحد مؤنث غائب بَكٰی یَبۡكِیۡ، مصدر بُكَآءً، رونا (وہ روئے) عَلَیۡهِمُ (عَلٰی، هِمۡ) عَلٰی، حرف جار، پر، هِمۡ، مجرور، ضمیر جمع مذکر غائب، ان (ان پر) اَلسَّمَآءُ (آسمان) جمع، اَلسَّمٰوٰتِ، وَ، حرف عطف (اور) اَلۡاَرۡضُ (زمین)
وَ، حرف عطف (اور) مَا، نافیہ (نہ) كَانُوۡا، فعل ناقص ماضی جمع مذکر غائب كَانَ یَكُوۡنُ، مصدر كَوۡنًا، ہونا (وہ ہوئے) مُنۡظَرِیۡنَ، اِنۡظَارٌ، مصدر سے اسم مفعول جمع مذکر (مہلت پانے والے) واحد، مُنۡظَرٌ،

وَ لَقَدۡ نَجَّیۡنَا بَنِیۡۤ اِسۡرَآءِیۡلَ مِنَ الۡعَذَابِ الۡمُهِیۡنِ ﴿۳۰﴾	اور بلا شبہ یقیناً ہم نے بنی اسرائیل کو ذلیل کرنے والے عذاب سے نجات دی

وَ، حرف عطف (اور) لَقَدۡ (لَ، قَدۡ) لَ، لام تاکید، بلا شبہ، قَدۡ، حرف تحقیق، یقیناً (بلا شبہ یقیناً)
نَجَّیۡنَا، فعل ماضی جمع متکلم نَجّٰی یُنَجِّیۡ، مصدر تَنۡجِیَةٌ، نجات دینا (ہم نے نجات دی)

بَنِیۡۤ اِسۡرَآءِیۡلَ (بَنِیۡ، اِسۡرَآءِیۡلَ) بَنِیۡ، مضاف، اصل میں، بَنِیۡنَ، ہے، اضافت کی وجہ سے نون جمع گر گیاہے، بیٹوں، اِسۡرَآءِیۡلَ، مضاف الیہ، اسرائیل کے، حضرت یعقوب کا لقب (اسرائیل کے بیٹوں، بنی اسرائیل) مِنَ الۡعَذَابِ الۡمُهِیۡنِ (مِنَ، اَلۡعَذَابِ، اَلۡمُهِیۡنِ) مِنَ، حرف جار، سے، اَلۡعَذَابِ، مجرور، موصوف، عذاب، اَلۡمُهِیۡنِ، صفت، اِهَانَةٌ، مصدر سے اسم فاعل واحد مذکر، ذلیل کرنے والا (ذلیل کرنے والے عذاب سے)

مِنۡ فِرۡعَوۡنَ ؕ	فرعون سے

مِنۡ فِرۡعَوۡنَ (مِنۡ، فِرۡعَوۡنَ) مِنۡ، حرف جار، سے، فِرۡعَوۡنَ، مجرور، فرعون (فرعون سے)

اِنَّهٗ كَانَ عَالِیًا مِّنَ الۡمُسۡرِفِیۡنَ ﴿۳۱﴾	بلاشبہ وہ حد سے بڑھنے والوں میں سے ایک سرکش تھا

اِنَّهٗ (اِنَّ، هٗ) اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل، بے شک، بلاشبہ، هٗ، ضمیر واحد مذکر غائب، وہ (بلاشبہ وہ)

كَانَ، فعل ناقص ماضی واحد مذکر غائب كَانَ يَكُوۡنُ، مصدر كَوۡنًا، ہونا (وہ تھا)

عَالِیًا، عُلُوًّا، مصدر سے اسم فاعل واحد مذکر (ایک سرکش ، متکبر)

مِّنَ الۡمُسۡرِفِیۡنَ (مِنۡ، اَلۡمُسۡرِفِیۡنَ) مِنۡ، حرف جار، سے، اَلۡمُسۡرِفِیۡنَ، مجرور، اِسۡرَافٌ، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر، حد سے بڑھنے والے (حد سے بڑھنے والوں میں سے)

وَ لَقَدِ اخۡتَرۡنٰهُمۡ عَلٰی عِلۡمٍ عَلَی الۡعٰلَمِیۡنَ ﴿ۚ۳۲﴾	اور بلاشبہ یقیناً ہم نے ان (بنی اسرائیل) کو علم کی بناپر جہاں والوں پر چن لیا

وَ، حرف عطف (اور) لَقَدِ (لَ، قَدۡ) لَ، لام تاکید، بلاشبہ، قَدۡ، حرف تحقیق، یقیناً (بلاشبہ یقیناً)

اخۡتَرۡنٰهُمۡ (اِخۡتَرۡنَا، هُمۡ) اِخۡتَرۡنَا، فعل ماضی جمع متکلم اِخۡتَارَ يَخۡتَارُ، مصدر اِخۡتِيَارٌ، پسند کرنا، ترجیح دینا، چن لینا، فوقیت دینا، ہم نے چن لیا ، هُمۡ، ضمیر جمع مذکر غائب، ان کو (ہم نے ان کو چن لیا)

عَلٰی عِلۡمٍ (عَلٰی، عِلۡمٍ) عَلٰی، حرف جار بمعنی تعلیل، کی بناپر، عِلۡمٍ، مجرور، اسم مصدر، علم (علم کی بناپر)

عَلَی الۡعٰلَمِیۡنَ (عَلٰی، اَلۡعٰلَمِیۡنَ) عَلٰی، حرف جار، پر، اَلۡعٰلَمِیۡنَ، مجرور، جہان والوں،

اہل عالم (جہاں والوں پر)

وَ اٰتَیۡنٰہُمۡ مِّنَ الۡاٰیٰتِ مَا فِیۡہِ بَلٰٓـؤٌا مُّبِیۡنٌ ﴿۳۳﴾	اور ہم نے انہیں وہ نشانیاں دی جن میں واضح آزمائش تھی

وَ، حرف عطف (اور) اٰتَیۡنٰہُمۡ (اٰتَیۡنَا، ھُمۡ) اٰتَیۡنَا، فعل ماضی جمع متکلم اٰتٰی یُؤۡتِیۡ، مصدر اِیۡتَآءٌ، دینا، ہم نے دیں، ھُمۡ، ضمیر جمع مذکر غائب، انہیں (ہم نے انہیں دیں)

مِّنَ الۡاٰیٰتِ (مِنۡ، اَلۡاٰیٰتِ) مِنۡ، حرف جار، ترجمہ کی ضرورت نہیں، اَلۡاٰیٰتِ، مجرور (نشانیاں) واحد، اٰیَۃٌ، مَا، موصولہ (وہ جن) فِیۡہِ (فِیۡ، ہٖ) فِیۡ، حرف جار، میں، ہٖ، مجرور، ضمیر واحد مذکر غائب، اس، ضمیر کا مرجع، اَلۡاٰیٰتِ، ہے (ان میں) بَلٰٓـؤٌا مُّبِیۡنٌ (بَلٰٓـؤٌا، مُبِیۡنٌ) بَلٰٓـؤٌا، موصوف، اسم مصدر، آزمائش، مُبِیۡنٌ، صفت، اِبَانَۃٌ، مصدر سے اسم فاعل واحد مذکر، واضح، صریح، کھلی (واضح آزمائش)

اِنَّ ھٰۤؤُلَآءِ لَیَقُوۡلُوۡنَ ﴿۳۴﴾	بلاشبہ یہ لوگ یقیناً کہتے ہیں

اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل (بے شک، بلاشبہ) ھٰۤؤُلَآءِ، اسم اشارہ جمع قریب (یہ لوگ)

لَیَقُوۡلُوۡنَ (لَ، یَقُوۡلُوۡنَ) لَ، لام تاکید، ضرور، یقیناً، یَقُوۡلُوۡنَ، فعل مضارع جمع مذکر غائب قَالَ یَقُوۡلُ، مصدر قَوۡلًا، کہنا، وہ کہتے ہیں (یقیناً وہ کہتے ہیں)

اِنۡ ھِیَ اِلَّا مَوۡتَتُنَا الۡاُوۡلٰی وَ مَا نَحۡنُ بِمُنۡشَرِیۡنَ ﴿۳۵﴾	کہ نہیں ہے وہ مگر ہماری پہلی موت (دنیا میں) اور ہم ہرگز دوبارہ اٹھائے جانے والے نہیں ہیں

اِنۡ، نافیہ (نہیں) ھِیَ، ضمیر واحد مؤنث غائب (وہ) ضمیر کا مرجع زندگی بعد الموت، عاقبت ہے، اِلَّا، حرف استثنا (مگر، سوا) مَوۡتَتُنَا (مَوۡتَتُ، نَا) مَوۡتَتُ، اسم مصدر، مضاف، موت، مرنا، نَا، مضاف الیہ، ضمیر جمع متکلم، ہماری (ہماری موت) اَلۡاُوۡلٰی (پہلی، اگلی) اَوَّلٌ، کی مؤنث، وَ، حرف عطف (اور) مَا، نافیہ (نہیں) نَحۡنُ، ضمیر جمع متکلم (ہم) بِمُنۡشَرِیۡنَ (بِ، مُنۡشَرِیۡنَ) بِ، حرف جار برائے تاکید نفی، ہرگز، مُنۡشَرِیۡنَ، مجرور، اِنۡشَارٌ، مصدر سے اسم مفعول جمع مذکر، دوبارہ اٹھائے جانے والے (ہرگز دوبارہ

اٹھائے جانے والے)

فَاۡتُوۡا بِاٰبَآئِنَاۤ اِنۡ كُنۡتُمۡ صٰدِقِيۡنَ ۞	تو تم ہمارے باپ دادا کو لے آؤ اگر تم سچے ہو

فَاۡتُوۡا (فَ، اِئۡتُوۡا) فَ، حرف عطف، تو، اِئۡتُوۡا، فعل امر جمع مذکر حاضر اَتٰى يَاۡتِىۡ، مصدر اِتۡيَانٌ، آنا، صلہ میں، بَاء، سے ترجمہ، تم لے آؤ (تو تم لے آؤ) بِاٰبَآئِنَاۤ (بِ، اٰبَآءِ، نَا) بِ، حرف جار، کو، اٰبَآءِ، مجرور، مضاف، باپ دادا، نَا، مضاف الیہ، ضمیر جمع متکلم، ہمارے (ہمارے باپ دادا کو) اِنۡ، شرطیہ جازمہ (اگر) كُنۡتُمۡ، فعل ناقص ماضی جمع مذکر حاضر كَانَ يَكُوۡنُ، مصدر كَوۡنًا، ہونا، اِنۡ، شرطیہ کی وجہ سے ترجمہ (تم ہو) صٰدِقِيۡنَ، صِدۡقٌ، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر (سچ بولنے والے، سچے) واحد، صَادِقٌ،

اَهُمۡ خَيۡرٌ اَمۡ قَوۡمُ تُبَّعٍ ۙ وَّ الَّذِيۡنَ مِنۡ قَبۡلِهِمۡ ؕ	کیا یہ لوگ بہتر ہیں یا تبع کی قوم اور وہ لوگ جو اُن سے پہلے تھے

اَهُمۡ (اَ، هُمۡ) اَ، ہمزہ استفہامیہ، کیا، هُمۡ، ضمیر جمع مذکر غائب، وہ، یہ لوگ (کیا یہ لوگ) خَيۡرٌ (بہتر) اَمۡ، حرف عطف (یا) قَوۡمُ تُبَّعٍ (قَوۡمُ، تُبَّعٍ) قَوۡمُ، مضاف، قوم، لوگ، تُبَّعٍ، مضاف الیہ، یمن کے بادشاہوں کا لقب، تبع کی (تبع کی قوم) وَ، حرف عطف (اور) اَلَّذِيۡنَ، اسم موصول جمع مذکر (وہ لوگ جو) مِنۡ قَبۡلِهِمۡ (مِنۡ، قَبۡلِ، هِمۡ) مِنۡ، حرف جار، سے، قَبۡلِ، مجرور، مضاف، پہلے، هِمۡ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، اُن (اُن سے پہلے)

اَهۡلَكۡنٰهُمۡ ۡ اِنَّهُمۡ كَانُوۡا مُجۡرِمِيۡنَ ۞	ہم نے انہیں ہلاک کر دیا بے شک وہ مجرم تھے

اَهۡلَكۡنٰهُمۡ (اَهۡلَكۡنَا، هُمۡ) اَهۡلَكۡنَا، فعل ماضی جمع متکلم اَهۡلَكَ يُهۡلِكُ، مصدر اِهۡلَاكٌ، ہلاک کرنا، ہم نے ہلاک کر دیا، هُمۡ، ضمیر جمع مذکر غائب، انہیں (ہم نے انہیں ہلاک کر دیا)

اِنَّهُمۡ (اِنَّ، هُمۡ) اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل، بے شک، هُمۡ، ضمیر جمع مذکر غائب، وہ (بے شک وہ)

كَانُوۡا، فعل ناقص ماضی جمع مذکر غائب كَانَ يَكُوۡنُ، مصدر كَوۡنًا، ہونا (وہ تھے)

مُجۡرِمِيۡنَ، اِجۡرَامٌ، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر (جرم کرنے والے) واحد، مُجۡرِمٌ، مجرم،

اور ہم نے آسمانوں اور زمین کو اور وہ جو اُن دونوں کے درمیان ہے کھیلتے ہوئے نہیں بنایا	وَ مَا خَلَقۡنَا السَّمٰوٰتِ وَ الۡاَرۡضَ وَ مَا بَیۡنَهُمَا لٰعِبِیۡنَ ﴿۳۸﴾

وَ، حرف عطف (اور) مَا، نافیہ (نہیں) خَلَقۡنَا، فعل ماضی جمع متکلم خَلَقَ یَخۡلُقُ، مصدر خَلۡقًا، پیدا کرنا، بنانا (ہم نے بنایا) اَلسَّمٰوٰتِ (آسمانوں) واحد، اَلسَّمَآءُ، وَ، حرف عطف (اور) اَلۡاَرۡضَ (زمین)

وَ، حرف عطف (اور) مَا، موصولہ (وہ جو) بَیۡنَهُمَا (بَیۡنَ، هُمَا) بَیۡنَ، مضاف، درمیان، هُمَا، مضاف الیہ، ضمیر تثنیہ مؤنث غائب، اُن دونوں کے (اُن دونوں کے درمیان)

لٰعِبِیۡنَ، لَعۡبٌ، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر (کھیلنے والے، کھیلتے ہوئے) واحد، لَاعِبٌ،

اور ہم نے اُن دونوں کو نہیں پیدا کیا مگر حق کے ساتھ اور لیکن اُن کے اکثر نہیں جانتے	مَا خَلَقۡنٰهُمَاۤ اِلَّا بِالۡحَقِّ وَ لٰکِنَّ اَکۡثَرَهُمۡ لَا یَعۡلَمُوۡنَ ﴿۳۹﴾

مَا، نافیہ (نہیں) خَلَقۡنٰهُمَاۤ (خَلَقۡنَا، هُمَا) خَلَقۡنَا، فعل ماضی جمع متکلم خَلَقَ یَخۡلُقُ، مصدر خَلۡقًا، پیدا کرنا، بنانا، ہم نے پیدا کیا، هُمَا، ضمیر تثنیہ مؤنث غائب، اُن دونوں، ضمیر کا مرجع، اَلسَّمٰوٰتِ وَ الۡاَرۡضَ، ہے (ہم نے اُن دونوں کو پیدا کیا) اِلَّا، حرف استثنا (مگر، سوا)

بِالۡحَقِّ (بِ، اَلۡحَقِّ) بِ، حرف جار، کے ساتھ، اَلۡحَقِّ، مجرور، حق، سچ (حق کے ساتھ)

وَ، حرف عطف (اور) لٰکِنَّ، حرف مشبہ بالفعل (لیکن)

اَکۡثَرَهُمۡ (اَکۡثَرَ، هُمۡ) اَکۡثَرَ، مضاف، کَثۡرَةٌ، مصدر سے افعل التفضیل کا صیغہ، اکثر، بکثرت، زیادہ، هُمۡ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، اُن کے (اُن کے اکثر)

لَا یَعۡلَمُوۡنَ، فعل مضارع منفی جمع مذکر غائب عَلِمَ یَعۡلَمُ، مصدر عِلۡمًا، جاننا (وہ نہیں جانتے)

بلاشبہ فیصلے کا دن اُن سب کا مقرر وقت ہے	اِنَّ یَوۡمَ الۡفَصۡلِ مِیۡقَاتُهُمۡ اَجۡمَعِیۡنَ ﴿۴۰﴾

اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل (بے شک، بلاشبہ) یَوۡمَ الۡفَصۡلِ (یَوۡمَ، اَلۡفَصۡلِ) یَوۡمَ، مضاف، ظرف زمان، دن، اَلۡفَصۡلِ، مضاف الیہ، اسم مصدر، فیصلے کا (فیصلے کا دن)

مِيۡقَاتُهُمۡ (مِيۡقَاتُ، هُمۡ)مِيۡقَاتُ، مضاف، ظرف زمان، مقرر وقت، هُمۡ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، اُن کا(اُن کا مقرر وقت) اَجۡمَعِيۡنَ، هُمۡ، کی تاکید کیلئے (سب)

آیت	ترجمہ
يَوۡمَ لَا يُغۡنِىۡ مَوۡلًى عَنۡ مَّوۡلًى شَيۡـًٔـا وَّلَا هُمۡ يُنۡصَرُوۡنَ ۙ﴿۴۱﴾	جس دن کوئی دوست کسی دوست کے کچھ بھی کام نہیں آئے گا اور نہ اُن کی مدد کی جائے گی

يَوۡمَ، ظرف زمان (جس دن) مراد، قیامت کا دن، لَا يُغۡنِىۡ، فعل مضارع منفی واحد مذکر غائب اَغۡنٰى يُغۡنِىۡ، مصدر اِغۡنَآءٌ، کام آنا (وہ کام نہیں آئے گا) مَوۡلًى، اسم مفرد (کوئی دوست) جمع، مَوَالِىۡ، عَنۡ مَّوۡلًى (عَنۡ، مَوۡلًى) عَنۡ، حرف جار، سے، ضرورتاً ترجمہ، کے، کیا جاتا ہے، مَوۡلًى، مجرور، دوست (کسی دوست کے) شَيۡـًٔـا (کچھ بھی) وَ، حرف عطف (اور) لَا، نافیہ (نہ) هُمۡ، ضمیر جمع مذکر غائب (اُن کی) يُنۡصَرُوۡنَ، فعل مضارع مجہول جمع مذکر غائب نَصَرَ يَنۡصُرُ، مصدر نَصۡرًا، مدد کرنا (اُن کی مدد کی جائے گی)

آیت	ترجمہ
اِلَّا مَنۡ رَّحِمَ اللّٰهُ ؕ	مگر جس پر اللہ نے رحم کیا

اِلَّا، حرف استثنا (مگر) مَنۡ، اسم موصول (جس) رَحِمَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب رَحِمَ يَرۡحَمُ، مصدر رَحۡمًا، رَحۡمَةٌ، رحم کرنا (اس نے رحم کیا) اَللّٰهُ، فاعل، خالق کائنات کا ذاتی نام (اللہ)

آیت	ترجمہ
اِنَّهٗ هُوَ الۡعَزِيۡزُ الرَّحِيۡمُ ﴿۴۲﴾	بے شک وہی بڑا غالب، بہت رحم کرنے والا ہے

اِنَّهٗ (اِنَّ، هٗ) اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل، بے شک، هٗ، ضمیر واحد مذکر غائب، وہ، ضمیر کا مرجع، اَللّٰهُ، ہے (بے شک وہ) هُوَ، ضمیر منفصلہ واحد مذکر غائب، تاکید کیلئے (وہی)

اَلۡعَزِيۡزُ، اللہ کا صفاتی نام، عِزَّةٌ، مصدر سے مبالغہ کا صیغہ (بڑا غالب)

اَلرَّحِيۡمُ، اللہ کا صفاتی نام، رَحۡمَةٌ، مصدر سے مبالغہ کا صیغہ (بہت رحم کرنے والا)

آیت	ترجمہ
اِنَّ شَجَرَتَ الزَّقُّوۡمِ ۙ﴿۴۳﴾	بے شک تھوہر کا درخت

اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل (بے شک) شَجَرَتَ الزَّقُّوۡمِ (شَجَرَتَ، اَلزَّقُّوۡمِ) شَجَرَتَ، مضاف، شجر،

درخت، اَلزَّقُّوۡمِ، مضاف الیہ، تھوہر، زقوم، جہنم کا ایک کانٹوں والا درخت جو دوزخیوں کی غذا ہو گا (تھوہر کا درخت)

معانقة۱۲

طَعَامُ الۡاَثِيۡمِ ۞	بڑے گنہگار کا کھانا ہو گا

طَعَامُ الۡاَثِيۡمِ (طَعَامُ، اَلۡاَثِيۡمِ)طَعَامُ، مضاف، کھانا، اَلۡاَثِيۡمِ، مضاف الیہ، اِثۡمٌ، مصدر سے صفت مشبہ، بڑا گنہگار (بڑے گنہگار کا کھانا)

كَالۡمُهۡلِ ۚ يَغۡلِىۡ فِى الۡبُطُوۡنِ ۞	پگھلے ہوئے تانبے کی طرح وہ پیٹوں میں کھولے گا

كَالۡمُهۡلِ (كَ، اَلۡمُهۡلِ) كَ، حرف جار و حرف تشبیہ، مانند، جیسا، طرح، اَلۡمُهۡلِ، مجرور، تلچھٹ، وہ چیز جو مائع کی تہ میں بیٹھ جائے، پگھلی ہوئی دھات، پگھلا ہوا تانبا (پگھلے ہوئے تانبے کی طرح)

يَغۡلِىۡ، فعل مضارع واحد مذکر غائب غَلَى يَغۡلِىۡ، مصدر غَلۡىٌ، ابلنا، کھولنا (وہ کھولے گا)

فِى الۡبُطُوۡنِ (فِىۡ، اَلۡبُطُوۡنِ) فِىۡ، حرف جار، میں، اَلۡبُطُوۡنِ، مجرور، پیٹوں، واحد، بَطۡنٌ (پیٹوں میں)

كَغَلۡىِ الۡحَمِيۡمِ ۞	گرم پانی کے کھولنے کی طرح

كَغَلۡىِ (كَ، غَلۡىِ) كَ، حرف جار و حرف تشبیہ، مانند، طرح، جیسے، غَلۡىِ، مجرور، مصدر، کھولنا (کھولنے کی طرح) اَلۡحَمِيۡمِ (گرم پانی)

خُذُوۡهُ فَاعۡتِلُوۡهُ اِلٰى سَوَآءِ الۡجَحِيۡمِ ۞	تم اسے پکڑو پھر تم اسے بھڑکتی آگ کے درمیان تک دھکیل کر لے جاؤ

خُذُوۡهُ (خُذُوۡا، هُ) خُذُوۡا، فعل امر جمع مذکر حاضر اَخَذَ يَاۡخُذُ، مصدر اَخۡذًا، پکڑنا، تم پکڑو، هُ، ضمیر واحد مذکر غائب، اسے (تم اسے پکڑو) جہنم کے فرشتوں سے کہا جائے گا،

فَاعۡتِلُوۡهُ (فَ، اِعۡتِلُوۡا، هُ) فَ، حرف عطف، پھر، اِعۡتِلُوۡا، فعل امر جمع مذکر حاضر عَتَلَ يَعۡتِلُ، مصدر عَتۡلًا، گھسیٹنا، دھکیل کر لے جانا، تم دھکیل کر لے جاؤ، هُ، ضمیر واحد مذکر غائب، اسے (پھر تم اسے دھکیل کر لے جاؤ) اِلٰى سَوَآءِ الۡجَحِيۡمِ (اِلٰى، سَوَآءِ، اَلۡجَحِيۡمِ) اِلٰى، حرف جار، تک، سَوَآءِ، مجرور، مضاف، اسم

مصدر، استوا، دونوں طرف سے برابر، درمیان، وسط،
اَلۡجَحِيۡمِ، مضاف الیہ، جَحَمٌ، سے مشتق، دوزخ، بھڑکتی آگ (بھڑکتی آگ کے درمیان تک)

ثُمَّ صُبُّوۡا فَوۡقَ رَاۡسِهٖ مِنۡ عَذَابِ الۡحَمِيۡمِ ؕ﴿۴۸﴾	پھر تم اُس کے سر کے اوپر گرم پانی کا عذاب انڈیلو

ثُمَّ، حرف عطف (پھر) صُبُّوۡا، فعل امر جمع مذکر حاضر صَبَّ يَصُبُّ، مصدر صَبًّا، انڈیلنا، بہانا (تم انڈیلو) فَوۡقَ (اوپر) رَاۡسِهٖ (رَاۡسِ، ہٖ) رَاۡسِ، مضاف، سر، ہٖ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر غائب، اُس کے (اُس کے سر) مِنۡ عَذَابِ الۡحَمِيۡمِ (مِنۡ، عَذَابِ، اَلۡحَمِيۡمِ) مِنۡ، حرف جار، ترجمہ کی ضرورت نہیں، عَذَابِ، مجرور، مضاف، عذاب، اَلۡحَمِيۡمِ، مضاف الیہ، کھولتے پانی کا، گرم پانی کا (گرم پانی کا عذاب)

ذُقۡ ۚ اِنَّكَ اَنۡتَ الۡعَزِيۡزُ الۡكَرِيۡمُ ﴿۴۹﴾	تو چکھ لے بے شک تو بڑی عزت والا، بڑے اکرام والا تھا

ذُقۡ، فعل امر واحد مذکر حاضر ذَاقَ يَذُوۡقُ، مصدر ذَوۡقًا، چکھنا (تو چکھ لے) طنز کے طور پر،
اِنَّكَ (اِنَّ، كَ) اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل، بے شک، كَ، ضمیر واحد مذکر حاضر، تو (بے شک تو)
اَنۡتَ، ضمیر واحد مذکر حاضر (تو) تاکید کیلئے، اَلۡعَزِيۡزُ، عِزَّةٌ، مصدر سے مبالغہ کا صیغہ (بڑی عزت والا)
اَلۡكَرِيۡمُ، كَرَمٌ، مصدر سے صفت مشبہ (بڑے اکرام والا) طنز کے طور پر کہا جائے گا۔

اِنَّ هٰذَا مَا كُنۡتُمۡ بِهٖ تَمۡتَرُوۡنَ ﴿۵۰﴾	بے شک یہ وہی ہے جس میں تم شک کیا کرتے تھے

اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل (بے شک) هٰذَا، اسم اشارہ واحد مذکر قریب (یہ) مَا، موصولہ (وہی جس)
كُنۡتُمۡ، فعل ناقص ماضی جمع مذکر حاضر كَانَ يَكُوۡنُ، مصدر كَوۡنًا، ہونا (تم تھے)
بِهٖ (بِ، ہٖ) بِ، حرف جار بمعنی، فِيۡ، میں، ہٖ، مجرور، ضمیر واحد مذکر غائب، اس (اس میں)
تَمۡتَرُوۡنَ، فعل مضارع جمع مذکر حاضر اِمۡتَرٰى يَمۡتَرِيۡ، مصدر اِمۡتِرَآءٌ، شک کرنا (تم شک کیا کرتے)

اِنَّ الۡمُتَّقِيۡنَ فِيۡ مَقَامٍ اَمِيۡنٍ ۙ﴿۵۱﴾	بے شک متقی لوگ امن والی جگہ میں ہوں گے

اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل (بے شک، یقینًا) اَلۡمُتَّقِيۡنَ، اِتِّقَآءٌ، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر (ڈرنے والے،

متقی لوگ، پرہیزگاروں) واحد، اَلْمُتَّقِیْ، فِیْ مَقَامٍ اَمِیْنٍ(فِیْ، مَقَامٍ، اَمِیْنٍ)فِیْ، حرف جار، میں، مَقَامٍ، مجرور، موصوف، قِیَامٌ، مصدر سے ظرف مکان، رہنے کی جگہ، ٹھکانہ، اَمِیْنٍ، صفت، اَمْنٌ، مصدر سے اسم فاعل اور اسم مفعول دونوں ہو سکتے ہیں، امن والی (امن والی جگہ میں)

فِیۡ جَنّٰتٍ وَّ عُیُوۡنٍ ﴿۵۲﴾	باغات اور چشموں میں

فِیْ جَنّٰتٍ(فِیْ، جَنّٰتٍ)فِیْ، حرف جار، میں، جَنّٰتٍ، مجرور، باغات، واحد، جَنَّۃٌ (باغات میں)

وَ، حرف عطف (اور) عُیُوْنٍ (چشموں) واحد، عَیْنٌ،

یَّلۡبَسُوۡنَ مِنۡ سُنۡدُسٍ وَّ اِسۡتَبۡرَقٍ مُّتَقٰبِلِیۡنَ ﴿۵۳﴾	وہ باریک ریشم اور موٹے ریشم کا لباس پہنیں گے آمنے سامنے بیٹھنے والے ہوں گے

یَلْبَسُوْنَ، فعل مضارع جمع مذکر غائب لَبِسَ یَلْبِسُ، مصدر لَبْسًا، پہننا (وہ پہنیں گے)

مِنْ سُنْدُسٍ(مِنْ، سُنْدُسٍ)مِنْ، حرف جار، سے، ضرورتاً ترجمہ، کا، کیا جاتا ہے،

سُنْدُسٍ، مجرور، باریک ریشم (باریک ریشم کا) وَ، حرف عطف (اور)

اِسْتَبْرَقٍ (زریں، موٹا ریشم) مُتَقٰبِلِیْنَ، تَقَابُلٌ، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر (آمنے سامنے بیٹھنے والے)

کَذٰلِکَ ۟ وَ زَوَّجۡنٰہُمۡ بِحُوۡرٍ عِیۡنٍ ﴿۵۴﴾	اسی طرح ہوگا اور ہم اُن کی شادی بڑی بڑی آنکھوں والی حوروں سے کر دیں گے

کَذٰلِکَ(کَ، ذٰلِکَ)کَ، حرف تشبیہ، مانند، جیسا، طرح، ذٰلِکَ، اسم اشارہ واحد مذکر بعید، اس، اسی (اسی طرح) وَ، حرف عطف (اور) زَوَّجْنٰھُمْ (زَوَّجْنَا، ھُمْ) زَوَّجْنَا، فعل ماضی جمع متکلم زَوَّجَ یُزَوِّجُ، مصدر تَزْوِیْجٌ، جوڑ دینا، شادی کرانا، ترجمہ بحوالہ قیامت، ہم شادی کر دیں گے، ھُمْ، ضمیر جمع مذکر غائب، اُن کی (ہم اُن کی شادی کر دیں گے) بِحُوْرٍ عِیْنٍ(بِ، حُوْرٍ، عِیْنٍ)بِ، حرف جار، سے، حُوْرٍ، مجرور، موصوف، حوروں، نہایت گوری عورتیں، واحد، حَوْرَآءُ، عِیْنٍ، صفت، بڑی بڑی خوبصورت آنکھوں والیاں، فراخ چشم، واحد، عَیْنَاءُ (بڑی بڑی خوبصورت آنکھوں والی حوروں سے)

یَدۡعُوۡنَ فِیۡہَا بِکُلِّ فَاکِہَۃٍ اٰمِنِیۡنَ ﴿۵۵﴾	وہ اُن میں ہر قسم کے پھل بے خوف ہو کر طلب کرتے ہوں گے

یَدۡعُوۡنَ، فعل مضارع جمع مذکر غائب دَعَا یَدۡعُوۡ، مصدر دُعَآءٌ وَّ دَعۡوَۃٌ، دعا کرنا، بلانا، طلب کرنا (وہ طلب کرتے ہوں گے) فِیۡہَا (فِیۡ، ھَا) فِیۡ، حرف جار، میں، ھَا، مجرور، ضمیر واحد مؤنث غائب، اس، ضمیر کا مرجع، جَنّٰتٍ، ہے (ان میں) بِکُلِّ فَاکِہَۃٍ (بِ، کُلِّ، فَاکِہَۃٍ) بِ، حرف جار، کے، کُلِّ، مجرور، مضاف، ہر قسم، فَاکِہَۃٍ، مضاف الیہ، پھل، میوے (ہر قسم کے پھل)

اٰمِنِیۡنَ، اَمۡنٌ، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر (امن والے، مطمئن، بے خوف) واحد، اٰمِنٌ،

لَا یَذُوۡقُوۡنَ فِیۡہَا الۡمَوۡتَ اِلَّا الۡمَوۡتَۃَ الۡاُوۡلٰی ۚ	وہ اس میں موت کا مزہ نہیں چکھیں گے سوائے پہلی موت کے (جو دنیا میں آچکی)

لَا یَذُوۡقُوۡنَ، فعل مضارع منفی جمع مذکر غائب ذَاقَ یَذُوۡقُ، مصدر ذَوۡقًا، مزہ چکھنا (وہ مزہ نہیں چکھیں گے) فِیۡہَا (فِیۡ، ھَا) فِیۡ، حرف جار، میں، ھَا، مجرور، ضمیر واحد مؤنث غائب، اس (اس میں)

الۡمَوۡتَ، اسم مصدر (موت، مرگ) اِلَّا، حرف استثنا (مگر، سوائے)

الۡمَوۡتَۃَ الۡاُوۡلٰی (اَلۡمَوۡتَۃَ، اَلۡاُوۡلٰی) اَلۡمَوۡتَۃَ، موصوف، اسم بمعنی، موت، اَلۡاُوۡلٰی، صفت، پہلی، اگلی، اَوَّلٌ، کی مؤنث (پہلی موت کے)

وَ وَقٰہُمۡ عَذَابَ الۡجَحِیۡمِ ﴿۵۶﴾	اور وہ انہیں جہنم کے عذاب سے بچالے گا

وَ، حرف عطف (اور) وَقٰہُمۡ (وَقٰی، ھُمۡ) وَقٰی، فعل ماضی واحد مذکر غائب وَقٰی یَقِیۡ، مصدر وِقَایَۃٌ، بچانا، ترجمہ بحوالہ قیامت، وہ بچالے گا، ھُمۡ، ضمیر جمع مذکر غائب، انہیں (وہ انہیں بچالے گا)

عَذَابَ الۡجَحِیۡمِ (عَذَابَ، اَلۡجَحِیۡمِ) عَذَابَ، مضاف، عذاب، اَلۡجَحِیۡمِ، مضاف الیہ، جہنم کے (جہنم کے عذاب)

فَضۡلًا مِّنۡ رَّبِّکَ ؕ	آپ کے رب کی طرف سے فضل ہو گا

فَضْلًا،اسم مصدر (فضل) مِّنْ رَّبِّكَ (مِنْ،رَبِّ،كَ) مِنْ، حرف جار بمعنی،اِلٰی، کی طرف سے،رَبِّ، مجرور ،مضاف،رب،كَ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر حاضر،آپ کے (آپ کے رب کی طرف سے)

ذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ۝	یہی وہ بہت بڑی کامیابی ہے

ذٰلِكَ،اسم اشارہ واحد مذکر بعید (یہ، یہی) هُوَ، ضمیر منفصلہ واحد مذکر غائب (وہ)

اَلْفَوْزُ الْعَظِيْمُ (اَلْفَوْزُ،اَلْعَظِيْمُ) اَلْفَوْزُ، موصوف،اسم فعل و مصدر، کامیابی، کامیاب ہونا،

اَلْعَظِيْمُ، صفت، عَظْمَةٌ، مصدر سے صفت مشبہ، بہت بڑی (بہت بڑی کامیابی)

فَاِنَّمَا يَسَّرْنٰهُ بِلِسَانِكَ لَعَلَّهُمْ يَتَذَكَّرُوْنَ ۝	تو یقیناً ہم نے اس (قرآن) کو آپ کی زبان (عربی) میں آسان کر دیا تاکہ وہ نصیحت حاصل کریں

فَاِنَّمَا (فَ،اِنَّمَا) فَ، حرف عطف، تو،اِنَّمَا،اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل،مَا،کافہ حصر کیلئے، یقیناً بے شک، سوائے اس کے نہیں، تحقیق (تو یقیناً)

يَسَّرْنٰهُ (يَسَّرْنَا،هُ) يَسَّرْنَا، فعل ماضی جمع متکلم يَسَّرَ يُيَسِّرُ، مصدر تَيْسِيْرًا،آسان کرنا،ہم نے آسان کر دیا،هُ، ضمیر واحد مذکر غائب،اس کو، ضمیر کا مرجع،قُرْاٰن، ہے (ہم نے اس کو آسان کر دیا)

بِلِسَانِكَ (بِ،لِسَانِ،كَ) بِ، حرف جار بمعنی،فِيْ، میں،لِسَانِ، مجرور، مضاف، زبان،كَ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر حاضر،آپ کی (آپ کی زبان میں) لَعَلَّهُمْ (لَعَلَّ،هُمْ) لَعَلَّ، حرف مشبہ بالفعل، تاکہ،هُمْ، ضمیر واحد مذکر غائب،وہ (تاکہ وہ) يَتَذَكَّرُوْنَ، فعل مضارع جمع مذکر غائب تَذَكَّرَ يَتَذَكَّرُ، مصدر تَذَكُّرٌ، نصیحت حاصل کرنا (وہ نصیحت حاصل کریں)

فَارْتَقِبْ اِنَّهُمْ مُّرْتَقِبُوْنَ ۝	پس آپ انتظار کریں بے شک وہ بھی انتظار کرنے والے ہیں

فَارْتَقِبْ (فَ،اِرْتَقِبْ) فَ، حرف عطف، پس،اِرْتَقِبْ، فعل امر واحد مذکر حاضر اِرْتَقَبَ يَرْتَقِبُ، مصدر اِرْتِقَابٌ، انتظار کرنا، راہ دیکھنا، آپ انتظار کریں (پس آپ انتظار کریں)

اِنَّهُمْ (اِنَّ،هُمْ) اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل، بے شک،هُمْ، ضمیر جمع مذکر غائب،وہ (بے شک وہ)

ع ۳ ۱۲ ۷

مُّرۡتَقِبُوۡنَ،اِرۡتِقَابٌ، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر (انتظار کرنے والے) واحد،مُرۡتَقِبٌ،

اٰیَاتُھَا:۳۷	سُوۡرَۃُ الۡجَاثِیَۃِ مَکِّیَّۃٌ	رُکُوۡعَاتُھَا:۴

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ○

اللہ کے نام سے جو نہایت مہربان بہت رحم کرنے والا ہے۔

حٰمٓ ۚ﴿۱﴾	حا، میم، حروف مقطعات ہیں

حٰمٓ، حا، میم، حروف مقطعات ہیں، حقیقی ترجمہ اللہ اور اس کا رسول جانتے ہیں۔

تَنۡزِیۡلُ الۡکِتٰبِ مِنَ اللّٰہِ الۡعَزِیۡزِ الۡحَکِیۡمِ ﴿۲﴾	(اس) کتاب کا اللہ کی طرف سے اتارا جانا ہے جو بڑا غالب، بڑی حکمت والا ہے

تَنۡزِیۡلُ الۡکِتٰبِ(تَنۡزِیۡلُ، اَلۡکِتٰبِ)تَنۡزِیۡلُ، مضاف، مصدر، اتارا جانا، اَلۡکِتٰبِ، مضاف الیہ، کتاب کا (کتاب کا اتارا جانا) مِنَ اللّٰہِ(مِنۡ، اَللّٰہِ)مِنۡ، حرف جار بمعنی اِلٰی، کی طرف سے، اَللّٰہِ، مجرور، اللہ (اللہ کی طرف سے) اَلۡعَزِیۡزِ، اللہ کا صفاتی نام، عِزَّۃٌ، مصدر سے مبالغہ کا صیغہ (بہت زبردست، بڑا غالب) اَلۡحَکِیۡمِ، اللہ کا صفاتی نام، حِکۡمَۃٌ، مصدر سے صفت مشبہ (بڑی حکمت والا)

اِنَّ فِی السَّمٰوٰتِ وَ الۡاَرۡضِ لَاٰیٰتٍ لِّلۡمُؤۡمِنِیۡنَ ؕ﴿۳﴾	بلاشبہ آسمانوں اور زمین میں ایمان والوں کیلئے یقیناً نشانیاں ہیں

اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل (بے شک، بلاشبہ) فِی السَّمٰوٰتِ(فِیۡ، اَلسَّمٰوٰتِ)فِیۡ، حرف جار، میں، اَلسَّمٰوٰتِ، مجرور، آسمانوں، واحد، اَلسَّمَآءُ (آسمانوں میں) وَ، حرف عطف (اور) اَلۡاَرۡضِ (زمین) لَاٰیٰتٍ(لَ، اٰیٰتٍ)لَ، لام تاکید، یقیناً، اٰیٰتٍ، نشانیاں، واحد، اٰیَۃٌ (یقیناً نشانیاں) لِّلۡمُؤۡمِنِیۡنَ(لِ، اَلۡمُؤۡمِنِیۡنَ)لِ، حرف جار، کیلئے، اَلۡمُؤۡمِنِیۡنَ، مجرور، اِیۡمَانًا، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر، ایمان رکھنے والے، ایمان والے، مومنوں، واحد، اَلۡمُؤۡمِنُ (ایمان والوں کیلئے)

وَ فِیۡ خَلۡقِکُمۡ وَ مَا یَبُثُّ مِنۡ دَآبَّۃٍ	تمہاری پیدائش میں اور جانوروں میں جنہیں وہ پھیلاتا

اٰيٰتٌ لِّقَوۡمٍ يُّوۡقِنُوۡنَ ۙ﴿۴﴾	ہے اُن لوگوں کیلئے نشانیاں ہیں جو یقین رکھتے ہیں

وَ، حرف عطف (اور) فِيۡ خَلۡقِكُمۡ (فِيۡ، خَلۡقِ، كُمۡ) فِيۡ، حرف جار، میں، خَلۡقِ، مجرور، مضاف، مصدر، پیدا کرنا، پیدائش، كُمۡ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر حاضر، تمہاری (تمہاری پیدائش میں)

وَ، حرف عطف (اور) مَا، موصولہ (جنہیں) يَبُثُّ، فعل مضارع واحد مذکر غائب بَثَّ يَبُثُّ، مصدر بَثًّا، پھیلانا (وہ پھیلاتا ہے) مِنۡ دَآبَّةٍ (مِنۡ، دَآبَّةٍ) مِنۡ، حرف جار بمعنی، فِيۡ، میں، دَآبَّةٍ، مجرور، جانور، چلنے والا، پاؤں دھرنے والا، جمع، دَوَآبٌّ (جانوروں میں) اٰيٰتٌ (نشانیاں) واحد، اٰيَةٌ،

لِّقَوۡمٍ (لِ، قَوۡمٍ) لِ، حرف جار، کیلئے، قَوۡمٍ، مجرور، قوم، لوگوں (لوگوں کیلئے)

يُوۡقِنُوۡنَ، فعل مضارع جمع مذکر غائب اَيۡقَنَ يُوۡقِنُ، مصدر اِيۡقَانٌ، یقین رکھنا (وہ یقین رکھتے ہیں)

وَ اخۡتِلَافِ الَّيۡلِ وَ النَّهَارِ وَ مَاۤ اَنۡزَلَ اللّٰهُ مِنَ السَّمَآءِ مِنۡ رِّزۡقٍ فَاَحۡيَا بِهِ الۡاَرۡضَ بَعۡدَ مَوۡتِهَا وَ تَصۡرِيۡفِ الرِّيٰحِ اٰيٰتٌ لِّقَوۡمٍ يَّعۡقِلُوۡنَ ﴿۵﴾	اور رات اور دن کے آگے پیچھے آنے جانے میں اور اس رزق (پانی) سے جو اللہ نے آسمان سے اُتارا پھر اس نے اس کے ذریعے زمین کو اُس کے مُردہ ہونے کے بعد زندہ کر دیا اور ہواؤں کے رخ پھیرنے میں اُن لوگوں کیلئے نشانیاں ہیں جو عقل رکھتے ہیں

وَ، حرف عطف (اور) اِخۡتِلَافِ، مصدر (اختلاف کرنا، آگے پیچھے آنا جانا، فرق، تبدیلی، جھگڑا)

اَلَّيۡلِ (رات) وَ، حرف عطف (اور) اَلنَّهَارِ (دن) وَ، حرف عطف (اور) مَا، موصولہ (اس میں جو)

اَنۡزَلَ اللّٰهُ (اَنۡزَلَ، اَللّٰهُ) اَنۡزَلَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب اَنۡزَلَ يُنۡزِلُ، مصدر اِنۡزَالًا، اتارنا، اس نے اتارا، اَللّٰهُ، فاعل، اللہ (اللہ نے اتارا) مِنَ السَّمَآءِ (مِنۡ، اَلسَّمَآءِ) مِنۡ، حرف جار، سے، اَلسَّمَآءِ، مجرور، آسمان (آسمان سے) مِنۡ رِّزۡقٍ (مِنۡ، رِزۡقٍ) مِنۡ، حرف جار، سے، رِزۡقٍ، مجرور، رزق (اس رزق سے)

فَاَحۡيَا (فَ، اَحۡيَا) فَ، حرف عطف، پھر، اَحۡيَا، فعل ماضی واحد مذکر غائب اَحۡيٰى يُحۡيِيۡ، مصدر اِحۡيَآءٌ، زندہ کرنا، اُس نے زندہ کر دیا (پھر اُس نے زندہ کر دیا) بِهِ (بِ، ہٖ) بِ، حرف جار، کے ذریعے،

ہٖ، مجرور، ضمیر واحد مذکر غائب، اُس (اُس کے ذریعے) اَلۡاَرۡضَ (زمین)

بَعۡدَ مَوۡتِهَا (بَعۡدَ، مَوۡتِ، هَا) بَعۡدَ، مضاف، بعد، مَوۡتِ، مضاف الیہ، مضاف، مُردہ ہونے کے، موت، مراد بنجر ہونے کے ہیں، هَا، مضاف الیہ، ضمیر واحد مؤنث غائب، اُس کے (اُس کے مُردہ ہونے کے بعد)

وَ، حرف عطف (اور) تَصۡرِیۡفِ الرِّیٰحِ (تَصۡرِیۡفِ، اَلرِّیٰحِ) تَصۡرِیۡفِ، مضاف، مصدر، رُخ پھیرنے، اَلرِّیٰحِ، مضاف الیہ، ہواؤں کے، واحد، رِیۡحٌ (ہواؤں کے رخ پھیرنے میں) اٰیٰتٌ (نشانیاں) واحد، اٰیَةٌ،

لِّقَوۡمٍ (لِ، قَوۡمٍ) لِ، حرف جار، کیلئے، قَوۡمٍ، مجرور، قوم، لوگوں (لوگوں کیلئے)

یَعۡقِلُوۡنَ، فعل مضارع جمع مذکر غائب عَقَلَ یَعۡقِلُ، مصدر عَقۡلًا، عقل رکھنا، سمجھنا (وہ عقل رکھتے ہیں)

تِلۡكَ اٰیٰتُ اللّٰهِ نَتۡلُوۡهَا عَلَیۡكَ بِالۡحَقِّ ۚ	یہ اللہ کی آیات ہیں ہم انہیں آپ پر حق کے ساتھ پڑھتے ہیں

تِلۡكَ، اسم اشارہ واحد مؤنث بعید (یہ) اٰیٰتُ اللّٰهِ (اٰیٰتُ، اَللّٰهِ) اٰیٰتُ، مضاف، آیات، واحد، اٰیَةٌ، اَللّٰهِ، مضاف الیہ، اللہ کی (اللہ کی آیات) نَتۡلُوۡهَا (نَتۡلُوۡا، هَا) نَتۡلُوۡا، فعل مضارع جمع متکلم تَلَا یَتۡلُوۡا، مصدر تِلَاوَةٌ، تلاوت کرنا، پڑھنا، ہم پڑھتے ہیں، هَا، ضمیر واحد مؤنث غائب، اس، ضمیر کا مرجع، اٰیٰتُ، ہے (ہم انہیں پڑھتے ہیں) عَلَیۡكَ (عَلٰی، كَ) عَلٰی، حرف جار، پر، كَ، مجرور، ضمیر واحد مذکر حاضر، آپ (آپ پر)

بِالۡحَقِّ (بِ، اَلۡحَقِّ) بِ، حرف جار، کے ساتھ، اَلۡحَقِّ، مجرور، حق (حق کے ساتھ)

فَبِاَیِّ حَدِیۡثٍۭ بَعۡدَ اللّٰهِ وَ اٰیٰتِهٖ یُؤۡمِنُوۡنَ ۝	پھر اللہ اور اس کی آیات کے بعد وہ کس بات پر ایمان لائیں گے

فَبِاَیِّ (فَ، بِ، اَیِّ) فَ، حرف عطف، پھر، بِ، حرف جار بمعنی، عَلٰی، پر، اَیِّ، مجرور، استفہامیہ، کس، کون سی (پھر کس پر) حَدِیۡثٍ (بات) جمع، اَحَادِیۡثٌ، بَعۡدَ اللّٰهِ (بَعۡدَ، اَللّٰهِ) بَعۡدَ، مضاف، ظرف، بعد، اَللّٰهِ، مضاف الیہ، اللہ کے (اللہ کے بعد) وَ، حرف عطف (اور) اٰیٰتِهٖ (اٰیٰتِ، ہٖ) اٰیٰتِ، مضاف، آیات، واحد، اٰیَةٌ، ہٖ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر غائب، اس کی، ضمیر کا مرجع، اَللّٰهِ، ہے (اس کی آیات)

يُؤۡمِنُوۡنَ، فعل مضارع جمع مذکر غائب اٰمَنَ يُؤۡمِنُ، مصدر اِيۡمَانًا، ایمان لانا (وہ ایمان لائیں گے)

وَيۡلٌ لِّكُلِّ اَفَّاكٍ اَثِيۡمٍ ۙ﴿۷﴾	ہر سخت جھوٹے، گنہگار کیلئے ہلاکت ہے

وَيۡلٌ، مصدر (خرابی، بربادی، ہلاکت) لِّكُلِّ اَفَّاكٍ اَثِيۡمٍ (لِ، كُلِّ، اَفَّاكٍ، اَثِيۡمٍ) لِ، حرف جار، کیلئے، كُلِّ، مجرور، مضاف، ہر، اَفَّاكٍ، مضاف الیہ، اِفۡكٌ، مصدر سے مبالغہ کا صیغہ، سخت جھوٹا، بہتان تراشنے والا، اَثِيۡمٍ، اِثۡمٌ، مصدر سے صفت مشبہ، گنہگار (ہر سخت جھوٹے گنہگار کیلئے)

يَّسۡمَعُ اٰيٰتِ اللّٰهِ تُتۡلٰى عَلَيۡهِ ثُمَّ يُصِرُّ مُسۡتَكۡبِرًا كَاَنۡ لَّمۡ يَسۡمَعۡهَا ۚ	وہ اللہ کی آیات کو سنتا ہے جو اُس پر پڑھی جاتی ہیں پھر وہ تکبر کرتے ہوئے (کفر پر) اصرار کرتا ہے گویا کہ اُس نے اُنہیں نہیں سنا

يَسۡمَعُ، فعل مضارع واحد مذکر غائب سَمِعَ يَسۡمَعُ، مصدر سَمۡعًا، سننا (وہ سنتا ہے)

اٰيٰتِ اللّٰهِ (اٰيٰتِ، اَللّٰهِ) اٰيٰتِ، مضاف، آیات، واحد، اٰيَةٌ، اَللّٰهِ، مضاف الیہ، اللہ کی (اللہ کی آیات)

تُتۡلٰى، فعل مضارع مجہول واحد مؤنث غائب تَلَا يَتۡلُوۡا، مصدر تِلَاوَةٌ، تلاوت کرنا، پڑھنا (وہ پڑھی جاتی ہیں) عَلَيۡهِ (عَلٰى، هِ) عَلٰى، حرف جار، پر، هِ، مجرور، ضمیر واحد مذکر غائب، اُس (اُس پر)

ثُمَّ، حرف عطف (پھر) يُصِرُّ، فعل مضارع واحد مذکر غائب اَصَرَّ يُصِرُّ، مصدر اِصۡرَارٌ، اصرار کرنا، اڑے رہنا (وہ اصرار کرتا ہے) مُسۡتَكۡبِرًا، اِسۡتِكۡبَارٌ، مصدر سے اسم فاعل واحد مذکر (تکبر کرنے والا، تکبر کرتے ہوئے) كَاَنۡ، اصل میں، كَاَنَّ، تھا، حرف مشبہ بالفعل (گویا کہ)

لَّمۡ يَسۡمَعۡهَا (لَمۡ يَسۡمَعۡ، هَا) لَمۡ يَسۡمَعۡ، فعل مضارع منفی مجزوم جحد بلم واحد مذکر غائب سَمِعَ يَسۡمَعُ، مصدر سَمۡعًا، سننا، اس نے نہیں سنا، هَا، ضمیر واحد مؤنث غائب، اُس، ضمیر کا مرجع، اٰيٰتِ، ہے (اُس نے اُنہیں نہیں سنا)

فَبَشِّرۡهُ بِعَذَابٍ اَلِيۡمٍ ﴿۸﴾	تو آپ اسے دردناک عذاب کی بشارت دے دیں

فَبَشِّرۡهُ (فَ، بَشِّرۡ، هُ) فَ، حرف عطف، تو، بَشِّرۡ، فعل امر واحد مذکر حاضر بَشَّرَ يُبَشِّرُ، مصدر تَبۡشِيۡرٌ،

خوشخبری دینا، بشارت دینا، آپ بشارت دے دیں، ہُ، ضمیر واحد مذکر غائب، اسے (تو آپ اسے بشارت دے دیں) **بِعَذَابٍ اَلِیۡمٍ** (بِ، عَذَابٍ، اَلِیۡمٍ) بِ، حرف جار، کی، عَذَابٍ، مجرور، موصوف، عذاب، سزا، **اَلِیۡمٍ**، صفت، اَلَمٌ، مصدر سے بمعنی فاعل صفت مشبہ، دکھ دینے والا، دردناک (دردناک عذاب کی)

وَ اِذَا عَلِمَ مِنۡ اٰیٰتِنَا شَیۡـًٔا اتَّخَذَهَا هُزُوًا ؕ	اور جب وہ ہماری آیات میں سے کوئی چیز معلوم کر لیتا ہے (تو) وہ اُسے مذاق بنالیتا ہے

وَ، حرف عطف (اور) **اِذَا**، ظرف زمان مستقبل متضمن بمعنی شرط (جب) **عَلِمَ**، فعل ماضی واحد مذکر غائب **عَلِمَ یَعۡلَمُ**، مصدر **عِلۡمًا**، جاننا، معلوم کرنا، **اِذَا**، کی وجہ سے ترجمہ (وہ معلوم کر لیتا ہے)

